کالجوں، یونیورسٹیوں اور مدارس عربیہ
کے طلباء کیلئے یکساں مفید
مکمل عربی متن، اردو ترجمہ، حل تمارین
النحو الواضح
فی قواعد اللغة العربية
اول تا سوم
یکجا
تصنیف
علی الجارم و مصطفی امین
مترجم
محمد امین کھوکھر
مکتبۂ دانیال
www.besturdubooks.wordpress.com

ترجمہ

النحو الواضح

مترجم

محمد امین کھوکھر

ناشر

مکتبہ دانیال

جلال الدین ہسپتال بلڈنگ سرکلر روڈ چوک اُردو بازار لاہور

غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور

ہیلو: 0333-4276640, 042-7660736

www.maktabahdaneyal.com

محمد ابوبکر صدیق
نے
ندیم یونس پرنٹرز لاہور
سے چھپوا کر مکتبہ دانیال لاہور
سے شائع کی

اول -/60
یکجا -/270

مکتبہ دانیال
جلال الدین ہسپتال بلڈنگ سرکلر روڈ چوک اُردو بازار لاہور
غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور
www.maktabahdaneyal.com

اَللّٰھُمَّ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی آلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓے اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی آلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ

بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی آلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓے اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰٓی آلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

دُعا

ربّ رحمٰن و رحیم سے دُعا ہے کہ اس خدمت دین کا اجر و ثواب میرے والدین کریمین رحمہم اللہ کو عطا فرماتے ہوئے ان سے عفو و درگزر کا معاملہ فرما کر اپنی جوارِ رحمت میں مقام عطا فرمائے۔ آمین!

اعتذار

بار بار پروف ریڈنگ کرکے کتاب کو اغلاط سے پاک کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے تاہم انسان' انسان ہے جو مرکب من الخطاء والنسیان ہے اس لئے قارئین اگر کہیں غلطی ملاحظہ فرمائیں تو مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی اصلاح کی جا سکے۔ اس انتباہ پر ہم آپ کے بے حد احسان مند ہوں گے۔

امین کھوکھر
0333-6130969

انتساب

آنحضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے گنبد خضراء
کے سائے تلے گزرے ہوئے
لمحات کے نام!

فہرست

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الجملة المفيدة

جملہ مفیدہ

مثالیں	ترجمہ
١- البستان جميل	باغ خوبصورت ہے۔
٢- الشمس طالعة	سورج نکلا ہوا ہے۔
٣- شم علي وردة	علی نے گلاب کا پھول سونگھا۔
٤- قطف محمد زهرة	محمد نے پھول توڑا۔
٥- يعيش السمك في الماء	مچھلی پانی میں رہتی ہے۔
٦- يكثر النخيل في اقليم مصر	مصر کے علاقہ میں کھجور کے درخت کثرت سے ہوتے ہیں۔

البحث:

اذا تاملنا التركيب الاول وجدناه يتركب من كلمتين احداهما البستان والثانية جميل فاذا اخذنا الكلمة الاولى وحدها وهي البستان لم نفهم الا معنى مفردا لا يكفي للتاخطب وكذلك الحال اذا اخذنا الكلمة الثانية وحدها وهي جميل ولكنا اذا ضممنا احدى الكلمتين الى الاخرى على النحو الذى في التركيب وقلنا البستان جميل فهمنا معنى كاملا واستفدنا فائدة تامة وهي اتصاف البستان الجمال ولذلك يسمى هذا التركيب جملة مفيدة وكل واحدة من الكلمتين تعد جزء ا من هذه الجملة وهكذا يقال في الامثلة الباقية

وبهذا نرى ان الكلمة وحدها لا تكفي في التخاطب وانه لا بد من كلمتين فاكثر حتى يستفيد الانسان فائدة تامة واما نحو: قم اجلس تكلم مما ظاهره انه كلمة واحدة كافية في التخاطب فليس في الحقيقة احداهما ملفوظة وهي قم مثلا والاخرى غير ملفوظة وهي انت التي تفهمها السامع من الكلام وان لم ينطق بها.

بحث:

اوپر دی گئی چھ مثالوں میں سے جب ہم پہلی مثال کی ترکیب پر غور کرتے ہیں تو اسے

دوکلموں سے مرکب پاتے ہیں اس کا پہلا کلمہ البستان اور دوسرا کلمہ جمیل ہے ان میں سے ہرایک کلمہ کو اگر الگ الگ ادا کیا جائے تو اس سے ایک مفرد معنی تو ہماری سمجھ میں آجائے گا لیکن بولنے والے کا پورا مطلب ظاہر نہ ہوسکے گا لیکن جب ہم ان کو مذکورہ ترکیب کے ساتھ ادا کرتے ہوئے البستان جمیل (باغ خوبصورت ہے) کہیں گے تو اس سے ہمیں پورے معنی سمجھ میں آجائیں گے اور سننے والے پر مکمل مفہوم واضح ہوجائے گا کہ باغ جمال یعنی خوبصورتی کی صفت سے موصوف ہے اسی لئے ایسی ترکیب (جس سے سننے والے کے سامنے سارا مطلب واضح ہوجائے) کو جملہ مفیدہ کہا جاتا ہے اور جملہ کے اندر کے ہر کلمہ کو اس جملہ کا جز کہتے ہیں اس ایک مثال کو سمجھ لینے کے بعد آپ باقی تمام مثالوں کو سمجھ سکتے ہیں۔

مذکورہ بحث سے یہ بات واضح ہوگئی کہ اکیلا ایک کلمہ سننے والے تک مطلب پہچانے کے لئے کافی نہیں ہوتا' اس کے لئے دو یا دو سے زیادہ کلمات ذکر کرنے پڑتے ہیں لیکن اگر کوئی سوال کرے کہ قم (اٹھو) اجلس (بیٹھ جاؤ) تکلم (بولو) بھی تو ایک کلمہ ہے اور اس کے ساتھ دوسرا کلمہ ملائے بغیر اس کا مفہوم سمجھ میں آجاتا ہے؟ تو اسکا جواب یہ ہے کہ یہ الفاظ دراصل ایک کلمہ نہیں ہیں بلکہ دوکلمون سے بنے ہوئے جملے ہیں مثلاً قم (اٹھو) میں ایک کلمہ تو یہی قم ہے جو صاف دکھائی دیتا ہے اور دوسرا کلمہ انت اس میں پوشیدہ ہے جس سے سننے والے پر مفہوم خود بخود واضح ہوجاتا ہے اسی طرح دوسرے بھی دونوں الفاظ کے اندر ایک کلمہ پوشیدہ ہے۔

القواعد:

(۱) التركيب الذى يفيد فائدة تامة يمسى جملة مفيدة' و يسمى ايضا كلاما

(۲) الجملة المفيدة قد تتركب من كلمتين وقد تتركب من اكثر وكل كلمة فيها تعد جزءا منها

ترجمہ:

(۱) جس مرکب سے سننے کو پورا فائدہ پہنچے وہ جملہ کہلاتا ہے اور جملے کو کلام بھی کہتے ہیں۔

(۲) جملہ کبھی دوکلموں سے بنتا ہے اور کبھی زیادہ کلمات سے اور اس کے ہرایک کلمہ کو جملہ کا جز گنا جاتا ہے۔

التمرين (۱)

اقرا الامثلة السابقة و بين عدد الكلمات فى كل مثال.

حل مشق (۱)

سابقہ مثالوں کو دوبارہ پڑھیں اور گنتی کرکے بتائیں کہ ہرایک مثال میں کتنے کلمے موجود ہیں؟

جواب:

پہلی دو مثالوں میں دو دو، تیسری اور چوتھی میں تین تین، پانچویں میں چار اور چھٹی میں پانچ کلمات ہیں۔

التمرين (۲)

اقرا الجمل الاتية وبين الكلمات في كل واحدة منها:

حل مشق (۲)

نیچے دیئے گئے جملوں کو پڑھ کر یہ بتایئے کہ ہرایک جملہ میں کتنے کلمات موجود ہیں؟

۱-	السماء ممطرة	۲-	الحديقة جملية
۳-	ينقطع المطر	۴-	يسير الحساب
۵-	تطلع الشمس	۶-	تجف الارض
۷-	الطائر فوق الشجرة	۸-	يقطف على الازهار
۹-	يلعب الغلمان بالكرة	۱۰-	ينزل المطر من السماء
۱۱-	تسير السفن في البحار	۱۲-	يشتد البرد فوق الجبال

جواب:

(۱) پہلے چھ جملوں میں دو دو کلمات
(۲) جملہ ۷ اور ۸ میں تین تین کلمات
(۳) جملہ ۹ تا ۱۲ میں چار چار کلمات

التمرين (۳)

ميز الجمل المفيدة في التراكيب الاتية:

حل مشق (۳)

نیچے دی گئی تراکیب میں جملوں کو علیحدہ علیحدہ کر کے لکھیں:

۱- لیس الجو	۲- اکل فرید
۳- القطار سریع	۴- ان اجتهدت
۵- لیت المریض	۶- الثوب نظیف
۷- الکتاب الذی	۸- البنت المتعلمة

جواب:

اکل فرید　　القطار سریع　　الثوب نظیف

التمرین (۴)

اجعل کل مثال من الامثلة الاتیة جملة مفیدة بوضع کلمة ملائمة فی المکان الخالی :

حل مشق (۴)

درج ذیل مثالوں میں خالی جگہ پر مناسب لفظ رکھ کر ان کے جملے بنائیے:

۱- العصفور...... القفص	۲- الولد...... الفاکهة
۳- الثور...... الارض	۴- الولد المهذب......
۵- الحذاء الضیق......	

حل:

۱- العصفور فی القفص	۲- الولد یاکل الفاکهة
۳- الثور یثیر الارض	۴- الولد المهذب یکرم استاذه
۵- الحذاء الضیق یولم الرجل	

التمرین (۵)

(ا) ضع کل کلمة من الکلمات الاتیة فی جملة مفیدة مرکبة من کلمتین

حل مشق (۵)

(۱) نیچے دیے گئے کلمات میں سے ہرایک کلمہ کو ایسے جملوں میں رکھ دیجئے جو صرف دوکلموں سے مرکب ہوں:

الحديقة–الشجرة–الازهار–الشمس

جواب:

الحديقة جميلة　　الشجرة مثمرة

الازهار بهية　　الشمس طالعة

(۲) مندرجہ ذیل کلمات میں سے ہرایک کلمہ کو ایسے جملوں میں رکھ دیجئے جو دو سے زیادہ کلمات سے بنے ہوں:

الماء– الفاكهة– يلعب– يركب

يعيش السمك في الماء　　الولد ياكل الفاكهة

هو يلعب بالكرة　　خالد يركب على الحصان

التمرين (٦)

ايت بثلاث جمل كل واحدة منها مركبة من كلمتين وبثلاث بكل منها ثلاث كلمات ثم بثلاث بكل منها اربع كلمات.

حل مشق (۲)

تین ایسے جملے بنائیں جو دوکلمات پر مشتمل ہوں اور تین ایسے جملے بنائیں جو تین کلمات پر مشتمل ہوں اور تین جملے ایسے بنائیں جو چارکلمات پر مشتمل ہوں۔

دوکلمات پر مشتمل جملے

۱- اكل زيد　　۲- شرب حامد

۳- الثوب نظيف

تین کلمات پر مشتمل جملے

۱- الولد الذكي يكرم والديه　　۲- يلعب الغلمان بالكرة

۳- تسير السفن في البحار

اجزاء الجملة

جملہ کے اجزاء

۱-	رکب ابراهيم الحصان	ابراہیم گھوڑے پر سوار ہوا
۲-	يداعب اسماعيل القط	اسمٰعیل بلی سے کھیلتا ہے
۳-	يحصد الفلاح القمح	کسان گندم کاٹتا ہے
۴-	تاكل الشاة فولا و شعيرا	بکری لوبیا اور جو کھاتی ہے
۵-	سمعت النصيحة	میں نے نصیحت سنی
۶-	يسطع النور في الحجرة	کمرہ میں روشنی پھیل جاتی ہے
۷-	تجرى السفينة على الماء	کشتی پانی پر چلتی ہے
۸-	هل تحب السفر؟	کیا تم سفر کو پسند کرتے ہو؟

البحث:

عرفنا فيما مضى ان الجملة المفيدة تتركب من اجزاء هي الكلمات ونريد ان نعرف في هذا الدرس انواع الكلمات فنقول:

اذا بحثنا في الجمل التي معنا وجدنا ان الكلمات ابراهيم' واسماعيل' والفلاح' الفاظ تسمى بها اشخاص وان الكلمات: الحصان' والقط' والشاة' الفاظ تسمى بها انواع من الحيوان وان القمح' والفول' والشعير' الفاظ تسمى بها انواع من النبات وان الحجرة' والسفينة' والماء الفاظ تسمى بها انواع من الجماد. وان النصيحة' والنور' والسفر' الفاظ تسمى بها انواع اخرى من المعاني' ولذلك تسمى كل كلمة من هذه الكلمات اسماء' وكذلك كل كلمة يسمى بها انسان او حيوان' او نبات' او جماد' او اى شيئي آخر.

نعود للجمل مرة ثانية فنجد ان كل كلمة من الكلمات: ركب' يداعب' ويحصد' وتاكل' تدل على حصول فعل في زمن خاص فلفظ ركب مثلاً يدل على الركوب في الزمن الماضي' ويداعب يدل على المداعبة في الزمن الحاضر او الاتي' وهلم جزا ولذلك تسمى كل كلمة من هذا النوع فعلا.

وعندتامل الجمل الثلاث الاخيرة نجد ان الكلمات: في'وعلى' وهل' اذا نطق بكل منها وحدة لم يفهم له معنى كامل واذا نطق بكل منها في جملته ظهر معناه كاملا وتسمى كل كلمة من هذه الكلمات الثلاث حرفا وكذلك كل الكلمات

التی من هذا النوع.

بحث:

گزشتہ سبق میں ہم پڑھ چکے ہیں کہ جملہ مفیدہ چند اجزاء سے ترکیب پاتا ہے اور ان اجزائے جملہ کو کلمات کہا جاتا ہے اب ہم اس سبق کی مختلف اقسام کے متعلق معلومات حاصل کریں گے۔

اوپر دیئے گئے جملوں کے کلمات پر غور کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابراھیم' اسماعیل اور الفلاح ایسے کلمات ہیں جو اشخاص کے نام ہیں۔

الحصان' القط اور الشاۃ ایسے کلمات ہیں جو جانوروں کی مختلف اقسام کے نام ہیں۔

القمح' الفول اور الشعیر ایسے کلمات ہیں جو مختلف نباتات کے نام ہیں۔

السفینۃ' الحجرۃ اور الماء ایسے کلمات ہیں جو جمادات کی مختلف اقسام کے نام ہیں۔

النصیحۃ' النور اور السفر ایسے کلمات ہیں جو مختلف دوسری چیزوں کے نام ہیں۔

یاد رہے کہ اس قسم کے تمام کلمات کو اسم کہا جاتا ہے چنانچہ مذکورہ بحث سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ ہر وہ کلمہ جو کسی انسان یا جانور یا نبات یا جماد یا کسی اور چیز کا نام ہو وہ اسم کہلاتا ہے۔

اب ذرا اوپر کے جملوں پر دوبارہ غور کریں ان میں رکب' یداعب' یحصد اور تاکل ایسے کلمات ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ فلاں کام ایک خاص زمانے میں واقع ہوا مثلاً رکب سے پتہ چلتا ہے کہ سواری کا فعل گزرے ہوئے زمانہ (ماضی) میں واقع ہوا ہے۔ یداعب سے معلوم ہوتا ہے کہ کھیل کود موجودہ زمانہ (حال) میں واقع ہورہا ہے یا آنے والے زمانہ (مستقبل) میں واقع ہوگا اسی لئے اس قسم کے کلمات (جن میں کسی کام کا ایک خاص زمانے میں کرنا ہونا پایا جائے) کو فعل کہا جاتا ہے۔

اب آخر میں اگر ہم مذکورہ جملوں میں سے صرف آخری تین جملوں میں استعمال ہونے والے کلمات فی' علی ھل پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ اگر ان میں سے کسی کا بھی تنہا ذکر کیا جائے تو اس کا کچھ مطلب سمجھ میں نہیں آتا البتہ ان کو اگر جملوں میں مناسب مقام پر رکھ دیا جائے تو ان کے معنی صاف سمجھ میں آجاتے ہیں اس قسم کے کلمہ کو حرف کہا جاتا ہے۔

القاعدۃ:

(۳) **الکلمۃ ثلاثۃ انواع: اسم' وفعل' و حرف**

(الف) فالاسم: كل لفظ يسمى به إنسان او حيوان' او نبات' او جماد او اى شىء آخر.

(ب) والفعل: كل لفظ يدل على حصول عمل فى زمن خاص.

(ج) والحرف: كل لفظ لا يظهر معناه كاملا إلا مع غيره.

ترجمہ:

(۳) کلمہ کی تین اقسام ہیں: اسم' فعل' حرف

(الف) اسم وہ لفظ ہے جو انسان' حیوان' نبات' جماد یا کسی دوسری چیز کا نام ہو۔

(ب) فعل وہ لفظ ہے جو کسی کام کا ایک خاص زمانے میں واقع ہونا بتائے۔

(ج) حرف وہ لفظ ہے جو دوسرے لفظوں کے ساتھ ملے بغیر اپنے معنی پوری طرح نہ دے سکے۔

التمرين (ا)

اقرا الجمل الاتية وبين الاسماء التى تدل على اشخاص' والتى تدل على حيوان' والتى تدل على نبات' والتى تدل على جماد

حل مشق (ا)

۱-	فريد يجرى فى الشارع	۲-	على يركب الحمار
۳-	الكلب ينام فى البستان	۴-	افترس الذئب كبشا
۵-	يحب الولد البرتقال	۶-	يحترق الحطب
۷-	يتسلق الغلمان	۸-	يسبح الاولاد فى البحر
۹-	البستانى يجمع الازهار	۱۰-	الثعلب ياكل الدجاج
۱۱-	المداد فى الدواة	۱۲-	الحديد يذوب فى النار

حل:

اشخاص	حيوانات	نباتات	جمادات
فريد	الحمار	البستان	الشارع
الولد	الكلب	البرتقال	الحطب
على	الذئب	الازهار	الجبل
البستانى	كبشا		البحر

الغلمان	الثعلب	المداد
الاولاد	الدجاج	الدواة
		الحديد
		النار

التمرين (۲)

اقرا الجمل الاتية وميز الاسماء والافعال والحروف:

حل مشق (۲)

درج ذیل جملے پڑھیں اور اسماء افعال اور حروف الگ کریں۔

۱-	يفتح محمد الباب	۲-	يشترى التاجر القطن
۳-	يزرع الفلاح القصب	۴-	يقرا سعيد الكتاب
۵-	يدخل الهواء فى الحجرة	۶-	الثمر يتساقط على الارض
۷-	الثور يحرث الارض	۸-	تصنع الاحذية من الجلد
۹-	العصفور يغرد على الشجرة	۱۰-	يذهب العمال الى المصنع

حل:

اسماء	افعال	حروف
محمد	يفتح	فى
الباب	يشترى	على
التاجر	يزرع	من
القطن	يقراء	الى
الفلاح	يتساقط	
القصب	يحرث	
سعيد	تصنع	
الكتاب	يغرد	
الهواء	يذهب	
الحجرة		
الثمر		

اسماء
الارض
الثور
الحذية
الجلد
العصفور
الشجرة
العمال
المصنع

التمرين (۳)

(۱) ایت بخمس جمل مبدء و ة باسماء تدل علی اشخاص
(۲) ایت بخمس جمل تنتهی کل واحدة منها باسم یدل علی حیوان
(۳) ایت بخمس جمل تبتدی کل واحدة منها باسم یدل علی حیوان
(۴) ایت بخمس جمل تنتهی کل واحدة منها باسم یدل علی نبات

حل مشق (۳)

(۱) پانچ ایسے جملے لکھئے جو اشخاص کے نام سے شروع ہوں۔
(۲) پانچ ایسے جملے لکھئے جو کسی حیوان کے نام پر ختم ہوں۔
(۳) پانچ ایسے جملے لکھئے جو کسی حیوان کے نام سے شروع ہوں۔
(۴) پانچ ایسے جملے لکھئے جو کسی نبات کے نام پر ختم ہوں۔

حل (۱):

۱- محمد ﷺ رسول الله
۲- ابوبکرؓ کان ینفق ماله فی سبیل الله
۳- عمرؓ کان یکفر بالطاغوت
۴- عثمانؓ کان یامر المعروف وینهی عن المنکر
۵- علی کان یصبر فی الباساء والضراء وحین باس

حل(٢):

١- ان انکر الاصوات لصوت الحمير
٢- اشد الحيوانات تملقا هى الهرة
٣- الم ترک کيف فعل ربک باصحاب الفيل
٤- اکثر الحيوانات ودا للانسان هو الکلب
٥- اکثر الحيوانات صبرا هوا الجمل

حل (٣):

١- الکلب ينام فی البستان
٢- الثور يثير الارض ويسقی الحرث
٣- الثعلب ياکل الدجاج
٤- الخيل والليل والبيداء تعرفنی
٥- الاسد اکثر حيوانات الغاب عمرا

حل(٤):

١- الولد يحب البرتقال
٢- يحصد الفلاح القمح
٣- تاکل الشاة فولا
٤- اشتريت من السوق نصف کيلو من البصل
٥- هل اشتريت من السوق بطيخا

التمرين (٤)

(١) ايت بخمس جمل يبتدی کل منها بفعل
(٢) ايت بخمس جمل يتوسط کلا منها فعل
(٣) ايت بخمس جمل يبتدی کل منها بحرف
(٤) ايت بخمس جمل يتوسط کلا منها حرف

حل مشق (٤)

(١) پانچ ایسے جملے لکھئے جن کے شروع میں فعل آتا ہو۔

(۲) پانچ ایسے جملے لکھئے جن کے درمیان میں فعل آتا ہو۔
(۳) پانچ ایسے جملے لکھئے جن کے شروع میں حرف آتا ہو۔
(۴) پانچ ایسے جملے لکھئے جن کے درمیان میں حرف آتا ہو۔

حل (۱):

۱- شربت ماء باردا
۲- غسلتا ایدیهما بالماء
۳- حصد الفلاح الزرع
۴- جلس المجرم امام القاضی
۵- اکل اسماعیل الخبز

حل (۲):

۱- الملک العادل یامر بالمعروف
۲- التلمیذ العاقل یکرم استاذه
۳- الاب الصالح یامر اولاده بالصلوة
۴- المومن ینفق ماله سرا و علانیة
۵- المسلمون یصومون شهر رمضان

حل (۳):

۱- علی الطاولة کتاب
۲- فی المدرسة استاذ
۳- علی الشجرة عصفور
۴- فی سبیله جهاد
۵- واللہ اضرب زیدا

حل (۴):

۱- تسیر السفن فی البحار
۲- یقطف علی الازهار
۳- ینزل المطر من السماء
۴- یلعب الغلمان بالکرة
۵- یسطع النور فی الحجرة

التمرین (۵)

(۱) ایت بخمس جمل کل واحدة منها مرکبة من اسمین لیس غیر
(۲) ایت بخمس جمل کل واحدة منها مرکبة من اسم و فعل لیس غیر
(۳) ایت بخمس جمل کل واحدة منها مرکبة من اسم و فعل و حرف

حل مشق (۵)

(۱) پانچ ایسے جملے بنائیے جن میں سے ہرایک صرف دو اسموں سے بنا ہو۔
(۲) پانچ ایسے جملے بنائیے جن میں سے ہرایک ایک اسم اور ایک فعل سے بنا ہو۔
(۳) پانچ ایسے جملے بنائیے جن میں سے ہرایک ایک اسم' ایک فعل اور ایک حرف سے بنا ہو۔

حل(۱):

۱- الشمس طالعة ۲- البستان جميل
۳- الساعة قريب ۴- الاخرة باقية
۵- الحق مر

حل (۲):

۱- الولد يلعب ۲- الكافر يكذب
۳- الانسان يموت ۴- العامل يتعب
۵- الطفل يبكى

حل (۳):

۱- اذهب الى السوق ۲- انظر الى السماء
۳- اكتب بالقلم ۴- اجلس على الكرسى
۵- سلم على الاستاذ

التمرين (٦)

(۱) الجمل الاتية يحتاج كل منها الى اسم فضع الاسم المناسب فى المكان الخالى:
(۲) الجمل الاتية يحتاج كل منها الى فعل' فضع الفعل المناسب فى المكان الخالى:
(۳) الجمل الاتية يحتاج كل منها الى حرف فضع الحرف المناسب فى المكان الخالى:

حل مشق (٦)

(۱) درج ذیل فقروں میں خالی جگہ پر مناسب اسم رکھ کر جملے پورے کریں۔

۱-	العصفور مسجون فی	۲-	یقرا محمد .....
۳-	الحصان یجر	۴-	الفارة تخاف من .....
۵-	تبیض	٦-	یطیع ..... اباه
۷-	یشتد ..... فی الصیف	۸-	یسبح السمک فی ....

حل:

۱-	القفص	۲-	الصحیفة
۳-	العربة	۴-	الهرة
۵-	الدجاجة	٦-	خالد
۷-	الحر	۸-	الماء

(۲) مندرجہ ذیل فقرات میں خالی جگہ پر مناسب فعل لگا کر جملوں کو مکمل کیجئے۔

۱-	الحصان .....الشعیر	۲-	الثور.....العجلة
۳-	.....محمود الغصن	۴-	الطبیب.....المریض
۵-	المریض.....الشفاء	٦-	الولد.....بالکرة
۷-	.....النجار بابا	۸-	الخادم.....النافذة

حل:

۱-	یاکل	۲-	یجر
۳-	کسر	۴-	یداوی
۵-	یطلب	٦-	یلعب
۷-	صنع	۸-	یفتح

(۳) مندرجہ ذیل جملوں میں خالی جگہ پر مناسب حرف رکھ کر جملوں کو مکمل کیجئے۔

۱-	یسبح الغلام.....النهر	۲-	یذهب التلمیذ.....المدرسة
۳-	قطعت الحبل.....السکین	۴-	یعود الغریب.....بلده
۵-	نام الطفل.....السریر	٦-	یرضی المعلم.....التلمیذ المودب

حل:

۱- فی
۲- الی
۳- ب
۴- الی
۵- علی
۶- عن

التمرین (۷)

(۱) کون خمس جمل بحث تکون کل جملة منها مرکبة من اسمین
(۲) کون خمس جمل بحث تکون کل جملة منها مرکبة من و فعل
(۳) کون خمس جمل تشتمل کل جملة منها علی الانواع الثلاثة للکلمة

حل مشق (۷)

(۱) پانچ ایسے جملے بنایئے جوصرف دو دو اسموں سے مرکب ہوں۔
(۲) پانچ ایسے جملے بنایئے جو دو دو اسموں اور ایک ایک فعل سے مرکب ہوں۔
(۳) پانچ ایسے جملے بنایئے جن میں سے ہرایک میں اسم فعل اور حرف تینوں آ جائیں۔

حل (۱):

۱- الشمس طالعة
۲- الارض واسعة
۳- الولد صالح
۴- البنت صالحة
۵- الخادم امین

حل (۲):

۱- الفلاح یحصد
۲- اللص سرق المال القمح
۳- السراج یضئی البیت
۴- الشرطی حبس اللص
۵- الحصان یجر العربة

حل (۳):

۱- لاتقم علی قبره
۲- اجتهد فی العمل
۳- هم ینفقون فی سبیل الله
۴- لا تشرک بالله سبیل الله
۵- نام الطفل علی السریر

الفعل الماضی
زمانہ کے لحاظ سے فعل کی تقسیم

	الامثلة	ترجمہ
(۱)	جری الکلب	کتا دوڑا
(۲)	وقف الرجل	آدمی ٹھہرا
(۳)	ضاع الکتاب	کتاب ضائع ہوئی
(۴)	دقت الساعة	گھنٹی بجی
(۵)	جاء ت البنت	لڑکی آئی
(۶)	باضت الدجاجة	مرغی نے انڈا دیا

البحث:

تامل الکلمات الاولی فی الامثلة السابقة تجدها افعالا لان کلا منها یدل علی حصول عمل فی زمن خاص واذا تدبرت هذا الزمن فی کل منها وجدته زمنا ماضیا فکلمة جری فی المثال الاول تدل علی الجری فی الزمن الذی مضی قبل التکلم وکلمة وقف فی المثال الثانی تدل علی الوقوف فی الزمن الذی مضی قبل التکلم ایضا وهلم جرا ولذالک تسمی کل کلمة من الکلمات فعلا ماضیا وکذلک جمیع الکلمات التی من هذا النوع.

بحث:

مذکورہ بالا مثالوں کے پہلے کلمات پر غور کرنے سے آپ کو معلوم ہوجائے گا کہ یہ سب افعال ہیں کیونکہ ہر کلمہ کسی کام کا ایک خاص زمانہ میں واقع ہونا ظاہر کر رہا ہے اب اگر انہی الفاظ پر مزید غور کریں تو یہ حقیقت واضح ہوجائے گی کہ جو کام بھی ہوا ہے وہ گزرے ہوئے زمانہ میں ہوا ہے مثلاً لفظ جری (دوڑا) بتاتا ہے کہ دوڑنے کا کام اس جملے کے کہنے سے پہلے ہوچکا ہے اسی طرح دوسرے جملے میں لفظ وقف (ٹھرا) بتاتا ہے کہ آدمی اس جملے کے کہنے سے پہلے ٹھہر چکا ہے یہی حال باقی فقروں کا ہے اسی لئے ان کلمات میں سے ہرایک کلمہ فعل ماضی کہلاتا ہے اور جہاں جہاں ایسے افعال ملیں وہ سب کے سب فعل ماضی کہلائیں گے۔

القاعدة:

(۴) **الفعل الماضی هو کل فعل یدل علی حصول عمل فی الزمن الماضی.**

ترجمہ:

(۴) ہر وہ فعل جو بتائے کہ کام گزرے ہوئے زمانہ میں ہو چکا ہے' وہ فعل ماضی ہے۔

الفعل المضارع

	الامثلة	ترجمہ
(۱)	اغسل يدى	میں اپنا ہاتھ دھوتا ہوں یا دھوؤں گا۔
(۲)	البس لباسى	میں اپنے کپڑے پہنتا ہوں یا پہنوں گا۔
(۳)	نلعب بالكرة	ہم گیند سے کھیلتے ہیں یا کھیلیں گے۔
(۴)	نمشى فى الحقول	ہم کھیتوں میں چلتے ہیں یا چلیں گے۔
(۵)	ينبح الكلب	کتا بھونکتا ہے یا بھونکے گا۔
(۶)	ينتبه الحارس	گارڈ انتباہ کر رہا ہے یا کرے گا۔
(۷)	تاكل البنت	لڑکی کھا رہی ہے یا کھائے گی۔
(۸)	تذبل الوردة	گلاب کا پھول مرجھا رہا ہے یا مرجھا جائے گا۔

البحث:

الكلمات الاولى فى الأمثلة السابقة كلها افعال' لان كلا منها يدل على عمل فى زمن خاص واذا تدبرت هذا الزمن الخاص فى كل منها وجدته اما حاضرا واما مستقبلا فالفعل اغسل يدل على حصول الغسل فى الزمن الحاضر او المستقبل' والفعل' البس يدل على حصول اللبس فى الزمن الحاضر او المستقبل ويسمى كل فعل من هذا النوع فعلا مضارعا.

واذا نظرت الى الحرف الاول فى كل فعل من هذه الافعال واشباهها وجدته همزة او نونا او ياء او تاء وتسمى هذه الاحرف الاربعة اجرف المضارعة.

بحث:

مذکورہ بالا مثالوں میں جو کلمات جملوں کے آغاز میں آئے ہیں وہ سب کے سب افعال کہلاتے ہیں اس لئے کہ ہر کلمہ ہمیں بتاتا ہے کہ کام ایک خاص زمانے میں واقع ہوا ہے مزید غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے ہرایک کا زمانہ حال کا ہے یا مستقبل کا مثلاً اغسل (میں دھوتا ہوں) یا دھوؤں گا بتاتا ہے کہ دھونے کا کام یا تو فی الحال ہورہا ہے یا مستقبل میں ہوگا۔ اسی طرح البس (میں پہنتا ہوں یا پہنوں گا) بتاتا ہے کہ پہننے کا کام زمانہ حال میں ہورہا ہے یا آئندہ زمانے میں ہوگا۔ اس طرح کے تمام افعال کو فعل مضارع کہتے

ہیں۔

جب آپ ان افعال کے پہلے حروف پر غور کریں تو آپ کو ہر فعل کا پہلا حرف ہمزہ' (یاء)' ن (نون)' ت (تاء) میں سے ایک حروف ضرور ملے گا ان چاروں کو "حروف مضارعة" کہتے ہیں۔ (اس مجموعہ کو اتین بھی کہتے ہیں)۔

القاعدة:

(۵) القعل المضارع هو كل فعل يدل على حصول عمل فى الزمن الحاضر او المستقبل ولا بدا يكون مبدوا بحرف من احرف المضارعة وهى الهمزة والنون والياء والتاء

ترجمہ:

(۵) فعل مضارع وہ فعل ہے جو ہمیں بتائے کہ کام حال کے زمانہ میں ہورہا ہے یا آنے والے وقت میں ہونے والا ہے اور یہ ضروری ہے کہ اس کے شروع میں **حروف مضارعة** میں سے کوئی ایک حرف آیا ہو یہ حروف ہمزہ' نون' یاء اور تاء ہیں۔

فعل الامر

	الامثلة	ترجمہ
(۱)	العب بالكرة	گیند کے ساتھ کھیل
(۲)	اطعم قطك	اپنے بلے کو کھانا کھلا
(۳)	نظف ثيابك	اپنے کپڑے صاف کر
(۴)	نم مبكرا	جلدی سو جاؤ
(۵)	تمهل فى السير	آہستہ چلو
(۶)	اجد مضغ الطعام	کھانے کو خوب چبایئے

البحث:

الكلمات اولى فى المثلة المتقدمة افعال' لان كلا منها يدل على حصول عمل فى زمن خاص.

واذا تدبرنا هذه الافعال' وجدنا المتكلم فى كل منها يطلب من المخاطب ويامره ان ياتى عملا فى الزمن المستقبل ومن اجل ذلك يسمى كل فعل من هذه الافعال فعل امر فالفعل العب فى المثال اولا يطلب به من المخاطب اتيان اللعب فى الزمن المستقبل وهو لذلك فعل امر بالفعل اطعم فى المثال الثانى يطلب به من

المخاطب حصول الاطعام فی الزمن المستقبل وهو لذلک فعل امر ایضا وهکذا یقال فی بقیة الافعال السابقة.

بحث:

مذکورہ بالا مثالوں میں سے ہرایک میں پہلا کلمہ فعل کہلاتا ہے اس لئے کہ ہرایک میں کوئی نہ کوئی کام ایک خاص زمانے میں واقع ہوا ہے۔

اب اگر ہم ان افعال پر غور کریں تو معلوم ہوجائے گا کہ ان کے ذریعہ بولنے والا اپنے مخاطب سے ایک مطالبہ کرتا ہے اور آئندہ زمانہ میں اسے ایک کام کرنے کا حکم دیتا ہے ایسے فعل کو ''فعل امر'' کہتے ہیں۔

مثلاً پہلی مثال میں لفظ العب (تو کھیل) آیا ہے اس میں متکلم اپنے مخاطب سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ آنے والے زمانہ میں کھیلے اسی لئے یہ کلمہ فعل امر ہے اسی طرح دوسرے جملہ میں اطعم (کھلاؤ) میں مطالبہ کیا جاتا ہے کہ وہ کھلانے کا کام آئندہ زمانہ میں کرے اس لئے یہ بھی فعل امر ہے اسی طرح باقی مثالیں سمجھ لیجئے۔

القاعدة:

(٦) فعل الامر هو کل فعل یطلب به حصول شی ء فی الزمن المستقبل.

ترجمہ:

(٦) فعل امر وہ فعل ہے جس کے ذریعے آئندہ زمانے میں کسی کام کو سرانجام دینے کا مطالبہ کیا گیا ہو۔

التمرین (۱)

اقرا العبارات الاتیة ومیز الافعال الماضیة والافعال المضارعة وافعال الامر.

حل مشق (۲)

نیچے دی گئی عبارات کو پڑھیں اور افعال ماضی' مضارع اور امر کو الگ الگ بیان کریں۔

(۱) جنی الفلاح قطنه وباعه ثم اشتری ببعض ثمنه ما یحتاج الیه

(۲) نظر الطفل الی الطائر وهو یحلق فی السماء فاحب ان یطیر مثله

(۳) هبت العواصف لیلا فاطفات المصابیح واقتلعت بعض الاشجار

(۴) سطا الذئب علی الغنم فافترس واحدة وفرها ربا

(۵) ادخل البستان ومتع نفسک بمنظره ولا تعبث بارهاره وثماره

(۶) لاتکثر من الکلام ولا تنطق بمالا تعلم

(۷) اغسل یدیک قبل الکل وبعده ونظف اسنانک ولا تدخل الطعام علی الطعام

حل:

فعل ماضی	فعل مضارع	فعل امر	فعل نہی
جنی	یحتاج	ادخل	لاتکثر
باع	یحلق	متع	لاتنطق
اشتری	یطیر	اغسل	لاتعلم
نظر		نظف	لاتدخل
احب			
هبت			
اطفات			
اقتلعت			
سطا			
افترس			
فر			

التمرین (۲)

(۱) ضع قبل کل اسم من الاسماء الاتیة اوبعده فعلا ماضیا یلائمه:

حل مشق (۲)

(۱) نیچے دیئے گئے اسموں سے پہلے یا بعد میں موزوں فعل ماضی لگا دیجئے۔

الغصن	الزجاج	القلم	الشمس
القطار	البحر	الثمر	المصباح

حل:

انعطف الغصن	انکسر الزجاج	جف القلم
طلعت الشمس	جری القطار	فاض البحر

نضج الثمر　　　اتقد المصباح

(۲) ضع قبل كل اسم من الاسماء الاتية او بعده فعلا مضارعا يلائمه:

(۲) نیچے دیئے گئے اسموں میں سے ہراسم سے پہلے یا بعد میں مناسب فعل مضارع لگادیجئے:

الريح	الغبار	الهلال	الاناء
المصباح	النهر	السفينة	القلم

حل:

الريح تجرى	يثور الغبار	يطلع الهلال
يمتلى الاناء	يتقد المصباح	يفيض النهر
تجرى السفينة	يكتب القلم	

التمرين (۳)

(۱) ضع فعلا مضارعا فى المكان الخالى ما ياتى:

حل مشق (۳)

(۱) نیچے خالی جگہ پر مناسب فعل مضارع لکھ دیجئے:

۱- الفارة ..... من القط　　۲- الكلب .....وراء صاحبه

۳- الدجاجة ..... كل يوم بيضة　　۴- الام .....اولادها

حل:

۱- تخاف　　۲- يمشى

۳- تبيض　　۴- تحب

(۲) ضع فعلا ماضيا فى المكان الخالى مما ياتى:

(۲) نیچے خالی جگہ پر مناسب فعل ماضی لکھ دیجئے:

۱- الولد ..... الجلوس　　۲- الرجل .....فى النهر

۳- الخادم .....الحجرة　　۴- على .....الى فرنسا

حل:

۱- اطال　　۲- سبح

۳- نظف ۴- سافر

التمرين (۴)

(۱) ایت بخمس جمل کل واحدة منها مبدوء ة بفعل ماضی
(۲) ایت بخمس جمل کل واحدة منها مبدوء ة بفعل مضارع
(۳) ایت بخمس جمل فی کل واحدة منها فعل امر

حل مشق (۴)

(۱) پانچ ایسے جملے بنایئے جن میں سے ہرایک جملہ فعل ماضی سے شروع ہو۔
(۲) پانچ ایسے جملے بنایئے جن میں سے ہرایک جملہ فعل مضارع سے شروع ہو۔
(۳) پانچ ایسے جملے بنایئے جن میں سے ہرایک جملہ میں فعل امر آیا ہو۔

حل (۱):

۱- ذهب خالی الی السوق ۲- شرب حامد ماء باردا
۳- نصر زید اخاه ۴- قدم الخادم الی بلاده
۵- عالج الطبیب المریض

حل (۲)

۱- یستقیظ من النوم ۲- اذهب الی السوق مبکرا
۳- یعالج الطبیب ۴- اشرب الشای المریض
۵- اغسل یدی بالماء

حل (۳)

۱- انظر الی ما قال ولاتنظر الی من قال ۲- اعدلوا هو اقرب للتقوی
۳- احسن کما احسن ۴- اشربو ولا تسرفوا الله علیک
۵- انصر اخاک

التمرين (۵)

ایت باربع جمل بکل منها فعل مضارع بحیث تکون احرف المضارعة فی الافعال الاربعة مختلفة.

حل مشق (۵)

چار ایسے جملے بنائیں جن میں فعل مضارع ہوں اورچاروں میں حروف مضارعۃ الگ الگ آئیں:

۱- اذهب الى المدرسة ۲- هى تنظف اسنانها
۳- الولد يكرم استاذه ۴- انا نحن نزلنا الذكر و انا له لحافظون؟

التمرين (٦)

(الف) اكتب الجمل الاتية بعد تغيير كل فعل ماضى فيها بفعل مضارع:
(ب) اكتب الجمل الاتية بعد تغيير كل فعل مضارع بفعل ماضى:
(ج) حول المضارع فى الجمل الاتية الى فعل امر' واضبط الامر بالشكل:

حل مشق (٦)

(الف) نیچے دیئے گئے جملوں میں فعل ماضی کوفعل مضارع میں تبدیل کر کے لکھئے:

۱- سار القطار ۲- طار الصقر
۳- سافر والدى ۴- مرض الغلام
۵- نزل المطر ٦- عطش الزرع

حل:

۱- يسير القطار ۲- يطير الصقر
۳- يسافر والدى ۴- يمرض الغلام
۵- ينزل المطر ٦- يعطش الزرع

(ب) ان جملوں میں فعل مضارع کوفعل ماضی میں تبدیل کر کے لکھئے:

۱- يغرد العصفور ۲- يثمر البستان
۳- يبيع التاجر البن ۴- يغسل الولد يديه
۵- تنظف البنت ثيابها ٦- يجنى الفلاح القطن

حل:

۱- غرد العصفور ۲- اثمر البستان

۳- باع التاجر البن　　　۴- نظفت البنت ثيابها

۵- غسل الولد يديه　　　۶- جنى الفلاح القطن

(ج) مندرجہ ذیل جملوں میں فعل مضارع کو فعل امر میں تبدیل کیجئے اور فعل امر پر اعراب بھی لگا دیجئے:

۱- احترم المعلم　　　۲- احفظ الدرس

۳- انظف الحذاء　　　۴- اقرافی الکتاب

۵- اشتغل فی الحدیقة　　　۶- انطق بالصدق

حل:

۱- احترم المعلم　　　۲- احفظ الدرس

۳- نظف الحذاء　　　۴- اقرأ فی الکتاب

۵- اشتغل فی الحدیقة　　　۶- انطق بالصدق

التمرین (۷)

(۱) ضع کل فعل من الافعال الاتیة فی جملة مفیدة مرکبة من ثلاث کلمات فاکثر:

(۲) هات خمس جمل فی موضوع الاسد تبتدی کل جملة منها بفعل ماضی:

(۳) هات خمس جمل فی موضوع النهر تبتدی کل جملة منها بفعل مضارع:

(۴) هات خمس جمل تامر فیها تلمیذا بخمسة اعمال ترتبط بالمدرسة:

حل مشق (۷)

(۱) مندرجہ ذیل افعال کو ایسے جملوں میں استعمال کیجئے جو تین یا تین سے زیادہ کلمات سے مرکب ہوں:

خرج　　یلبس　　تستخرج　　تغسل　　استراح

حل:

۱- خرج حامد من السوق　　　۲- یلبس الناس یوم العید ثوابا جدیدة

۳- المضخة تستخرج الماء من الارض　　　۴- البنت تغسل یدها بالصابون

۵- استراح العامل بعد ما جاء من المصنع

(۲) الاسد کے عنوان پر پانچ جملے لکھئے ہرایک جملہ فعل ماضی سے شروع ہو:

۱- خرج الاسد واحدا من الغزال ۲- خرج الاسد من عرينته جائعا

۳- اصطادا الاسد يوما شاة ۴- شرب الاسد ماء باردا

۵- رجع الاسد الى عرينته مسرورا

(۳) النھر کے موضوع پر پانچ جملے لکھئے ہر جملہ فعل مضارع سے شروع کیجئے:

۱- يسبح الناس كل مساء من ايام الصيف فى النهر ۲- يفيض ماء النهر فى موسم الربيع ۔

۳- يقل ماء النهر فى الشتاء ۴- يصيد الناس من النهر السمك

۵- تجرى السفن فى النهر

(۴) پانچ ایسے جملے لکھئے جن میں سے ہر جملہ میں طالب علم کو مدرسہ کے متعلق کسی کام کا حکم دیا گیا ہو:

۱- اذهب الى المدرسة ۲- استمع خطبة الاستاذ

۳- اسئل من الاستاذ مالا تعلم ۴- لاترفع صوتك فى الفصل

۵- ضع الكتاب امامك

الفاعل

فاعل

الامثلة	ترجمہ
۱- طار العصفور	چڑیا اڑی
۲- جرى الحصان	گھوڑا دوڑا
۳- لعب الولد	لڑکا کھیلا
۴- يعوم السمك	مچھلی تیرتی ہے
۵- يلسع البعوض	مچھر ڈنگ مارتے ہیں
۶- تاكل البنت	لڑکی کھاتی ہے

البحث:

الامثلة السابقة كلها جمل وكل جملة منها تتكون من فعل واسم واذا بحثنا في الامثلة الثلاثة الاولى نرى ان الذى طار هو العصفور والذى جرى هو الحصان والذى لعب هو الولد.

فیکون العصفور هو الذی فعل الطیران، والحصان هو الذی فعل الجری، والولد هو الذی فعل اللعب، ولذلک یسمی کل واحد من هذه الاسماء الثلاثة فاعلا وکذا یقال فی بقیة الامثلة.

واذا نظرنا الی کل اسم فی الامثلة السابقة، وجدناه مسبوقا بفعل، ووجدنا آخره مرفوعا.

بحث:

مذکورہ بالا تمام کی تمام مثالیں جملے ہیں اور ان میں سے ہرایک جملہ ایک اسم اور ایک فعل سے بنا ہے اب اگر ہم پہلے تین جملوں پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوجائے گا کہ اڑنے والی چیز العصفور چڑیا ہے اور دوڑنے والی چیز الحصان گھوڑا ہے اور کھیلنے والا الولد لڑکا ہے اس سے ہمیں معلوم ہوا کہ اڑنے کا کام چڑیا، دوڑنے کا کام گھوڑے نے اور کھیلنے کا کام لڑکے نے کیا اسی لئے ان تینوں اسموں میں سے ہرایک کوفاعل کہتے ہیں یہی حال باقی مثالوں کا بھی ہے۔

اب اگر ہم مذکورہ تمام مثالوں کے اسموں پر غور کریں تو ہر جگہ ہم فاعل سے پہلے فعل کو پائیں گے نیز یہ کہ فاعل کا آخری حرف مرفوع ہوگا۔

القاعدة:

(۷) الفاعل: اسم مرفوع تقدمه فعل، ودل علی الذی فعل الفعل.

ترجمہ:

(۷) فاعل وہ اسم ہے جس سے پہلے فعل آیا ہو اور کام کرنے والے پر دلالت کرے۔

التمرين (۱)

استخرج الفاعل من کل جملة من الجمل الاتية:

حل مشق (۱)

نیچے دیئے گئے جملوں میں سے فاعل معلوم کیجئے:

۱- صاح الدیک ۲- وقف الثور
۳- بکی الطفل ۴- جاء الطبیب
۵- لعب الاولاد ۶- لدغ الثعبان
۷- اشتغل العامل ۸- زرع الفلاح

۹- حضر الغائب

حل:

الديک	الثور	الطفل	الطبيب	الاولاد
الثعبان	العامل	الفلاح	الغائب	

التمرين (۲)

ضع الاسماء الاتية فی جمل بحيث يكون كل واحد منها فاعلا:

حل مشق (۲)

نیچے دیئے گئے افعال کے ساتھ مناسب فاعل لگا کر جملہ بنادیجئے:

نبح	يضحک	يبكی	نطح
يشرب	عطس	سافر	يركب

نبح الكلب	يضحک الخادم	يبكی الولد
نطح الثور	يشرب الرجل	عطس المريض
سافر المجاهد	يركب المومن	

التمرين (۳)

ضع الاسماء الاتية فی جمل بحيث يكون كل واحد منها فاعلا:

حل مشق (۳)

ان اسموں کو جملوں میں اس طرح رکھ دیجئے کہ ہرایک اسم کا فاعل بن جائے:

التلميذ	الثعلب	الرجل	سفينة
النمل	نحلة	الخادم	الجند

حل:

حفظ التلميذ الدرس	خرج الثعلب مع الاسد	شرب الرجل الشاى
جاء ت سفينة من الحجاج	يجد النمل فی الصيف لادخار ما ياكله فی الشتاء	جمعت النحلة العسل
عصی الخادم سيده	يكرم الجندی بلاده	

التمرين (۴)

کون من الکمات الاتیة جملا مولفة من فعل وفاعل ملائم له:

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل کلمات کو اس طرح باہم ملایئے کہ جملے بن جائیں اور ہرایک جملے میں ایک فعل و فاعل آجائے:

صهل	نطح	التلمیذ	الجمل
التاجر	شکا	باع	برک
المریض	الخروف	الحصان	حفظ

حل:

صهل الحصان	نطح الخروف	حفظ التلمیذ
برک الجمل	باع التاجر	شکا المریض

التمرین (۵)

کون ست جمل تشتمل کل واحدة منها علی فاعل،ویکون الفعل مضارعا فی الثلاث الاولی وما ضیا فی الثلاث الثانیة

حل مشق (۵)

چھ ایسے جملے بنایئے کہ ہرایک جملے میں فاعل موجود ہو نیز پہلے تین جملوں میں فعل مضارع اور دوسرے تین جملوں میں فعل ماضی ہو:

حل:

۱- یضرب الاستاذ تلامیذہ	۲- یکرم التملیذ المعلم
۳- یخاف المومن یوم یقوم الاشهاد	۴- نصر المسلم المظلوم
۵- حبس الشرطی اللص	٦- اکلت البنت الفاکهة

التمرین (٦)

(۱) هات خمس جمل موضوعها الفلاح واجعل الفلاح فاعلا

(۲) هات خمس جمل موضوعها الفارة واجعل الفارة فاعلا

حل مشق (٦)

(۱) پانچ ایسے جملے بنایئے جن کا موضوع الفلاح (کسان) ہو اور ہرایک جملے میں الفلاح فاعل ہوکر آیا ہو۔

(۲) پانچ ایسے جملے بنایئے جن کا موضوع الفارة (چوہا) ہو اور سب میں الفارة فاعل واقع ہو۔

حل:

الفلاح

۱- یستیقظ الفلاح من النوم مبکرا ۲- یذهب الفلاح الی الحقول کل یوم

۳- یزرع الفلاح القمح ۴- یسقی الفلاح الزرع

۵- یرجع الفلاح الی داره مساء

الفارة

۱- تسکن الفارة فی بعض الغارات لبعض البیوت ۲- تلعب الفارة فی الغابة

۳- سمعت الفارة زئیر الاسد ۴- اخذت الفارة تقرض الحبال

۵- شکرت الفارة الاسد

المفعول به

مفعول بہ

الامثله	ترجمہ
۱- شدت التلمیذ الحبل	شاگرد نے رسہ باندھا
۲- طوت البنت الثوب	لڑکی نے کپڑا لپیٹا
۳- اکل الذئب الخروف	بھیڑیئے نے مینڈھا کھایا
۴- یربح السابق جائزة	اول آنے والا انعام حاصل کرتا ہے
۵- یصید الثعلب دجاجة	لومڑی مرغی کو شکار کرتی ہے

٦- يبيع القصاب اللحم — قصاب گوشت بیچتا ہے

البحث:

كل جملة من الجمل السابقة مركبة من فعل واحد ومن اسمين: الاسم الاول هو الذى سميناه فاعلا لان الفعل صدرعنه واذا بحثنا فى الامثلة الثلاثة الاولى راينا ان الاسم الثانى فى كل مثال وهو: الحبل' الثوب' الخروف' هو الذى وقع الفعل عليه فالفعل وهوالشد الذى حصل من التلميذ' وقع على الحبل' والطى الذى فعلته البنت وقع على الثوب' والا كل الذى صدر من الذئب وقع على الخروف' فالتلميذ' والبنت' والذئب كل واحد من هذه فاعل والحبل والثوب' والخروف كل واحد من هذه وقع عليه الفعل ويسمى مفعولا به وكذلك يقال فى بقية الامثلة واذا تاملنا اواخر الاسماء التى تدل على المفعول به وجدنا ها منصوبة.

بحث:

مذکورہ بالا تمام جملوں میں سے ہرایک جملہ ایک فعل اور دو اسموں سے مرکب ہے پہلا اسم وہ ہے جسے ہم فاعل کہتے ہیں کیونکہ اس سے فعل صادر ہوا ہے اور جب ہم پہلی تین مثالوں پر غور کرتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ ہرایک جملہ میں دوسرا اسم جو کہ الحبل' الثوب اور الخروف وہ ہے جس پر فعل واقع ہوا ہے پہلے جملہ میں شد (باندھا) فعل ہے جو التلمیذ کی طرف سے الحبل پر واقع ہوا ہے اسی طرح طوت (لپیٹا) ایک فعل ہے جو البنت کی طرف سے الثوب پر واقع ہوا ہے اور اکل (کھایا) ایک فعل ہے جو الذئب کی طرف سے الخروف پر واقع ہوا ہے اس لئے ان میں سے التلمیذ' البنت اور الذئب فاعل اور الحبل' الثوب اور الخروف مفعول بہ ہیں یہی حال باقی مثالوں کا بھی ہے اور جب ہم ان اسماء کے آخری حروف پر غور کرتے ہیں جومفعول بہ کہلاتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ ان میں سے ہرایک منصوب ہے۔

القاعدة:

(٨) المفعول به اسم منصوب وقع عليه فعل الفاعل.

ترجمہ:

(٨) مفعول بہ وہ منصوب اسم ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔

التمرين (١)

استخرج المفعول به من الجمل الاتية:

حل مشق (۱)

نیچے دیئے گئے جملوں میں سے مفعول بہ معلوم کیجئے:

۱-	مزق الغلام الورق	خادم نے کاغذ پھاڑا
۲-	حلبت الفتاة البقرة	لڑکی نے گائے دوہی
۳-	ایقظ الرعد النائم	کڑک نے سونے والے کو بیدار کردیا
۴-	اکل الحمار الفول	گدھے نے چارہ کھایا
۵-	صنع النجار کرسیا	بڑھئی نے کرسی بنائی
۶-	رمی الصیاد الشبکة	شکاری نے جال پھینکا
۷-	طبخت المراة الطعام	عورت نے کھانا پکایا
۸-	ابصر الرجل الهلال	آدمی نے ہلال دیکھا

حل:

الورق البقرة النائم الفول کرسیا
الشبکة الطعام الهلال

التمرین (۲)

• ضع الاسماء الاتیة فی جمل بحیث یکون کل واحد منها مفعولا به:

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل اسموں کو جملوں میں اس طرح رکھئے کہ ان میں سے ہرایک مفعول بہ بن جائے:

الثعبان النافذة الحذاء کتابا الحدیقة
البلح الفرس الماء

حل:

رای الخادم الثعبان — فتح الولد النافذة — نظفت البنت الحذاء
قرات کتابا — سقی البستانی الحدیقة — جنی الخادم البلح
رکب احمد الفرس — شربت البنت الماء

التمرين (۳)

ضع مفعولا به مناسبا لكل جملة من الجمل الاتية:

حل مشق (۳)

ہر جملے میں مناسب مفعول بہ لگائیے:

۱-	اكل القط	۲-	يزرع الفلاح
۳-	يبني البناء	۴-	مزق الولد
۵-	تخيط البنت	۶-	كسر الهواء
۷-	ينشر النجار	۸-	يبيع البدال
۹-	غسلت المراة		

حل:

۱-	اكل القط الخبز	۲-	يزرع الفلاح القمح
۳-	يبني البناء الغرفة	۴-	مزق الولد الكتاب
۵-	تخيط البنت القميص	۶-	كسر الهواء الغصن
۷-	ينشر النجار الخشب	۸-	يبيع البدال العنب
۹-	غسلت المراة شعرها		

التمرين (۴)

ضع فاعلا و مفعولا به لكل فعل من الافعال الاتية:

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل فعلوں کیساتھ فاعل اور مفعول دونوں لگائیے:

قطع	نظف	اكل	يحمل	يغسل
احترم	عاقب	يحفظ		

حل:

قطع البستاني الاشجار	نظف الولد اسنانه	اكل الخادم الرغيف
يحمل الجمل الاثقال	يغسل الاستاذ ثوبه	احترم الطفل المعلم

عاقب القاضی السارق　　　يحفظ التلميذ الدرس

التمرين (۵)

اقرا الامثلة السابقة و بين عدد الكلمات فی کل مثال.

حل مشق (۵)

نیچے قوسین میں دو دو اسم لکھے گئے ہیں ان کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجئے کہ ایک فاعل بن جائے اور دوسرا مفعول بہ:

(الولد –الماء)	(الرسالة – الخادم)	(السفينة – الهواء)
(الغزال–الاسد)	(الهر–اللحم)	(التلميذ–الدرس)

حل:

شرب الولد الماء	قراء الخادم الرسالة	اجری الهواء السفينة
افترس الاسد الغزال	اكل الهر اللحم	حفظ التلميذ الدرس

التمرين (٦)

هات اربع جمل يكون المفعول به فی الاولى من الانسان' وفی الثانية من الحيوان' وفی الثالثة من النبات' وفی الاخيرة من الجماد:

حل مشق (٦)

چار فعلیہ جملے اس طرح بنادیجئے کہ پہلے جملے میں مفعول بہ انسان ہو' دوسرے میں حیوان' تیسرے میں نبات اور چوتھے میں جماد ہو:

(۱) خلق الله الانسان فی احسن تقويم

(۲) ضرب الرجل البقرة

(۳) يحصد الفلاح القمح

(۴) انزل الله الحديد فيه باس شديد و منافع للناس

التمرين فی الانشاء (۷)

(۱) هات خس جمل تكون كلمة القمح فی كل منها مفعولا به:

(۲) هات خمس جمل تكون كلمة القطن فى كل منها مفعولا به:

حل مشق (۷)

(۱) پانچ ایسے جملے بنایئے کہ القمح (گندم) کا کلمہ ہرایک میں مفعول بہ واقع ہو:

۱- زرع الفلاح القمح
۲- حصد الفلاح القمح
۳- جمع الفلاح القمح
۴- حمل الفلاح القمح الى السوق
۵- باع الفلاح القمح فى السوق

(۲) پانچ ایسے جملے بنایئے کہ القطن (کپاس) کا کلمہ ہرایک میں مفعول بہ واقع ہو:

۱- اشترى الفلاح القطن
۲- زرع الفلاح القطن
۳- سقى الفلاح القطن
۴- قطف الفلاح القطن
۵- باع الفلاح القطن فى السوق

الموازنة بين الفاعل و المفعول به

(فاعل اور مفعول بہ میں موازنہ)

الامثلة	ترجمہ
۱- يجر الحصان العجلة	گھوڑا گاڑی کھینچتا ہے
۲- قطف الغلام الزهرة	غلام نے پھول توڑا
۳- ربطت فاطمة الجدى	فاطمہ نے بکری کا بچہ باندھا
۴- يسقى الفلاح الزرع	کسان کھیت کو پانی دیتا ہے
۵- قذف اللاعب الكرة	کھلاڑی نے گیند پھینکا
۶- حبس الشرطى اللص	سپاہی نے چور کو قید کیا۔

النتائج:

عرفنا مما مضى، ونعرف من تامل الامثلة السابقة ماياتى:

(۱) ان كل فاعل و كل مفعول به اسم
(۲) ان الفاعل هو الذى صدر عنه الفعل
(۳) ان المفعول به هو الذى وقع عليه الفعل
(۴) ان الفاعل آخره مرفوع
(۵) ان المفعول آخره منصوب

نتائج:

گزشتہ بحث اور اوپر کی مثالوں سے ہمیں مندرجہ ذیل باتیں معلوم ہوچکی ہیں:

(۱) یہ کہ ہر فاعل اور ہر مفعول اسم ہوتا ہے۔
(۲) یہ کہ فاعل وہ ہے جس سے کوئی کام صادر ہوا ہو۔
(۳) یہ کہ مفعول بہ وہ ہے جس پر کوئی فعل واقع ہو۔
(۴) یہ کہ فاعل کا آخری حرف مرفوع ہوتا ہے۔
(۵) یہ کہ مفعول بہ کا آخری حرف منصوب ہوتا ہے۔

المبتدا و الخبر

(مبتداء و خبر)

الامثلة	ترجمہ
۱- التفاحة حلوة	سیب میٹھا ہے
۲- الصورة جميلة	تصویر خوبصورت ہے
۳- الجرى مفيد	دوڑ مفید ہے
۴- القطار سريع	ریل گاڑی تیز ہے
۵- النظافة واجبة	صفائی ضروری ہے
۶- الارض مستديرة	زمین گول ہے

البحث:

الامثلة السابقة كلها جمل، وكل جملة منها مركبة من اسمين، والاسم الاول في كل جملة وهو الذى ابتدانا به الجملة فهو لذلك يسمى مبتداء واذا وضعنا اصبعنا على الاسم الثانى فى كل جملة فاخفيناه عن نظرنا وقرانا هكذا: التفاحة، الصورة، الجرى، فاننا نتحير، ونسال انفسنا ما شان التفاحة؟ وما شان الصورة؟ وما شان الجرى؟ ولكنا اذا رفعنا اصبعنا وقران هكذا: التفاحة حلوة، الصورة جميلة، الجرى مفيد، استفدنا فائدة تامة، والذى افادنا هو الاسم الثانى فى كل جملة هو الذى اخبرنا بحلاوة التفاحة، وجمال الصورة، وفادة الجرى ولذلك يسمى الاسم الثانى خبرا. واذا تاملنا آخر كل اسم من الاسمين فى كل جملة من الجمل السابقة وجدناه مرفوعا.

بحث:

مذکورہ بالا تمام کی تمام مثالیں جملے ہیں اور ان میں سے ہرایک جملہ دو اسموں سے مرکب ہے پہلا اسم وہ ہے جس سے ہم جملہ کی ابتداء کرتے ہیں اسی لئے اسے مبتداء کہا جاتا ہے اور اگر ہم ہرایک جملہ کے دوسرے اسم پر انگلی رکھ کر اپنی نظروں سے چھپادیں اور عبارت کو یوں پڑھیں التفاحة (سیب) الصورة (تصویر) الجری (دوڑ) تو ہم حیران ہوجائیں گے اور اپنے آپ سے سوال کریں گے کہ سیب' تصویر اور دوڑ کا معاملہ کیا ہے لیکن جب ہم اپنی انگلی کو دوسرے اسم سے ہٹا کر عبارت کو یوں پڑھیں التفاحة حلوة (سیب میٹھا ہے) الصورة جميلة (تصویر خوبصورت ہے) الجری مفید (دوڑ مفید ہے) تو جملے کا پورا مطلب ہماری سمجھ میں آجاتا ہے یہ فائدہ ہمیں جملہ کے دوسرے اسم کی وجہ سے ہوا ہے جس نے ہمیں سیب کے میٹھا ہونے' تصویر کے خوبصورت ہونے اور دوڑ کے مفید ہونے کی خبر دی ہے اسی وجہ سے اس دوسرے اسم کو خبر کہتے ہیں۔

اب اگر ہم مذکورہ بالا تمام جملوں کے دونوں اسموں پر غور کریں تو ہمیں پتہ چلے گا کہ ان تمام اسموں کا آخری حرف مرفوع ہے۔

القواعد:

(۹) المبتداء اسم مرفوع فی اول الجملة.

(۱۰) الخبر اسم مرفوع یکون مع المبتدا جملة مفیدة.

ترجمہ:

(۹) مبتداء وہ اسم مرفوع ہے جو جملہ کی ابتداء میں آتا ہے۔

(۱۰) خبر وہ اسم مرفوع ہے جو مبتداء کے ساتھ مل کر جملہ پورا کرتا ہے۔

التمرين (۱)

استخرج کل مبتداء و کل خبر من الجمل الاتية:

حل مشق (۱)

مندرجہ ذیل جملوں میں سے مبتداء اور خبر کو الگ الگ معلوم کیجئے:

۱- الدواة مملوءة   ۲- المزاح مضر

۳- المعلم حاضر   ۴- الهواء متجدد

۵- التاجر امين   ۶- الفقير محتاج

۷- الحذاء جديد ۸- الحديقة فسيحة

۹- الشجرة مثمرة

حل:

ان تمام جملوں کے پہلے اسم مبتداء اور دوسرے اسم خبر ہیں۔

التمرين (۲)

اجعل كل اسم من الاسماء الاتية مبتداء و اخبر عنه بخبر يناسبه:

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل اسموں میں سے ہراسم کو مبتداء قرار دے کر اس کے ساتھ مناسب خبر لگائیے:

الثوب	الدراجة	السرير	الكتاب
الغرفة	الزهرة	الكرسى	الحر

حل:

۱- الثوب نظيف ۲- الدراجة مفيدة

۳- السرير جميل ۴- الكتاب جديد

۵- الغرفة صغيرة ۶- الزهرة جميلة

۷- الكرسى مريح ۸- الحر شديد

التمرين (۳)

اجعل كل اسم من الاسماء الاتية خبرا المبتداء يناسبه:

حل مشق (۳)

مندرجہ ذیل اسموں میں سے ہرایک اسم کو خبر قرار دے کو کسی مناسب مبتداء کے ساتھ جوڑ دیجئے:

طالع	صغير	ناعم	مذبوحة
عليل	باكية	فصيح	لامع

حل:

۱- القمر طالع	۲- الولد صغیر
۳- الحریر ناعم	۴- الشاۃ مذبوحة
۵- الطفل علیل	۶- الام باکیة
۷- الخطیب فصیح	۸- الکوکب لامع

التمرین (۴)

کون اربع جمل من الاسماء الاتیة بحیث تضع کل مبتداء مع الخبر المناسب له:

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل اسموں کو اس طرح ملائیے کہ چار جملے مبتداء وخبر پر مشتمل بن جائیں:

الحدید	المصباح	المطر	الحصان
غزیر	معدن	صاهل	منیر

حل:

۱- الحدید معدن	۲- المصباح منیر
۳- المطر غزیر	۴- الحصان صاهل
۵- نزل المطر	۶- عطش الزرع

التمرین (۵)

اجعل کل فاعل فی الجمل الاتیة مبتداء واخبر عنه باسم یوده معنی الفعل الذی فی جملته:

حل مشق (۵)

مندرجہ ذیل جملوں میں جتنے فاعل آئے ہیں ان کو مبتداء بنائیے اور ہر مبتداء کے لئے ایک ایسی خبر بنائیے جو مذکورہ فعل کے معنی ادا کرسکے:

۱- یفترس النمر	۲- یحضر المسافر
۳- یسبح السمک	۴- تنضج الفاکهة

۵- یشتد الحر　　۶- یندم الکسلان

حل:

۱- التمر مفترس　　۲- المسافر حاضر

۳- السمک سابح　　۴- الفاکهة ناضجة

۵- الحر شدید　　۶- الکسلان نادم

التمرین (۶)

کون خمس جمل کل جملة منها تتالف من مبتداء و خبر.

حل مشق (۶)

پانچ ایسے جملے بنایئے جو مبتداء اور خبر سے مرکب ہوں۔

۱- الارض مستدیرة　　۲- الصورة جملیة

۳- الدواء نافع　　۴- العلم نور

۵- الولد ذکی

التمرین فی الانشاء (۷)

(۱) کون خمس جمل فی وصف الماء بحیث یکون لفظ الماء فی کل منها مبتداء

(۲) کون خمس جمل فی وصف الدجاجة بحیث یکون لفظ الدجاجة فی کل منها مبتداء

انشاء پردازی کی مشق (۷)

(۱) الماء (پانی) کے متعلق پانچ ایسے جملے بنایئے جس میں الماء بطور مبتداء آئے۔

(۲) الدجاجة (مرغی) کے متعلق پانچ ایسے جملے بنایئے جن میں الدجاجة بطور مبتداء آئے۔

حل (۱):

۱- الماء ینزل من السماء　　۲- الماء یجری فی البحر

۳- الماء ینبت الاشجار باذن الله　　۴- الماء یدفع العطش

۵- الماء ینفع الناس

حل (۲):

۱- الدجاجة یوکل لحمها ۲- الدجاجة تبیض

۳- الدجاجة تخاف من القط ۴- الدجاجة تاکل القمح

۵- الدجاجة تشرب الماء

الجملة الفعلیة

جملہ فعلیہ

الامثلة	ترجمہ
۱- لمع البرق	بجلی چمکی
۲- عوی الذئب	بھیڑیا بھونکا
۳- یسقط الثلج	برف گرتی ہے
۴- یشتدالبرد	سردی خوب پڑتی ہے
۵- اقطف الوردة	تو گلاب کا پھول توڑ
۶- خذالکتاب	کتاب کو پکڑ

البحث:

نعرف مما تقدم ان کل مثال من الامثلة السابقة یسمی جملة مفیدة: لانه ترکیب یفید السامع فائدة تامة. واذا تاملنا هذه الجمل وجدنا کل واحدة منها مرکبة من فعل وفاعل' ولان کل جملة من هذه الجمل مبدوء ة بفعل. تسمی جملة فعلیة.

بحث:

گزشتہ مباحث سے ہم جان چکے ہیں کہ مذکورہ بالا تمام مثالیں الگ الگ جملے ہیں کیونکہ یہ ایسے مرکب ہیں جن سے سننے والے کو پورا مطلب سمجھ میں آجاتا ہے۔

اب اگر ہم مذکورہ جملوں پر دوبارہ غور کریں تو ہمیں پتہ چلے گا کہ ان میں سے ہرایک جملہ کسی فعل اور فاعل سے مل کر بنا ہے اور ہر جملہ کسی فعل سے شروع ہوتا ہے لہٰذا ہر وہ جملہ جو کسی فعل سے شروع ہو جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔

القاعدة:

(۱۱) کل جملة تترکب من فعل و فاعل تسمی جملة فعیلة.

ترجمہ:

(۱۱) ہر وہ جملہ جو فعل اور فاعل سے بنا ہو جملہ فعلیہ کہلاتا ہے۔

التمرین (۱)

کون جملا فعلیة یوضع فاعل للافعال الاتیة:

حل مشق (۱)

مندرجہ ذیل افعال کیساتھ مناسب فاعل لگا کر جملہ فعلیہ بنایئے:

مال	غرد	انکسر	المر	ینتصر	یتمزق
یشکو	احترق	یصطف	ینطفی	تشرق	ضحک

حل:

۱-	مال السارق الی الاعتراف	۲-	غرد العصفور
۳-	انکسر الکوب من الضرب	۴-	التمر المر؟
۵-	ینتصر الحق علی الباطل	۶-	یتمزق الثوب
۷-	یشکو المریض الالم	۸-	احترق الزرع اذ لم یسق
۹-	یصطف الطیر فی جو السماء	۱۰-	ینطفی السراج حین ینتهی الزیت
۱۱-	تشرق الدنیا بطلوع الشمس	۱۲-	ضحک المجنون وحده من غیر سبب

التمرین (۲)

کون جملا فعلیة یجیء فیها کل اسم من الاسماء الاتیة فاعلا لفعل ماضی:

حل مشق (۲)

ایسے فعلیہ جملے بنایئے جن میں مندرجہ ذیل اسماء کسی فعل ماضی کے لئے فاعل بن جائیں:

الهلال النجوم المصباح الظلام الدیک الاسد

الذئب الحمار

حل:

۱-	طلع الهلال	۲-	لمعت النجوم
۳-	اتقد المصباح	۴-	انتشر الظلام
۵-	صاح الديک	۶-	زار الاسد
۷-	عوی الذئب	۸-	نهق الحمار

التمرين (۳)

کون جملا فعلية يجیء فيها کل اسم من الاسماء الاتية فاعلا لفعل مضارع:

حل مشق (۳)

ایسے فعلیہ جملے بنایئے جن میں مندرجہ ذیل اسماء کسی فعل مضارع کے لئے فاعل بن جائیں:

العصفور الحر المطر الوردة الثوب النار
اللص التاجر

حل:

۱-	يشرب العصفور الماء	۲-	يشتد الحر فی الصيف
۳-	ينزل المطر فی الشتاء	۴-	تتفتح الوردة فی البستان
۵-	يستر الثوب عورة الانسان	۶-	تاکل النار الحطب
۷-	يسرق اللص اموال الناس فی الليل	۸-	يربح التاجر فی بيعه و شرائه

التمرين (۴)

کون جملا فعلية يجیء فيها کل اسم من الاسماء الاتية مفعولا به:

حل مشق (۴)

ایسے فعلیہ جملے بنایئے جن میں مندرجہ ذیل اسماء مفعول بہ بن جائیں:

الغنم المريض الخشب القمح القطن الباب

الشاة　　الکتاب

حل:

۱- اکل الاسد الغنم　　۲- عاد الطبیب المریض
۳- حمل النجار الخشب　　۴- حصد الفلاح القمح
۵- اقتطف الغلام القطن　　۶- فتح الولد الباب
۷- ذبح الامیر الشاة　　۸- قرا التلمیذ الکتاب

التمرین (۵)

ایت بثلاث جمل فعلیة فعلها ماض' وبثلاث اخری فعلها مضارع:

حل مشق (۵)

تین ایسے فعلیہ جملے بنائیں جن کا فعل' فعل ماضی اور تین ایسے جملے جن کا فعل' فعل مضارع ہو:

حل(۱):

۱- شرب الولد اللبن　　۲- نصر زید حامدا
۳- اکلت البنت الخبز

حل (۲):

۱- یکرم التلمیذ الاستاذ　　۲- یخشی البخیل الفقر
۳- یضرب القاضی السارق

التمرین (۶)

هات خمس جمل فعلیة فی موضوع الکرة' وخمسا اخری فی موضوع الدراجة:

انشاء پردازی کی مشق حل (۶)

(۱) الکوة (گیند) کے موضوع پر پانچ فعلیہ جملے بنائیے۔
(۲) الدرجة (سائیکل) کے موضوع پر پانچ فعلیہ جملے بنائیے۔

حل (۱):

۱- اشتری الولد من السوق کرة
۲- رایت الاطفال یلعبون بالکرة
۳- انی العب بالکرة فی فناء المدرسة مع اصدقائی
۴- نحن نلعب بالکرة الصغیرة فاحدنا یرمیها الی ولد آخر
۵- وھو یرمیها بدوره الی آخر و آخر وھکذا حتی تعود مرة اخری الی الاول

حل (۲):

۱- ھذه دراجتی وھی تعرف باسم سھراب
۲- لونا اسود وھی صنعت من حدید متین
۳- انا اذھب علیها الی المدرسة والی السوق
۴- الدراجة تقطع مسافة بعیدة فی وقت قلیل
۵- ھی لرخص وسائل السفر وتعرف بعربة الرجل العام

الجملة الاسمیة

جملہ اسمیہ

الامثلة	ترجمہ
۱- الدار واسعة	گھر کشادہ ہے
۲- الجو معتدل	فضا معتدل ہے
۳- الغبار ثائر	غبار اڑا ہوا ہے
۴- الشارع مزدحم	سڑک پر بھیڑ لگی ہے
۵- الطریق ضیقة	راستہ تنگ ہے
۶- الفارة مختبئة	چوہا چھپا ہوا ہے۔

البحث:

الامثلة السابقة کلها جمل مفیدة' وکل واحدة منها مرکبة من اسمین' اولھما مبتداء' والثانی خبر ولان کل جملة من ھذه الجمل مبدوء ة باسم' تسمی جملة اسمیة

بحث:

مذکورہ بالا تمام کی تمام مثالیں الگ الگ جملے ہیں ہر جملہ دو اسموں پر مشتمل ہے پہلے اسم کو مبتداء اور دوسرے کو خبر کہتے ہیں چونکہ مذکورہ بالا ہر جملہ اسم سے شروع ہوتا ہے اس لئے ان جملوں کو اسمیہ جملے کہا جاتا ہے۔

القاعدة:

(۱۲) کل جملة تترکب من مبتداء و خبر تسمی جملة اسمية.

ترجمہ:

(۱۲) ہر وہ جملہ جو مبتداء اور خبر سے مرکب ہو جملہ اسمیہ کہلاتا ہے۔

التمرين (۱)

(۱) کون جملا اسمية بوضع اخبار للمتبدآت الاتية:

(۲) کون جملا اسمية بوضع مبتدآت للاخبار الاتية:

حل مشق (۱)

(۱) مندرجہ ذیل اسموں کو مبتداء قرار دے کر ان کے لئے مناسب خبر تجویز کیجئے تاکہ یہ اسمیہ جملے بن جائیں:

النخلة المدرسة الثوب الحذاء

الجمل الفيل الثعبان الخادم

حل (۱):

۱- النخلة طويلة ۲- المدرسة واسعة

۳- الثوب نظيف ۴- الحذاء جميل

۵- الجمل قوى ۶- الفيل صابر

۷- الثعبان عظيم ۸- الخادم عاقل

(۲) مندرجہ ذیل اسماء کو خبر قرار دے کر ان کے لئے مناسب مبتداء تلاش کیجئے تاکہ یہ اسمیہ جملے بن جائیں:

حلو مر مستديرة طويل

سريع جميل مفترس خائف

مشرقة　　مظلمة　　جاف　　بارد

۱-	التفاح حلو	۲-	الحق مر
۳-	الارض مستديرة	۴-	الولد جميل
۵-	الاسد مفترس	۶-	المنافق خائف
۷-	الشمس مشرقة	۸-	الليلة مظلمة
۹-	الهواء جاف	۱۰-	الجو بارد

التمرين (۲)

كون من الكلمات الاتية جملا اسمية تتالف كل منها من مبتداء و خبر:

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل کلمات کو اس طرح ترتیب دیں کہ یہ مبتداء اورخبر پر مشتمل اسمیہ جملے بن جائیں:

الثوب	الميدان	مغلق	مشتعلة
ممزق	ذابلة	الزهرة	النار
محلوج	الباب	القطن	فسيح

حل:

۱-	الثوب ممزق	۲-	الميدان فسيح
۳-	الباب مغلق	۴-	النار مشتعلة
۵-	القطن محلوج	۶-	الزهرة ذابلة

التمرين (۳)

كون ست جمل اسمية بحيث يكون المبتداء فى كل جملتين مرة من الانسان ومرة من الحيوان وثالثة من النبات:

حل مشق (۳)

چھ اسمیہ جملے اس طرح بنایئے کہ دو جملوں میں مبتداء انسان ہو دو جملوں میں حیوان اور دو جملوں میں نبات:

حل:

۱-	الفلاح یحصد القمح	۲-	الولد یقرء الکتاب
۳-	الشاۃ تاکل شعیرا	۴-	الکلب ینام فی البستان
۵-	النخل مثمرۃ	۶-	القطن محلوج

التمرین (۴)

اقرا الامثلۃ السابقۃ و بین عدد الکلمات فی کل مثال.

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل جملوں میں سے فعلیہ جملوں کو اسمیہ سے الگ کردیجئے اور ان میں فعل و فاعل یا مبتداء خبر کا تعین کردیجئے:

۱-	الماء رائق	۲-	یسقط الجدار
۳-	البرد قارس	۴-	یشتد الحر فی الصیف
۵-	جنی الفلاح القطن	۶-	یجول التاجر فی البلد
۷-	یسرج الخادم الحصان	۸-	الزجاج مکسور
۹-	القط جائع	۱۰-	النوافذ مفتحۃ
۱۱-	تزدحم المدینۃ	۱۲-	ینزل المطر من السماء

حل:

اسمیہ جملے: پہلا جملہ، تیسرا جملہ، آٹھواں جملہ، نواں جملہ اور دسواں جملہ ان تمام کا پہلا اسم مبتداء اور دوسرا خبر ہے۔

فعلیہ جملے: دوسرا جملہ، چوتھا جملہ، پانچواں جملہ، چھٹا جملہ، ساتواں جملہ، گیارہواں اور بارہواں جملہ یہ تمام جملے فعل سے شروع ہوتے ہیں ان میں فعل کے بعد آنے والا اسم فاعل ہے۔

التمرین (۵)

حول الجمل الاسمیۃ الی جمل فعلیۃ:

حل مشق (۵)

مندرجہ ذیل اسمیہ جملوں کو فعلیہ جملوں میں تبدیل کیجئے:

۱- الولد نائم
۲- الكتاب نافع
۳- البحر هائج
۴- الشمس مشرقة
۵- الحجرة مظلمة
۶- المطر كثير

حل:

۱- نام الولد
۲- ينفع الكتاب
۳- هاج البحر
۴- اشرقت الشمس
۵- اظلمت الحجرة
۶- كثر المطر

التمرين (٦)

حول الجمل الفعلية الاتية الى جمل اسمية:

حل مشق (٦)

مندرجہ ذیل جملوں کو اسمیہ جملوں میں تبدیل کیجئے:

۱- ضاع المفتاح
۲- اسرع القطار
۳- زاد النيل
۴- يثمر البستان
۵- يغرد الطائر
۶- يضيء المصباح

حل:

۱- المفتاح ضائع
۲- القطار سريع
۳- النيل زائد
۴- البستان مثمر
۵- الطائر مغرد
۶- المصباح مضيى

التمرين فى الانشاء (٧)

اجب عن الاسئلة الاتية بجمل تامة وبين نوع كل جملة تجيب بها:

حل انشاء پردازی مشق (٧)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مکمل جملوں کی صورت میں لکھ دیجئے نیز ہر جملہ کے متعلق بتائیے کہ وہ جملہ فعلیہ ہے یا اسمیہ؟

۱- ماشكل البرتقالة؟
۲- مالونها؟

۳- اناعمة هی ام خشنة؟ ۴- هل اکلت برتقالة؟
۵- کیف وجدت طعمها؟ ۶- بکم تشتری البرتقاله؟

حل:

۱- شکل البرتقالة فیما بین الکروی والبیضوی جملہ اسمیہ
۲- لونها اصفر فاقع جملہ اسمیہ
۳- هی ناعمة جملہ اسمیہ
۴- اکلت برتقالة جملہ فعلیہ
۵- وجدت طعمها حلوا حامضا جملہ فعلیہ
۶- نشتری البرتقالة کل عدد منها بروبیة باکستانیة جملہ فعلیہ

نصب الفعل المضارع
(فعل مضارع کا نصب)

الامثلة	ترجمہ
۱- ارید ان احسن السباحة	میں چاہتا ہوں کہ اچھا تیراک بنوں
۲- ارجو ان یعتدل الجو	مجھے امید ہے کہ فضا معتدل ہوگی
۳- یسرنی ان تزورنا	مجھے خوشی ہوگی کہ آپ ہمارے پاس تشریف لائیں
۴- لن اکذب	میں ہرگز جھوٹ نہ بولوں گا
۵- لن یفوز الکسلان	ست ہرگز کامیاب نہ ہوگا
۶- لن اضرب القط	میں ہرگز بلے کو نہیں ماروں گا
۷- اذن تقیم عندنا تجیب بذلک من قال سازور مدینتکم	تب آپ ہمارے ہاں قیام کریں گے (یہ اس شخص کے جواب میں کہا جائے گا جو یہ کہے کہ میں تمہارے شہر آؤں گا)
۸- اذن تربح تجارتک تجیب بذلک من قال ساکون امینا	تب تیری تجارت تجھے نفع دے گی۔ (یہ اس شخص کے جواب میں کہا جائے گا جو یہ کہے کہ میں امانت دار رہوں گا)

۹- اذن یفسد الهواء تجیب بذلک من قال ساغلق النوافذ | تب تو ہوا خراب ہوجائے گی۔ (یہ اس شخص کے جواب میں کہا جائے گا جو یہ کہے کہ میں کھڑکیاں بند کردوں گا)

۱۰- جئت کی اتعلم | میں آیا کہ تعلیم حاصل کروں

۱۱- خرجت کی اتنزہ | میں نکلا کہ سیر کروں

۱۲- اتعلم کی اخدم الوطن | میں تعلیم حاصل کروں گا تا کہ وطن کی خدمت کرسکوں

البحث:

یشتمل کل مثال من الامثلة السابقة علی فعل مضارع قبلہ احد الاحرف الاربعة: ان، لن، اذن، کی واذا تاملت آخر کل مضارع مسبوق بواحد من ھذہ الاحرف الاربعة فی ھذہ الامثلة وفی غیرھا وجدتہ منصوبا ولکنک اذا حذفت ھذا الحرف وجدت الفعل مرفوعا.

ومن ذلک یفھم ان ھذہ الاحرف تنصب الفعل المضارع الذی یاتی بعدھا.

بحث:

مذکورہ بالا تمام مثالوں میں سے ہرایک میں فعل مضارع آیا ہے جس سے پہلے ان، لن کی اور اذن میں سے کوئی ایک حرف آیا ہے اب اگر آپ غور سے دیکھیں تو آپ کو معلوم ہوگا کہ مضارع کا آخری حرف منصوب ہوگیا ہے اور اگر ان حروف کو جملوں میں سے نکال دیا جائے تو یہی فعل مضارع پھر بدستور مرفوع ہوکررہ جائے گا۔

اس سے یہ بات ذہن نشین کرلینی چاہئے کہ یہ حروف جب فعل مضارع کی ابتداء میں آتے ہیں تو اسے نصب دے دیتے ہیں۔

القاعدة:

(۱۳) ینصب الفعل المضارع متی سبقة احد النواصب الاربعة ھی: ان- لن- اذن- کی

ترجمہ:

(۱۳) جب فعل مضارع سے پہلے نواصب اربعہ میں سے کوئی ایک آ جائے تو فعل مضارع منصوب ہو جاتا ہے۔

نواصب اربع یہ ہیں: ان- لن- کی- اذن

التمرين (ا)

اقرا الجمل الاتية وعين الافعال المضارعة المنصوبة فيها واذكر السبب فی نصب کل فعل:

حل مشق (ا)

مندرجہ ذیل جملوں کو پڑھئے اور ان میں جہاں جہاں فعل مضارع منصوب استعمال ہوا ہے اس کا تعین کیجئے نیز اس کے منصوب ہونے کے سبب کا بھی ذکر کیجئے۔

۱- لن يبيع ابی حصانه
۲- هززت الشجرة كي يسقط ثمرها
۳- لايجور للانسان ان يجلس فی مجری الهواء
۴- فتحت نوافذ الحجرة كي يتجدد هواوها
۵- كن مودبا كي تكون محبوبا
۶- يشتغل الانسان بالنهار وينام بالليل
۷- يجب عليک ان تنظف اسنانک کل یوم
۸- اذن يصح بدنک (تجيب بذلک من قال: ساعتاد التكبير الى النوم)
ضع كل فعل من الافعال المضارعة الاتية فى جمل مفيدة: بحيث يكون مرة مرفوعا ومرة منصوبا ومرة مجزوما واضبط آخر كل فعل تظهر عليه الحركة.

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل افعال مضارع کو مفید جملوں میں اس طرح رکھیں کہ پہلی دفعہ مرفوع دوسری مرتبہ منصوب اور تیسری بار مجزوم آئیں جس فعل پر حرکت ظاہر ہوتی ہو اس پر اعراب لگادیں:

یحیا یدنو یھتدی یعلو یستوی یخلو

حل:

یحیا المسلم للمسلم	علی المسلم ان یحیا للمسلم	لاتحیا للکافر
یدنو الولد من جدار البیت	امر القاضی الی شرطا ان یدنی المجرم	لا تدن من المجرمین
المسلم یھتدی القرآن	اودان یھتدی الغلام	لا تھتد اقوال الفلاسفة بل اھتد القرآن
الحجاز یعلو علی بقاع الارض	لن یعلو من لم یجتھد	لم یعل من لم یسمع النصح
ھل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون	لن یستوی الاعمی و البصیر	لم یستو المجتھد والکسلان
المنافق لا یخلو عن المنکر	لن یخلو الفاسق عن التجاوز	البیت لم یخل عن الاثاث

التمرین (۳)

(۱) ایت بثلاث جمل فی کل منھا مضارع مرفوع' معتل الاخر بالالف فی الاولی' وبالواو فی الثانیة وبالیاء فی الثالثة.

(۲) کون ثلاث جمل تشتمل کل منھا علی فعل مضارع منصوب' معتل الاخر بالالف فی الاولی وبالواو فی الثانیة وبالیاء فی الثالثة.

(۳) ایت بثلاث جمل تشتمل کل منھا علی فعل مضارع مجزوم' معتل الاخر بالالف فی الاولی' وبالواو فی الثانیة وبالیاء فی الثالثة.

حل مشق (۳)

(۱) تین ایسے جملے بنائیں کہ ہرایک میں فعل مضارع معتل الاخر پہلی دفعہ بالالف' دوسری دفعہ بالواؤ اور تیسری دفعہ بالیاء آجائے۔

حل:

۱- فانذرتکم نارا تلظی ۲- الذین اتیناھم الکتاب یتلونه حق تلاوته

۳- یھدی اللہ من یشاء الی صراط مستقیم

(۲) تین ایسے جملے بنائیں کہ ہرایک میں فعل مضارع منصوب معتل الاخر ایک دفعہ بالالف' دوسری دفعہ بالواؤ اور تیسری دفعہ بالیاء آجائے۔

حل:

۱- علی المسلم ان یخشی اللہ ۲- اخاف ان تدنو من الاسد

۳- وقالو مال ھذا الرسول یاکل الطعام ویمشی فی الاسواق

(۳) تین ایسے جملے بنائیں کہ ہرایک میں فعل مضارع مجزوم معتل الاخر پہلی دفعہ بالالف' دوسری دفعہ بالواؤ اور تیسری دفعہ بالیاء آجائے۔

حل:

۱- لا ترض بالمنکر ۲- لا ترج من اللہ الا خیرا

۳- لا تمش فی الارض مرحا

التمرین (۴)

ھات مضارع کل فعل من الافعال الاتیة' وضعه فی جمل ثلاث' بحیث یکون مرة مرفوعا ومرة منصوبا ومرة مجزوما ثم اضبط آخر المضارع الذی تظھر علیه الحرکة:

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل افعال سے فعل مضارع بنا کر اس طرح جملوں میں استعمال کریں کہ پہلی دفعہ مرفوع' دوسری دفعہ منصوب اور تیسری دفعہ مجزوم آجائیں جہاں ظاہری اعراب ہو وہاں

مضارع کے آخر پر اعراب لگادیں:

علا　　ھدی　　شکا　　رضی　　عمی　　خفی

حل:

۱- یعلو الرجل بخلقه
۲- کاد الناس ان یعلو السقف
۳- لم یعل الطفل السریر

۱- یهدی الله الی صراط مستقیم
۲- ان یهدی الله من لا یستهدی
۳- لم یهد الله القوم الظالمین

۱- یشکو المریض الطبیب
۲- لن یشکو الصابر المصائب
۳- لم یشک المریض الطبیب

۱- یرضی الله من عباده بقلیل من العمل الخالص
۲- ولن ترضی عنک الیهود ولا النصاری حتی تتبع ملتهم
۳- ولم یرض الفاسق عن الله

۱- یعمی الحریض عند الغرض
۲- لن یعمی المسلم عند مجیی الحق
۳- لم یعم ولم یصم ولکن الکفر عماه واصماه

۱- یختفی المجرم عن الاقطار
۲- لن یحفی قلیل من العمل والکثیر منه علی الله یوم القیامة
۳- لم یخف الطالب کراسته

التمرین (۵)

(ب) اعرب الجمل الاتیة:

حل مشق (۵)

(ب) مندرجہ ذیل جملوں کے اعراب بیان کیجئے:

۱- ینهى الله عن الكذب ۲- یصفو الجو
۳- لن یرتقی الحسود ۴- لم تغل القدر

حل:

۱- ینهى فعل مضارع مرفوع بر ضمہ مقدرہ بالالف
الله فاعل مرفوع بر ضمہ لفظا
عن حرف جر مبنی بر سکون
الکذب مجرور علامت جر کسرہ
۲- یصفو فعل مضارع مرفوع بر ضمہ مقدرہ بالواؤ
الجو فاعل مرفوع بر ضمہ لفظا
۳- لن حرف نفی ناصب فعل مضارع مبنی بر سکون
یرتقی فعل مضارع منصوب بلن بر فتحہ لفظا
الحسود فاعل مرفوع بر ضمہ
۴- لم حرف نفی و جزم مبنی بر سکون
تغل فعل مضارع مجزوم و علامت جزم یاء محذوفہ
القدر فاعل مرفوع بر ضمہ

الاسم المعتل الاخر

المقصور واحوال اعرابه

(مقصور اور اس کا اعراب)

الامثلة	اردو
١- نجا الفتى من الغرق	جوان ڈوبنے سے بچ گیا
نجيت الفتى من الغرق	میں نے جوان کو ڈوبنے سے بچایا
٢- ضاعت العصا	لاٹھی ضائع ہوگئی
اضعت العصا	میں نے لاٹھی ضائع کی
٣- نالنى الاذى	مجھے تکلیف پہنچی
منعت الاذى	میں نے تکلیف کو روکا
٤- شمت بى العدا	مجھ پر دشمن ہنسے
لاتشمت بى العدا	دشمنوں کو مجھ پر مت ہنساؤ
١- رضيت عن الفتى	میں جوان سے راضی ہوا
٢- اتكات على العصا	میں نے عصا پر ٹیک لگائی
٣- سلمت من الاذى	میں دکھ سے محفوظ رہا
٤- انتصرت على العدا	میں دشمنوں پر غالب ہوا

البحث:

الكلمات: الفتى والعصا والاذى والعدا فى الامثلة المتقدمة كلها اسماء معربة وفى آخر كلها منها الف ثابتة هذه الاسماء وما شابهها من كل ما هو معرب آخره الف لازمة. تسمى بالاسماء المقصورة.

واذا تاملت هذه الاسماء وجلتها فى القسم الاول مرفوعة لان كل واحد منها بقع فاعلا وفى القسم الثانى منصوبة لان كل منها مفعول به وفى القسم الثالث مجرورة بحرف جر فما علامات الرفع والنصب والجر فيها؟ نحن نعلم ان العلامات الاصلية للرفع والنصب والجر هى الضمة والفتحة والكسرة ولكننا هنا لا نرى اثرا للضم اوالفتح او الكسر، فما سبب ذلک؟ السبب ان آخر كل كلمة من هذه الكلمات الف والالف يتعذر تحريكها ولذلک بقيت ساكنة وقدرت عليها الضمة

فی حالۃ الرفع' والفتحۃ فی حالۃ النصب والکسرۃ فی حالۃ الجر.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں الفتی العصا' الاذی اور العدامعرب اسماء ہیں اور ان سب کے آخر میں الف موجود ہے چنانچہ ہر وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں لازمی طور پر الف موجود ہو ایسے اسماء کو اسماء مقصورہ کہتے ہیں۔

جب آپ ان اسماء پر مزید غور کریں گے تو آپ پہلے چار اسماء کو مرفوع پھر ان کے سامنے والے چار اسماء کو منصوب اور آخری چار اسماء کو مجرور پائیں گے لیکن کسی پر بھی رفع' نصب یا جر کی علامت نظر نہیں آئے گی اس لئے کہ ان سب اسماء کے آخر میں الف ہے اور الف پر کوئی حرکت نہیں آ سکتی لہذا تینوں جگہ یعنی حالت رفعی میں ضمہ' حالت نصبی میں فتحہ اور حالت جری میں کسرہ مقدر ہے۔

القواعد:

(۳۹) المقصور هو کل اسم معرب آخره الف لازمة.

(۴۰) تقدر علی آخر المقصور حرکات الاعراب الثلاث.

ترجمہ:

(۳۹) مقصور وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں لازماً الف آیا ہو۔

(۴۰) مقصور کے آخر پر اعراب ہمیشہ (رفع' نصب اور جر) کی حالت میں تقدیری ہوتا ہے۔

التمرين (۱)

عین الاسماء المقصورۃ فی العبارات الاتیۃ:

حل مشق (۱)

مندرجہ ذیل عبارات میں سے اسماء مقصورہ متعین کیجئے:

۱- یفضل بعض الناس سکنی القری علی سکنی المدن

۲- فی حلوان مستشفی لامراض الرئتین

۳- الخربات ماوی البوم والغربان

۴- من طلب العلا سهرا للیالی

۵- الاقتصاد سبیل الغنی

۶- اشتری القصاب ثلاث مدی

حل:

۱- القری	۲- مستشفی
۳- ماوی	۴- العلی
۵- الغنی	۶- مدی

التمرین (۲)

ضع الاسماء الاتیة فی جمل مفیدة' بحیث یکون کل منها مرة فاعلا' ومرة مفعولا به' ومرة مجرورا بحرف جر:

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل اسماء کو مفید جملوں میں اس طرح رکھیں کہ پہلی جگہ فاعل دوسری جگہ مفعول بہ اور تیسری جگہ مجرور بہ حرف آ جائیں:

الهدی الذکری المنی الرضا القری

حل:

اذا جاء الهدی زهق الضلالة	فمن تبع هدای فلا خوف علیهم ولا هم یحزنون
هوالذی ارسل رسوله بالهدی ودین الحق	
فذکر ان نفعت الذکری	ذکر الناصح الذکری لکن القوم لا یفقهون حدیثا
انذر قومک بالذکری	
جاء ت المنی ولکن لم اکملها	املکت المنی وما اعوجتنی
رکبت علی المنی وبعدت عن الحق	
بلغنی الرضا من خلیلی	رایت رضاه فی عملی
فرح صدیقی بالرضا	
اذا جاء ت القری انزل من السیارة	رایت القری من جانب الایمن
مررت بقری ماوراء النهر	

التمرين (۳)

(۱) ایت بثلاث جمل اسمية المبتداء فی کل منها اسم مقصور
(۲) ایت بثلاث جمل فعلية الفاعل فی کل منها اسم مقصور
(۳) ایت بثلاث جمل فعلية الفاعل المفعول به فی کل منها اسم مقصور

حل مشق (۳)

(ا) تین ایسے اسمیہ جملے لکھیں کہ ہرایک میں مبتداء اسم مقصور ہو:

۱- موسی رسول الله ۲- عیسی کلمة الله
۳- الفتی ذکی

(۲) تین ایسے فعلیہ جملے لکھیں کہ ہرایک میں فاعل اسم مقصور ہو:

۱- ذهب الفتی الی المدرسة ۲- امر الکسری بضرب عدوه
۳- جاء الاعمی یسئل الناس

(۳) تین ایسے فعلیہ جملے لکھیں کہ ہرایک میں مفعول بہ اسم مقصور ہو:

۱- جاء المریض الی المستشفی ۲- اکلت الکمثری
۳- لا تتبع الهوی فیضلک عن الحق

التمرين فی الاعراب (۴)

(ب) اعرب الجمل الاتية:

حل اعراب کی مشق (۴)

(ب) مندرجہ ذیل جملوں کی اعرابی حالت بیان کیجئے:

۱- لا تتبع الهوی ۲- الفوضی مفسدة للاعمال
۳- الحمية نافعة للمرضی

حل:

۱- لا حرف ناصبہ مبنی برسکون
تتبع فعل مضارع مجزوم مرفوع محلل

	الھوی	مفعول بہ منصوب محلل برفتحہ مقدرہ بالالف
۲-	الفوضی	مبتداء مرفوع برضمہ مقدرہ بالالف
	مفسدۃ	خبر مرفوع برضمہ لفظاً
	للاعمال	لام حرف جر مبنی برکسر الاعمال مجرور علامت جر کسرہ
۳-	الحمیۃ	مبتداء مرفوع برضمہ لفظاً
	نافعۃ	خبر مرفوع برضمہ لفظاً
	للمرضی	لام حرف جر مبنی برکسرہ المرضی مجرور برکسرہ مقدرہ

المنقوص و احوال اعرابہ

(منقوص اور اس کا اعراب)

	الامثلۃ	اردو	الامثلۃ	اردو
۱-	فر الجانی	مجرم بھاگا	حبست الجانی	میں نے مجرم کو قید کیا
۲-	عدل القاضی	قاضی نے انصاف کیا	نحترم القاضی	ہم قاضی کا احترام کرتے ہیں
۳-	نادی المنادی	پکارنے والے نے پکارا	سمعت المنادی	میں نے پکارنے والے کو سنا
۴-	یندم الباغی	باغی پشیمان ہوتا ہے	یکرہ الناس الباغی	لوگ باغی سے نفرت کرتے ہیں

۱-	نظرت الی الجانی	میں نے مجرم کی طرف دیکھا
۲-	قمنا اجلالا للقاضی	ہم قاضی کے لئے احتراماً کھڑے ہوئے
۳-	اصغیت الی المنادی	میں پکارنے والے کی طرف متوجہ ہوا
۴-	علی الباغی تدور الدوائر	باغی پر زمانہ کی مصیبتیں ٹوٹتی ہیں

البحث:

الکلمات: الجانی والقاضی والمنادی والباغی کلھا اسماء معربۃ وفی آخر کل منھا یاء ثابتۃ مکسور ماقبلھا ھذہ الاسماء وما شابھھا تسمی بالاسماء المنقوصۃ.

واذا تاملنا ھذہ الاسماء وجدناھا فی القسم الاول مرفوعۃ لان کلا منھا یقع فاعلا وفی القسم الثانی منصوبۃ لان کل منھا یقع مفعولا بہ وفی القسم الثالث

مجرورة بحرف جر' ولكننا لا نرى هنا من علامات الاعراب سوى الفتحة التي هي علامة النصب فما السبب في ظهور علامة النصب وحدها واختفاء علامتي الرفع والجر؟ السبب في ذلك ان آخر كل كلمة من هذه الكلمات ياء' والياء يخف ظهور الفتحة عليها' ويثقل ظهور كل من الضمة والكسرة ولذلك تنصب هذه الاسماء بفتحة ظاهرة وترفع وتجر بضمة وكسرة مقدرتين على الياء.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں استعمال ہونے والے کلمات الجانی' القاضی' المنادی اور الباغی معرب اسماء ہیں ان سب کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہے ایسے اسم کو منقوص کہتے ہیں۔

جب آپ ان مثالوں پر غور کریں گے تو آپ کو پتہ چلے گا کہ مذکورہ اسماء پہلی چار مثالوں میں مرفوع ان کے بالمقابل چار مثالوں میں منصوب اور آخری چار مثالوں میں مجرور ہیں لیکن نصب کی علامت کے علاوہ ان پر کوئی اور علامت نظر نہیں آتی اس کی وجہ یہ ہے کہ نصب کی علامت فتحہ یاء پر آسانی سے پڑھی جاسکتی ہے جب کہ ضمہ اور کسرہ یاء پر ثقیل ہیں چنانچہ ایسے اسماء پر فتحہ ظاہر ہوتا ہے اور ضمہ اور کسرہ کو مقدر مان لیا جاتا ہے۔

القواعد:

(۴۱) المنقوص هو كل اسم معرب آخره ياء لازمة مكسور ما قبلها.

(۴۲) تقدر الضمة والكسرة على آخر المنقوص في حالتي الرفع الجراما النصب فيكون بفتحة ظاهرة على الآخر.

ترجمہ:

(۴۱) منقوص وہ اسم ہے جس کے آخر میں یاء لازمی ہوتا ہے اور اس کا ماقبل مکسور ہوتا ہے۔

(۴۲) منقوص کے آخر پر رفع اور جر کی علامتیں ضمہ اور کسرہ مقدر ہوتی ہیں تاہم نصب کی علامت فتحہ ظاہر ہوتی ہے۔

التمرين (۱)

عين الاسماء المنقوصة في العبارات الاتية:

حل مشق (۱)

مندرجہ ذیل عبارات میں سے منقوص اسماء کا تعین کیجئے:

۱- تكثر في الريف المراعي الخصبة

٢- تكثر الافاعی فی صعید مصر
٣- بالراعی تصلح الرعية
٤- يعذر الساهی او الناسی اذا خطا ولا عذر للمتماوی فی الذنب
٥- الغرض السامی من الحياة ان تعيش سعيدا
٦- لايامن الانسان عوادی الزمان

حل:

١-	المراعی	چراگاہیں
٢-	الافاعی	سانپ
٣-	الراعی	چرواہا
٤-	الساهی' الناسی' المتمادی	غافل' بھولنے والا' ضدی
٥-	السامی	بلند
٦-	عوادی	گردشیں

التمرين (٢)

ضع الاسماء الاتية فی جمل مفيدة بحيث يكون كل منها مرة فاعلا' ومرة مفعولا به' ومرة مجرورا بحرف جر:

حل مشق (٢)

مندرجہ ذیل اسماء کو اس طرح مفید جملوں میں رکھیں کہ یہ ایک دفعہ فاعل' دوسری دفعہ مفعول بہ اور تیسری دفعہ مجرور بحرف جر واقع ہوں:

اللیالی الداعی المصلی المعالی المبانی

حل:

جاءت الليالی البيضياء	شاهدت ليالی لاهور	ذهب عمری بمر الليالی والايام
ذهب الداعی الی السوق	سمعت الداعی للصلاة	يجب ان يكون فی الداعی صفات الابرار
صلی المصلی فی المسجد	رايت المصلی يخشع فی صلاتة	مررت باالمصلی

جائت المعالی الی کل مجتهد	علیک ان تطلب المعالی	المومن یکون علی المعالی یوم الاخرة
تکتسب المبانی الخیرات	ارتفع البناء مبانی الکلیة	الاخلاق العالیة تنبت المبانی

التمرین (۳)

(۱) کون ثلاث جمل اسمیة المبتداء فی کل منها اسم منقوص

(۲) .... فعلیة الفاعل ....

(۳) کون ثلاث جمل فعلیة المفعول به فی کل منها اسم منقوص

(۴) .... خبر کان ....

حل مشق (۳)

(۱) *تین اسمیہ جملے لکھئے ہرایک میں مبتداء اسم منقوص ہو:*

۱- القاضی حکم علی المدعی علیه ۲- الساهی عن الصوم معفو

۳- المصلی صلی فی المسجد

(۲) *تین فعلیہ جملے لکھئے ہرایک میں فاعل اسم منقوص ہو:*

۱- یظلم القاسی الناس ۲- سها المصلی فی الصلوة

۳- یذهب الداعی الی السوق

(۳) *تین فعلیہ جملے لکھئے ہرایک میں مفعول بہ اسم منقوص ہو:*

۱- سمعت القاضی یحکم علی الخصمین ۲- شاهدت عوادی الزمان

۳- رایت الساعی یورع البرید

(۴) *تین جملے لکھیں ہرایک میں خبر "کان" اسم منقوص ہو۔*

۱- کان زید راعی الغنم ۲- کان القوم بغاة علی الاجانب من الحکام

۳- کان بلال منادی رسول اللہ

التمرین (۴)

هات اسما منقوصا من کل فعل من الافعال الاتیة ثم ضعه فی جملة مفیدة:

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل افعال سے اسم منقوص بنائیں پھر انہیں مفید جملوں میں استعمال کریں:

سعی　　شفی　　رضی　　هدی

حل:

الساعی فی رفع شان و طبه کالمجاهد فی سبیل الله
یاشافی الامراض اشف مرضانا
والد العمر راض عنه
کان الرسول هادیا الی صراط مستقیم

التمرین فی الاعراب (۵)

(ب)　اعرب الجمل الاتیة:

حل اعراب کی مشق (۵)

(ب) مندرجہ ذیل جملوں کے اعراب معلوم کیجئے:

۱- یصعب السفر فی الصحاری　　۲- تبلغ الطیارات المکان القاسی فی وقت قصیر

۳- الوادی خصیب

حل:

۱-	یصعب	فعل مضارع مرفوع بالضمہ لفظا
	السفر	فاعل مرفوع بالضمہ
	فی	حرف جرمبنی برسکون
۲-	تبلغ	فعل مضارع مرفوع برضمہ لفظا
	الطیارات	فاعل مرفوع برضمہ
	المکان	مفعول بہ موصوف منصوب برفتحہ
	القاسی	صفت برائے موصوف منصوب برفتحہ لفظا
	فی	حرف جرمبنی برسکون
	وقت	مجرور علامت جرکسرہ موصوف

قصير	صفت برائے موصوف مجرور علامت جر کسرہ
٣- الوادی	مبتداء مرفوع برضمہ مقدرہ بالیاء
خصيب	خبر برائے مبتداء مرفوع برضمہ لفظا

نصب المضارع بان المضمرة
(مضارع کا نصب ان مضمرہ کی وجہ سے)

(ا) بعد لام التعليل
لام تعلیل کے بعد

	الامثلة	الامثلة	اردو
١-	جلست لا ستريح	جلست لان استريح	میں بیٹھا تا کہ آرام کروں
٢-	حضرت لاعود المريض	حضرت لان اعود المريض	میں حاضر ہوا تا کہ مریض کی عیادت کروں
٣-	يجتهد الطالب لينجح	يجتهد الطالب لان ينجح	طالب علم محنت کرتا ہے تا کہ کامیاب ہو جائے
٤-	بنيت بيتا لاسكن فيه	بنيت بيتا لان اسكن فيه	میں نے گھر بنایا تا کہ اس میں سکونت اختیار کروں

البحث:

انظر الى الافعال المضارعة فى امثلة القسم الاول تجد كل منها مسبوقا بلام تفيد ان ما بعدها علة وسبب فى حصول ما قبلها فالاستراحة علة وسبب فى الجلوس وعيادة المريض علة فى الحضور وهلم جرا ومن اجل ذلك تسمى هذه اللام لام التعليل.

واذا تاملت آخر الفعل المضارع بعد هذه اللام فى امثلة القسم الاول تجده منصوبا فماالذى نصبه؟ الذى تعرفه ان نصب المضارع لا يكون الا باحد حروف اربعة هي: ان ولن واذن وكي وبما انه لا يوجد فى هذه الامثلة ناصب ظاهر من هذه النواصب الاربعة لم يكن هناك مفر من اضمار واحد منها فى كل مثال فما هو ذلك الناصب الذى نضمره او نقدره؟ لمعرفة ذلك ننظر الى امثلة القسم الثانى

فنجد ان ہذہ الافعال نفسها مسبوقة بلام التعليل ومنصوبة بان الظاهرة وهذا دليل على ان ان هی التی تضمر او تقدر بعد اللام فی امثلة القسم الاول.

ولما كانت ان الناصبة للفعل المضارع تظهر بعد لام التعليل تارة' وتضمر تارة اخری کان ذلک دليلا علی ان الاضمار فی هذا الموضوع جائز.

بحث:

مذکورہ بالا مثالوں پر غور کیجئے۔ پہلی قسم کی مثالوں میں آپ افعال مضارع سے پہلے لام پائیں گے جو ماقبل کے لئے علت ہے اور اس لام کی وجہ سے افعال مضارع منصوب ہوگئے ہیں ورنہ مضارع کو نصب دینے والے حروف اربعہ ان' لن' کی' اذن میں سے کوئی حرف مضارع سے پہلے نہیں آیا لیکن جب آپ دوسری اور سامنے والی مثالوں پر غور کریں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ظاہری طور پر اس لام کے ساتھ حرف ان بھی جو ناصب مضارع ہے استعمال کیا گیا ہے جس سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ پہلی مثالوں میں مضارع افعال کے منصوب ہونے کی وجہ سے ان سے پہلے حرف ان مقدر ہے اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ لام تعلیل کے بعد ان کبھی ظاہر ہوکر آتا ہے اور کبھی مقدر مانا جاتا ہے۔

یاد رکھئے لام تعلیل کے بعد کا حصہ ماقبل کے لئے علت اور سبب کا درجہ رکھتا ہے مثلاً استراحت سبب ہے بیٹھنے کا اور عیادت مریض سبب ہے حاضر ہونے کا اور اسی طرح باقی مثالیں سمجھ لیجئے۔

القاعدة:

(۴۳) ينصب الفعل المضارع بان مضمرة جوازا بعد لام التعليل.

ترجمہ:

(۴۳) لام تعلیل کے بعد ان مضمرہ کی وجہ سے فعل مضارع منصوب ہو جاتا ہے۔ ایسے موقع پر ان کا مضمر اور ظاہر ہونا یکساں ہے یعنی جائز ہے۔

(۲) نصب مضارع لام الجحود کے بعد

الامثلة	اردو
۱- ما كان الصديق ليخون صديقه	دوست کے لئے مناسب نہیں کہ دوست کی خیانت کرے
۲- ما كانت الطيور لتحسن في الاقفاص	پرندوں کے لئے یہ مناسب نہیں کہ انہیں پنجروں میں قید کیا جائے

۳- لم یکن الشرطی لیسرق	سپاہی کے لئے مناسب نہ تھا کہ چوری کرتا
۴- لم اکن لا رافق الاشرار	میں اشرار کی رفاقت کرنے والا نہ تھا۔ (میرے لئے مناسب نہ تھا کہ میں اشرار کی رفاقت کرتا)

البحث:

انظر الی الافعال المضارعة یخون و تسجن ویسرق وارافق فی الامثلة السابقة تجد کل منها مقرونا بلام لیست ہی لام التعلیل السابقة لانها لا تفید ان ما بعدها علة فی حصول ما قبلها وانما ہی لام اخری اذا تاملتها فی کل الامثلة التی وردت فیها وجلتها مسبوقة دائما بکان المنفیة او ما تصرف منها ولوقوع هذه اللام دائما بعد النفی سمیت لام النفی او لام الجحود.

واذا تاملت اواخر الافعال المضارعة بعد هذه اللام فی الامثلة السابقة وجدت کل منها منصوبا ولکنک لا تجد اداة من ادوات النصب التی تنصب المضارع واذا لا بد ان یکون النصب بحرف محذوف من حروف النصب ولا بد من ان یکون هذا الحرف المحذوف هو ان لان المعنی لا یستقیم بتقدیر غیره من النواصب.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں بھی افعال مضارع سے پہلے لام آیا ہے لیکن یہ لام تعلیل نہیں کیونکہ اس کی پہچان یہ ہے کہ اس کا مابعد اپنے ماقبل کے لئے علت اور سبب ہوتا ہے لہٰذا یہ کوئی دوسرا لام ہے آپ غور کریں گے تو معلوم ہوگا کہ اس سے ماقبل کان اور اس کے مشتقات کا منفی صورت میں آنا لازمی ہے چونکہ یہ لام ہمیشہ نفی کے بعد آتا ہے اس لئے اس لام کو لام النفی یا لام الجحود کہتے ہیں اس لام کے بعد بھی فعل مضارع منصوب آتا ہے لیکن بظاہر عامل نصب نظر نہیں آتا لہٰذا ان مقدر مان لیا جاتا ہے جس کے بغیر جملے کا معنی درست نہیں ہوتا۔

یاد رکھئے لام جحود کے بعد ان کبھی ظاہر نہیں آتا بلکہ ہمیشہ مضمر رہتا ہے اس لئے یہاں ان کا مضمر ہونا واجب ہوتا ہے۔

القاعدة:

(۴۴) ینصب الفعل المضارع بان مضمرة وجوبا بعد لام الجحود.

ترجمہ:

(۴۴) فعل مضارع ان مضمرہ کی وجہ سے منصوب ہو جاتا ہے اور ان کا مضمر رہنا واجب ہے۔

(۳) نصب مضارع او کے بعد

الامثلة	اردو
۱- استمع نصح الطبيب او يتم شفائوک	طبیب کی نصیحتیں غور سے سن یہاں تک کہ تم مکمل شفایاب ہو جاؤ۔
۲- تحبب الی اخوانک او تنال رضاھم	اپنے بھائیوں سے اظہار محبت کیجئے یہاں تک کہ تمہیں ان کی رضا حاصل ہو
۳- يعاقب المسی او يعتذر	بدکار کو مارا جائے گا الا یہ کہ وہ معذرت کرے
۴- يحرم التلميذ المكافاة او يجتهد	طالب علم کو بدلہ سے محروم رکھا جائے گا الا یہ کہ وہ محنت کرے

البحث:

الكلمات: يتم و تنال ويعتذر ويجتهد في الامثلة السابقة كلها افعال مضارعة وكل فعل منها مسبوق بحرف هو او.

واذا تاملنا هذا الحرف فی المثالین الاولین وجدناه بمعنی الی لانه يصح ان تضع الی فی موضعه مع استقامة المعنی المقصود فتقول استمع نصح الطبيب الی ان يتم شفائوک وتحبب الی اخوانک الی ان تنال رضاهم واذا تاملناه فی المثالين الاخرين وجدناه بمعنی الا لانه يصح ان تضع الا فی موضعه مع استقامة المعنی المقصود فتقول يعاقب المسی الا ان يعتذر ويحرم التلميذ المكافاه الا ان يجتهد۔

واذا نظرنا الی اواخر الافعال المضارعة بعد او هذه وجدناها منصوبة من غير ان تكون مسبوقة بادوات نصب ظاهرة واذا لا بد ان يكون نصبها بناصب مضمر ولا بد ان يكون هذا الناصب المضمر هو ان لان المعنی لا يستقيم بتقدير غيرها من الحروف الناصبة للمضارع.

ولما كانت ان لا تظهر قبل المضارع المسبوق باو هذه كانت واجبة الاضمار.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں کلمات یتم، تنال، یعتذر اور یجتھد افعال مضارع ہیں اور ہر فعل سے پہلے حرف او آیا ہے جب ہم پہلی دو مثالوں میں اس حرف پر غور کرتے ہیں تو ہم اسے الی

کے معنی میں پاتے ہیں اور جب ہم دوسری دو مثالوں پر غور کرتے ہیں تو ان میں حرف او کو الا کے معنی میں پاتے ہیں چنانچہ پہلی دو مثالوں میں او کی جگہ "الی ان" اور دوسری دو مثالوں میں او کی جگہ "الا ان" رکھنے سے درست مفہوم سامنے آ جاتا ہے۔

جب ہم ان افعال مضارع کے آخری حروف پر غور کرتے ہیں تو ان کو "او" کے بعد منصوب پاتے ہیں حالانکہ کسی جگہ بھی ظاہری طور پر مضارع کو نصب دینے والا کوئی حرف دکھائی نہیں دیتا ایسا کیوں ہے؟ یہ صرف ان مضمر ہونے کی وجہ سے ہے۔

القاعدة:

(۴۵) ینصب المضارع بان مضمرة وجوبا بعد او التی بمعنی الی او الا.

ترجمہ:

(۴۵) او جو الی یا الا کے معنی دے اس کے بعد واقع ہونے والا فعل مضارع ان مضمرہ کی وجہ سے ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

(۴) نصب مضارع حتیٰ کے بعد

الامثلة	اردو
۱- لا یمدح الولد حتی ینال رضا والدیه	بچے کی تعریف نہیں کی جائے گی جب تک کہ وہ والدین کی رضا حاصل نہ کرے
۲- سالزم الفراش حتی یتم شفائی	میں بستر کو لازم پکڑوں گا یہاں تک کہ میں مکمل صحت یاب ہوجاؤں
۳- لا تاکل حتی تجوع	جب تک تجھے بھوک نہ ہو مت کھایئے
۴- لا تدخل حتی یوذن لک	جب تک تجھے اجازت نہ ملے مت داخل ہو

البحث:

تامل الافعال المضارعة ینال ویتم وتجوع ویوذن فی الامثلة السابقة تجد کل منها مسبوقا بکلمة حتی وانظر اواخرها تجدهامنصوبة من غیر ان تکون هناک ادوات نصب ظاهرة واذا لا بد ان یکون هناک ناصب محذوف بعد حتی ولا بد ان یکون هذا الناصب هو ان دون غیره من نواصب المضارع لما تقدم فی الموضعین السابقین.

ولما کانت "ان" تظهر ابدا قبل المضارع المسبوق بحتی کان اضمارها واجبا.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں افعال مضارع سے پہلے حتی آیا ہے جس سے مضارع منصوب ہے حالانکہ یہاں حروف اربعہ جو مضارع کو نصب دیتے ہیں میں سے کوئی حرف یہاں نظر نہیں آتا اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں حتی کے بعد "ان" مضمر ہے جن کی وجہ سے مضارع کو نصب آیا ہے۔

یاد رکھئے ان حتی کے بعد کبھی ظاہر ہوکر نہیں آتا اس لئے کہا جاتا ہے کہ یہ اضمار (مضمر ہونا) واجب ہے۔

القاعدة:

(۴۶) ينصب المضارع بان مضمرة وجوبا بعد حتى.

ترجمہ:

(۴۶) حتی کے بعد فعل مضارع ان مضمرہ کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے۔ یہ اضمار واجب ہوتا ہے۔

(۵) نصب مضارع بعد فاء سببیہ

الامثلة	اردو
۱- لم يسئ فيبغض	اس نے غلط کاری نہیں کی کہ اس سے نفرت کی جائے
۲- لم يسال فيجيب	اس سے سوال نہیں کیا گیا کہ وہ جواب دے
۳- اصنع المعروف فتنال الشكر	نیکی کیجئے تاکہ تمہارا شکریہ ادا ہو
۴- كن لين الجانب فتحب	نرمی اختیار کیجئے تاکہ تم سے محبت کی جائے

البحث:

انظر الافعال المضارعة يبغض ويجيب وتنال وتحب فى الامثلة السابقة تجد كل منها مسبوقا بناء تفيد ان ما قبلها سبب فى حصول ما بعدها ولا ساء ة فى المثال الاول سبب فى البغض والسوال فى المثال الثانى سبب فى الاجابة وهلم جرا من اجل ذلك سميت هذه الفاء فاء السببية.

واذا تاملت هذه الفاء فى التراكيب التى معنا وجلتها مسبوقة بنفى كما فى المثالين الاولين او بطلب كما فى المثالين الاخيرين.

تامل بعد ذلك آخر الفعل المضارع بعد هذه الفاء تجده منصوبا ولكنك لا ترى قبله اداة ظاهرة من ادوات النصب المعروفة واذا لا بد ان يكون النصب بان

المحذوفة على مثال ما كان في المواضع المتقدمة.

والحذف هنا واجب ايضا لان النصب لا يظهر بعد هذه الفاء بحال من الاحوال.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں فعل مضارع پر فاء داخل ہے جو دلالت کرتا ہے کہ فاء سے ماقبل اس کے مابعد کے لئے سبب ہے اس فاء کو "فاء سببیہ" کہتے ہیں۔

اس فاء سے پہلے حرف نفی یا فعل امر کا آنا شرط ہے غور کیجئے فاء کی وجہ سے مضارع منصوب ہے لیکن فاء عامل نصب نہیں معلوم ہوا کہ عامل نصب مضمر ہے اور وہ ان ہے۔

یاد رکھئے یہ ان ہمیشہ مضمر آتا ہے کبھی ظاہر نہیں آتا۔

القاعدة:

(۴۷) ينصب المضارع بان مضمرة وجوبا بعد فاء السببية المسبوقة بنفي او طلب.

ترجمہ:

(۴۷) فاء سببیہ کے بعد ان مضمرہ کی وجہ سے مضارع منصوب ہوتا ہے بشرطیکہ فاء سے پہلے حرف نفی یا فعل امر موجود ہو ایسے موقع پر ان لازمی طور پر مضمر ہوتا ہے۔

(۶) نصب مضارع بعد واوٴ معیت

الامثلة	اردو
۱- لم يفعل الخير ويندم	وہ نیکی کر کے شرمندہ نہیں ہوا
۲- لم يواس الفقير ويمن عليه	اس نے فقیر کی مدد کرنے کے ساتھ اس پر احسان نہیں جتایا
۳- لاتامر بالصدق وتكذب	ایسا نہ کر کہ اوروں کو سچائی کا حکم دے اور خود جھوٹ بولے
۴- لاتنظر الى عيوب الناس وتهمل عيوب نفسک	اپنے عیوب نظر انداز کر کے دوسروں کی عیب جوئی مت کر

البحث:

تامل الافعال المضارعة: يندم ويمن وتكذب وتهمل تجد كلا منها مسبوقا بواو تفيد مصاحبة ماقبلها لما بعدها ان شئت فقل تفيد حصول ما قبلها و ما بعدها معا

فالمنفی فی المثال الاول هو مصاحبة الندم لفعل الخیر المنفی فی المثال الثانی هو مصاحبة المن للمواساة وهکذا ومن اجل ذلک تسمی هذه الواو واو المصاحبة او واو المعیة واذا تاملت ماقبل هذه الواو فی الامثلة التی معنا وجدت نفیا او طلب فهی مسبوقة بنفی فی المثالین الاولین ومسبوقة بطلب فی المثالین الاخرین.

ارجع الی الامثلة مرة ثانیة وانظر آخر کل مضارع یقع بعد هذه الواوتجده منصوبا من غیر ان تکون هناک اداة نصب ظاهرة ولکنک بالقیاس علی ما تقدم لک لا یصعب علیک ان تدرک ان النصب هنا بان المضمرة وجوبا.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں فعل مضارع سے پہلے واؤ آیا ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ ماقبل اور مابعد دونوں اکٹھے حاصل ہوئے ہیں اسی لئے اس واؤ کو''واؤ معیت'' کہتے ہیں اس واؤ سے پہلے حرف نفی یا فعل امر موجود ہے جو اس واؤ کے لئے ضروری شرط ہے اس کے بعد فعل مضارع منصوب ہے جس کی کوئی وجہ سوائے اس کے نہیں کہ یہاں ان مضمر ہے جس نے مضارع کو نصب دیا ہے یہ اضمار واجب ہے۔

القاعدة:

(۴۸) ینصب المضارع بان مضمرة وجوبا بعد و او المعیة المسبوقة بنفی او طلب.

ترجمہ:

(۴۸) واؤ معیت کے بعد ان مضمرہ کی وجہ سے مضارع منصوب ہو جاتا ہے بشرطیکہ واؤ سے پہلے نفی یا فعل امر موجود ہو۔ ایسے موقع پر ان ہمیشہ مضمر ہوتا ہے کبھی ظاہر نہیں ہوتا۔

التمرین (۱)

عین الافعال المضارعة المنصوبة فی العبارات الاتیة وبین ما نصب منها بان المحذوفة جوازا المحذوفة وجوبا:

حل مشق (۱)

مندرجہ ذیل عبارتوں میں سے افعال مضارع منصوب مع وجہ بتائیں نیز یہ بھی بتائیں کہ وہاں ان کا مضمر ہونا واجب ہے یا جائز ہے۔

۱- مر عمر بن الخطاب بصبيان يلعبون وفيهم عبدالله حفيد العوام فلما لمحوه هربوا من وجهه الا عبدالله فما كان ليفر فقال له عمر مالک لم تهرب مع رفقاتک فقال يا امير المومنين لم اک على ريبة فاخاف سطوتک ولم تكن الطريق ضيقة فاوسع لک فعجب عمر من فطنته وسرعة خاطره
۲- خرجنا الى الحقول لنريح نفوسنا من عناء العمل ولن نعود حتى تغيب الشمس
۳- لم يكن الغني ليطغى كرام النفوس ولم يكن الولد ليخاف اباه
۴- لا تكثر معاتبة الصديق فيهون عليه سخطک
۵- لم يامر الناصح بالامانة ويخون ولم يتول القاضى الحكم ويظلم
۶- لاتكن رطبا فتعصر ولا يابسا فتكسر

افعال مضارع منصوب بان مضمرہ واجب:

۱- ليفر' فاخاف' فاوسع
۲- حتى تغيب
۳- ليطغى ليخاف
۴- فيهون
۵- ويخون ويظلم
۶- فتعصر فتكسر

افعال مضارع منصوذب بان مضمرہ جائز:

لنريح

التمرين (۲)

اتمم الجمل الاتية بذكر الفعل المضارع المحذوف واضبط آخره وبين سبب الضبط:

حل مشق.(۲)

مندرجہ ذیل جملوں کوفعل مضارع محذوف ملا کرمکمل کیجئے اورفعل مضارع کے آخر پر اعراب بھی لگائیں۔

۱- لم يطلب المساعدة و ..... ۲- لا تفش سر اخيک و .....
۳- لم يدخر مالا فی زمن الرخاء ۴- لاتقرا فی الصوء الضعيف و .....
و .....

۵- لاتنه عن منکرو.... ۶- لا تحض علیٰ اطعام المسکین .....

۷- لم یغضب احد والدیه و..... ۸- لم یزرع احد جمیلا و .....

۹- ما کنت له ..... ۱۰- لم یکن الخادم له .....

۱۱- جاء الطبیب له ..... ۱۲- لن انام حتی .....

حل:

۱- فیعین ۲- فتخون ۳- فیسر فی الشدة

۴- فیضعف بصرک ۵- وتعمل به ۶- وتدع الیتیم

۷- ویعیش فرحا ۸- ویحصد جمیلا ۹- لتخون صدیقک

۱۰- لیسرق ۱۱- لیعالج المریض ۱۲- اقراء جزا من القرآن

التمرین (۳)

اذکر الجمل المحذوفة المتممة للمعنی فیما یاتی:

حل مشق (۳)

مندرجہ ذیل کے ساتھ محذوف جملے اس طرح ملائیں کہ ان کا معنی مکمل ہوجائے۔

۱- .....فتدوم لک صداقته ۲- .....فتکساء تجاربک

۳- .....فیبتعد عنک اخوانک ۴- .....حتی تستریح فی کبرک

۵- .....لتستحق حمد الناس ۶- .....او تصل الی مقصودک

حل:

۱- لاین صدیقک ۲- لاتخلف الوعد

۳- لاتکثر المعاتبة ۴- لاتسرف فی شبابک

۵- تحسن الی الناس ۶- اجتهد فی امورک

التمرین (۴)

(۱) ایت بجملتین فیها المضارع منصوب بان المضمرة بعد لام التعلیل

(۲) .... لام الجحود

(۳) .... حتی

(۴) .... فاء السببية

(۵) .... واو المعية

(۶) .... آو

حل مشق (۴)

(۱) دو جملے بنائیں جن میں مضارع منصوب بہ ان مضمرہ بعد لام تعلیل آیا ہو۔

حل:

بعثت لا تمم مکارم الاخلاق

خرجت الی البساتین لاروح نفسی

(۲) دو جملے بنائیں جن میں فعل مضارع منصوب بہ ان مضمرہ بعد لام جحود آیا ہو۔

حل:

ماکان للتلمیذ لیدخل فی الصف بغیر اذن

ما کان للرسول لیدعوالناس الی عبادۃ نفسہ

(۳) دو جملے بنائیں جن میں فعل مضارع منصوب بہ ان مضمرہ بعد حتی آیا ہو

حل:

لاتاکلن الطعام حتی تجوع

لا تدخل الصف حتی یوذن لک

(۴) دو جملے بنائیں جن میں فعل مضارع منصوب بہ ان مضمرہ بعد فاء سببیہ آیا ہو۔

حل:

انصر المظلوم فتنصر

ادع اللہ فتجاب

(۵) دو جملے بنائیں جن میں فعل مضارع منصوب بہ ان مضمرہ بعد واوٗ معیت آیا ہو۔

حل:

لم اضرب الولد وافرح

لا تمنع من الظلم وتظلم

(۶) دو جملے بنائیں جن میں فعل مضارع منصوب بہ ان مضمرہ بعد او آیا ہو۔

حل:

انصر الخائف او يبلغ ما منه
يضرب المجرم او يعترف بذنبه

التمرين (۵)

اجب عن الاسئلة الاتية بجمل تشتمل كل منها على مضارع منصوب بان المضمرة:

حل مشق (۵)

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایسے جملوں میں دیں جن میں فعل مضارع منصوب بہ ان مضمرہ آیا ہو۔

۱- لم يسافر الطلاب الى البلاد الاجنبية؟
۲- انت ممن يقصرون في واجبهم؟
۳- الى متى تظل تلميذا بالمدارس الا بتدائية؟
۴- الى متى تقبى المصابيح موقدة؟

حل:

۱- يسافر الطلاب الى البلاد الاجنبية ليكملوا علمهم
۲- ما كنت لا قصر في واجبي
۳- اظل تلميذا بالمدارس الا بتدائية حتى افوز في الامتحان
۴- تبقى المصابيح موقدة حتى نفرع من العمل

جوازم الفعل المضارع
فعل مضارع کے جوازم

(ا) الادوات التی تجزم فعلا واحدا

(وہ عوامل جو ایک فعل کو جزم دیتے ہیں)

الامثلة	ترجمہ
۱- کبر الغلام ولما یتهذب	لڑکا بڑا ہوا لیکن ابھی تک مہذب نہ بنا
۲- ذهب الرسول ولما یعد	پیامبر گیا اور ابھی تک نہیں لوٹا
۳- بنی الامیر قصرا ولما یسکنه	امیر نے محل بنایا اور ابھی تک اس میں رہائش اختیار نہیں کی
۴- طالب الزرع ولما یحصد	کھیتی عمدہ ہوئی اور ابھی تک کاٹی نہیں گئی
۵- لتجتنب كثرة المزاح	تمہیں مزاح کی کثرت سے اجتناب کرنا چاہئے
۶- لیفتح علی النافذة	علی کو کھڑکی کھولنی چاہئے
۷- لیتقن کل انسان عمله	ہرانسان کو چاہئے کہ وہ اپنا کام عمدہ طریقہ سے کرے
۸- لیوقر صغیرکم کبیرکم	تمہارے چھوٹوں کو چاہئے کہ تمہارے بڑوں کا احترام کریں

البحث:

تقدم لنا فی الجزء الاول ان لم ولا الناهیة تجزمان فعلا مضارعا واحدا وهنا ناتی علی بقیة الادوات التی تعمل هذا العمل فنقول:

اذا بحثنا فی الامثلة الاربعة الاولی وجدنا ان المثال الاول یدل علی ان الغلام لم یتهذب فی الزمن الماضی وانه بقی کذلک الی زمن التکلم' وان المثال الثانی یدل علی ان الرسول لم یعد فی الزمن الماضی وانه استمر کذلک الی زمن التکلم' وهذا یقال فی المثالین الاخیرین فهذه الامثلة الاربعة اذا تفید نفی الافعال المضارعة الاربعة التی اشتملت علیها وتفید ان هذا النفی مستمر الی زمن التکلم واذا نظرنا الی اواخر هذه الافعال المضارعة الاربعة وجدناها مجزومة فای لفظ فی

الامثلة المذكورة افاد هذا النفي وسبب هذا الجزم؟ ذلك اللفظ وهو لما على هذا فلما تشبه لم في المعنى والعمل غير ان النفي بها يستمر الى زمن التكلم.

واذا نظرنا الى الامثلة الاربعة الاخيرة وجدنا المتكلم في المثال الاول يامر المخاطب باجتناب المزاح الكثير' ووجدناه في المثال الثاني يامر عليا بفتح النافذة وكذلك نجده في المثالين الاخيرين آمرا بالاتقان والتوقير فالافعال المضارعة في الامثلة الاربعة الاخيرة قد صارت مفيدة للامر واذا تاملنا اواخرها وجدناها جميعا مجزومة فما الذى اكسبها معنى الامر؟ وما الذى جزم اواخرها؟ اذا بحثنا لم نجد لذلك سببا سوى اللام التي دخلت عليها ومن اجل ذلك سميت هذه اللام لام الامر.

بحث:

آپ مضارع کو جزم دینے والے عوامل میں سے لم اور ناھیہ کے متعلق تو پڑھ چکے ہیں۔ اس سبق میں مضارع کو جزم دینے والے باقی عوامل کے متعلق بتایا گیا ہے مذکورہ مثالوں میں پہلی مثالوں میں مضارع سے پہلے لما آیا ہے جس نے مضارع کو مجزوم کردیا ہے بالکل لم کی طرح لیکن لما آنے کی وجہ سے نفی کا استمرار زمانہ حال تک قائم رہتا ہے چنانچہ جب ہم لم یتھذب کہتے ہیں تو اس کا مطلب ہوتا ہے کہ اس نے زمانہ ماضی میں شائستگی اختیار نہیں کی لیکن جب ہم لما یتھذب کہتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس نے شائستگی اس وقت تک اختیار نہیں کی جس وقت یہ الفاظ کہے جارہے ہیں۔

دوسری قسم کی مثالوں میں مضارع پر لام داخل ہوا ہے اس نے فعل کو جزم بھی دیا ہے اور اسے امر کے معنی میں بھی تبدیل کردیا ہے اس وجہ سے اس لام کو لام امر کہتے ہیں۔

القاعدة:

(۳۹) من الادوات التي تجزم فعلا مضارعا واحدا لما ولام الامر والاولى تفيد النفي كلم غير ان النفي بها يستمر الى رمن التكلم والثانية تجعل المضارع مفيد اللامر.

ترجمہ:

(۳۹) جو ادوات (عوامل) مضارع واحد کو جزم دیتے ہیں ان میں لما اور لام امر بھی شامل ہیں۔ لما بھی لم کی طرح نفی کا معنی پیدا کرتا ہے لیکن لما کی نفی زمان متکلم تک جاری رہتی ہے اور لام امر مضارع میں امر کے معنی پیدا کرتا ہے۔

التمرين (۱)

ضع الافعال المضارعة الاتية فی جمل مفيدة وادخل عليها لما واضبط اواخرها:

حل مشق (۱)

مندرجہ ذیل افعال مضارع کو جملوں میں رکھ کر ان پر لما داخل کریں اور آخر پر اعراب لگائیں:

يسافر	يقراء	يوقد	ياتی
ينسی	يفهم	يصفو	

حل:

اقام جميل فی لاهور ولما يسافر	قعد سعيد للمدرس ولما يقرا
جاء الليل ولما يوقد المصابيح	ذهب الصياد الی الغابة ولما يات
تعلم الصبی ولما ينسی	اجتهد الاستاذ فی التعليم ولكن
التلميذ لما يفهم	انقطع المطر وماء النهر لما يصف

التمرين (۲)

ضع الافعال المضارعة الاتية فی جمل مفيدة وادخل عليها لام الامر واضبط اواخرها:

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل افعال مضارع کو جملوں میں رکھ کر ان پر لام امر داخل کریں اور آخر پر اعراب لگائیں:

يدعو	يامر	يغفر	يسمع	يرمی	ينتبه	يرضی

حل:

اكترلی مركبة وليدع احمد حمالا	ليامر كل انسان اولاده بالصلوة
ليغفر كلكم خطا صديقكم	مرولدک ليسمع كل كبير
ليرم الصياد الصيد بالندقية ليتنبه الحارس ليلا	لينسی الاستاذ ذنب تلميذه

التمرین (۳)

اقرا الامثلة الاتية وضع لما بدلا من لم فی کل مثال یصلح فیه ذلک:

حل مشق (۳)

مندرجہ ذیل مثالوں کو پڑھ کر جہاں مناسب معلوم ہو وہاں لم کی جگہ لما داخل کریں۔

۱- لم تذهب الی الحدیقة امس	۲- لم یحضر والدی من السفر
۳- نزل المطر ولم ینقطع	۴- لم ازرا البارحة احدا
۵- لم تربح تجارتنا فی العام الماضی	۶- ضاعت عصای ولم احدها

حل:

لما یحضر والدی من السفر	نزل المطر ولما ینقطع
ضاعت عصای ولما اجدها	

التمرین (۴)

ضع بدل کل جملة من الجمل الاتیة جملة اخری موافقة لها فی المعنی بحیث یکون فعلها مضارعا:

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل جملوں کے بدلے دوسرے ہم معنی جملے لکھیں اور دوسرے افعال کی جگہ فعل مضارع رکھ دیں۔

۱- ماسافر اخی الی الان	۲- ثم مبکرا واستقیظ
۳- ارحم الضعیف	۴- ما انتهی الشتاء الی الان
۵- استمع نصح والدک	۶- اغسل فمک قبل النوم

حل:

۱- لما یسافر اخی	۲- لینم مبکرا ولیستیقظ مبکرا
۳- لیرحم المسلم الضعیف	۴- لما ینته الشتاء
۵- لیستمع ولد نصح والده	۶- لیغسل الانسان فمه قبل النوم

التمرین (۵)

(۱) کون جملتین فی کل منهما فعل مضارع صحیح الاخر مجزوم بلما
(۲) .... معتل ....
(۳) ....صحیح ....بلام الامر
(۴) ....معتل..............................

حل مشق (۵)

(۱) دو جملے بنائیں ہرایک میں فعل مضارع صحیح الاخر مجزوم بہ لما آیا ہو۔

حل:

کبر الغلام ولما یتهذب
خرج التلمیذ الی المیدان ولما یرجعوا

(۲) دو جملے بنائیں ہرایک میں فعل مضارع معتل الاخر مجزوم بہ لما آیا ہو۔

حل:

دخل الطبیب فی المستشفی ولما یدع المریض
مشی الطفل ولما یدن الی المنزل

(۳) دو جملے بنائیں ہرایک میں فعل مضارع صحیح الاخر مجزوم بہ لام امر آیا ہو۔

حل:

یشعل الخادم المصباح
لیدخل المریض فی المستشفی

(۴) دو جملے بنائیں ہرایک میں فعل مضارع معتل الاخر مجزوم بہ لام امر آیا ہو۔

حل:

لیدع نادیه سندع الزبانیة
لیلق الصیاد شبکته فی الماء

(۲) الادوات التی تجزم فعلین

دوفعلوں کو جزم دینے والے عوامل

الامثلة	اردو
۱- من یفرط فی الاکل یتخم	جو زیادہ کھائے گا اسے بدہضمی ہوگی
۲- من یتعب فی صغرہ یتمتع فی کبرہ	جو اپنی چھوٹی عمر میں محنت کرے گا وہ اپنے بڑھاپے میں فائدہ اٹھائے گا
۳- من یجتنب اذی الناس ینج من اذاهم	جو لوگوں کو تکلیف دینے سے اجتناب کرے گا وہ ان کی تکالیف سے بچ جائے گا
۴- من یسافر تزدد تجاربه	جو سفر کرے گا اس کے تجربوں میں اضافہ ہوگا۔
۵- ماتدخر من مالک ینفعک	تو اپنے مال سے جو بچائے گا وہ تجھے فائدہ دے گا
۶- ما تضیع من وقتک تندم علیه	اپنے وقت سے تو جو ضائع کرے گا اس پر پچھتائے گا
۷- ما تتلف تغرم لمنه	تو جو چیز ضائع کرے گا اس کی قیمت کا ذمہ دار ہوگا
۸- ماتنفق فی الخیر تجزبه	تو جو بھلائی میں خرچ کرے گا اس کا تمہیں بدلہ ملے گا

البحث:

تقدم لنا فی الجزء الاول ان ان تجزم فعلین مضارعین یترتب حصول اولهما علی حصول الثانی وهنانانی علی بقیة الادوات التی تعمل هذا العمل فنقول:

کل مثال من الامثلة الاربعة الاولی السابقة یشتمل علی فعلین مضارعین اذا نظرنا الیهما من جهة اللفظ وجدناهما مجزومین واذا نظرنا الیهما من جهة المعنی وجدنا ان حصول اولهما شرط فی حصول الثانی او ان حصول الثانی جزاء لوقوع الاول فالمثال الاول یفید ان الافراط فی الاکل شرط فی حصول التخمة او ان التخمة جزاء الافراط فی الاکل ومن اجل ذلک یسمی الفعل الاول فعل الشرط ویسمی الثانی جوابه وجزاء ه وهنا نتساء ل ما الذی اوجب جزم الفعلین فی کل

مثال؟ وما الذی افاد ترتب ثانیهما علی اولهما انا اذا اختبرنا الامثلة واحدا واحدا لم نجد سببا سوی دخول من فهی التی جزمت وهی التی افادت الشرط ولذلک سمیت اداة شرط جازمة.

واذا فحصنا عما تدل علیه کلمة من فی کل مثال من الامثلة التی عندنا وکذلک فی کل مثال تالی فیه وجدناها لا تدل الا علی العاقل.

واذا نظرنا الی الامثلة الاربعة الاخیرہ وجدنا کل مثال فیها مشتملا ایضا علی فعلین مضارعین مجزومین حصول اولهما شرط فی حصول ثانیهما علی نحو ما تقدم واذا تساء لنا هنا ایضا ما الذی اوجب جزم الفعلین فی کل مثال؟ وما الذی افاد الشرط؟ لم نجد سببا سوی دخول ما فهی اذا کمن تجزم مضارعین وتفید الشرط غیر انها تدل دائما علی غیر العاقل.

هذا' وهناک ادوات اخری تعمل هذا العمل و تفید الشرط' و الیک بیانها و اجمال معانیها.

بحث:

کتاب کے پہلے حصہ میں "ان" کے متعلق پڑھ چکے ہیں کہ یہ دو مضارع فعلوں کو جزم دیتا ہے جس سے جملہ کے پہلے حصہ میں شرط اور دوسرے میں جزاء کے معنی پیدا ہوجاتے ہیں یہاں ہم بقیہ دو فعلوں کو جزم دینے والے عوامل کے متعلق معلومات حاصل کررہے ہیں۔

مذکورہ پہلی چار مثالوں پر غور کریں سب میں دو دو فعلوں مضارع موجود ہیں جن میں سے پہلے کا حصول دوسرے کے لئے شرط ہے یا دوسرے لفظوں میں دوسرے کا حصول پہلے کے حصول کی جزاء ہے اس لئے پہلے کو شرط اور دوسرے کو جزاء کہتے ہیں یہ سب کچھ کس کی وجہ سے ہوا؟ یہ کارگزاری لفظ "من" کی ہے اس لئے اس کو ادوات شرط جازمہ کہتے ہیں۔

یاد رکھئے "من" غیر عاقل کے لئے مستعمل نہیں ہوتا' یہ صرف ذی عقل کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

دوسری چار مثالوں میں "من" کی جگہ لفظ "ما" نے دو مضارع فعلوں کو مجزوم کیا ہے بالکل اسی طرح جس طرح "من" نے کیا تھا' ہاں یاد رکھئے "ما" غیر ذی عقل کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

ان کے علاوہ اور بھی ادوات ہیں جو جملے میں شرط کے معنی پیدا کرتے ہیں جن کا مختصر بیان یہ ہے:

اذ ما...... یہ بھی شرط کا معنی دیتا ہے۔

اذ ما تفعل شرا تندم
(تو جب بھی بُرائی کرے گا نادم ہو گا۔)
مهما...... ما کی طرح غیر عاقل کے لئے ہے۔
مهما تنفق في الخير يخلفه الله
(تو نیکی میں جو کچھ خرچ کرے گا اللہ اس کا بدلہ دے گا۔)
متی...... وقت کے لئے آتا ہے۔
متی يسافر اخی اسافر دمعه
(میرا بھائی جب سفر کرے گا میں اس کے ساتھ سفر کروں گا۔)
ایان...... یہ بھی وقت کے لئے آتا ہے۔
ایان تناد اجبک
(تو جب بھی پکارے گا میں جواب دوں گا۔)
این...... جگہ کے لئے آتا ہے۔
این تذهب اذهب
(تو جہاں جائے گا میں بھی جاؤں گا۔)
انی...... جگہ کے لئے آتا ہے۔
انی ینزل ذو العلم یکرم
(اہل علم جہاں اُترے گا اس کی تکریم کی جائے گی۔)
حیثما...... یہ بھی جگہ کے لئے آتا ہے۔
حیثما ینزل مطر ینبت زرع
(جہاں بارش ہو گی کھیتی اُگے گی۔)
کیفما...... حالت بتاتا ہے۔
کیفما تعامل صدیقک یعاملک
(تو جیسا سلوک اپنے دوست سے کرے گا وہ تجھ سے کرے گا۔)
ای...... یہ وقت جگہ اور حالت سب کے لئے آتا ہے۔
ای بستان تدخل تبتهج
(تو جس باغ میں داخل ہو گا مسرور ہو گا۔)

القاعدة:

(۵۰) الادوات التی تجزم فعلین اثنتا عشرة اداة ان واذ ما وهما حرفان ومن وما و

مهما و متی و ایان و این وانی و حیثما و کیفما وای و جمیعها اسماء.

ترجمہ:

(۵۰) ایسے ادوات جو دوفعلوں کو بیک وقت جزم دیتے ہیں وہ بارہ ہیں۔ ان میں سے دو یعنی ان اور اذما حرف ہیں اور باقی من– ما– مهما– متی– ایان– این– انی– حیثما– کیفما اور ای سب کے سب اسم ہیں۔

التمرين (۱)

عین فی العبارات الاتیة الافعال المضارعة المجزومة وبین ما کان منها مجزوما بالسکون وما کان مجزوما بحذف حرف العلة وعین فعل الشرط وجوابه فی الجمل الشرطیة:

حل مشق (۱)

مندرجہ ذیل عبارتوں میں سے افعال مضارع مجزوم کا تعین کریں ان میں سے جو سکون کے ساتھ مجزوم ہیں ان کو الگ بیان کریں جو حرف علت کے حذف ہونے سے مجزوم ہیں ان کو الگ بیان کریں اور جہاں جہاں شرطیہ جملے ہوں ان میں شرط اور جزاء کا الگ الگ ذکر کریں۔

۱– لم ار صدیقی ولم اسمع اخباره منذشهرین

۲– حیثما تمش علی ضفاف النیل تنشق هواء نقیا

۳– لا تعاد الناس ولا تشغل نفسک بیعوب غیرک

۴– من یحذر عدوه ینج من اذاه

۵– متی یات فصل الصیف یرحل اهل الیسار الی شواطی البحار

۶– ماتخف من اعمالک یعلمه الله

حل:

افعال مضارع مجزوم بر سکون	افعال مضارع مجزوم برحذف حرف علت
اسمع' تنشق' تشغل' یحذر' یرحل' یعلم	ار' تمش' تعاد' ینج' یات' تخف

ادوات شرط	شرط جملہ شرطیہ	جزاء
حیثما	تمش علی ضفاف النیل	تنشق هواء نقیا
من	یحذر عدوه	ینج من اذاه

متی	یات فصل الصیف	یرحل اهل الیسار
ما	تخف من اعمالک	الی شواطی البحار یعلمه الله

التمرین (۲)

اکمل الجمل الشرطیة الاتیة بذکر جواب الشرط المحذوف واضبط اواخر الافعال المضارعة فی کل جملة:

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل شرطیہ جملوں کو اس طرح مکمل کریں کہ ہرایک شرط کے ساتھ جواب شرط ذکر ہوجائے اور ہر جملہ میں مضارع کے آخر پر اعراب لگائیں۔

۱-	ان تنم فی مجری الهواء	۲-	من یسهر کثیرا .....
۳-	انی ترسل رسالة بالبرید.....	۴-	اذا ما تطع والدک .....
۵-	ای صدیق تخلص له	۶-	من یصنع معروفا .....
۷-	ما تغرس من الاشجار	۸-	متی ینته شهر الصیام .....
۹-	حیثما ترافق الاشرار.....	۱۰-	مهما تخف من طباعک.....

حل:

۱-	تسقم	۲-	یضعف جسمه
۳-	اطلعنی	۴-	یرض عنک ربک
۵-	یخلص لک	۶-	یحسن الناس الیه
۷-	ینفع لک	۸-	نذهب الی لاهور
۹-	یوصل شرهم الیک	۱۰-	فسیعلمه الناس

التمرین (۳)

اتمم الجمل الاتیة بوضع جملة الشرط المحذوفة فی المکان الخالی واضبط اواخر الافعال المضارعة فی کل جملة:

حل مشق (۳)

مندرجہ ذیل جملوں کو اس طرح مکمل کریں کہ خالی جگہوں میں فعل شرط آئے نیز فعل

مضارع کے آخر پر اعراب بھی لگائیں۔

۱- من .....یعش عزیزا ۲- حیثما .....تندم علی فعله
۳- من .....تنتقل الیه طباعهم ۴- ما .....یفسد معدتک
۵- انی .....تجد زرعا ناضرا ۶- ان .....یرجع الیک نشاطک
۷- متی .....یحضر الی مصر السائحون ۸- من .....یسلم من اذاهم
۹- ما .....تنتفع به فی زمن الشاة ۱۰- من .....یثو ذا سنانه

حل:

۱- من یحسن الی الناس یعش عزیزا
۲- حیثما یعمل صدیقک منکرا تندم علی فعله
۳- من یصاحب الاشرار تنتقل الیه طباعهم
۴- ماتاکل بغیر جوع یفسد معدتک
۵- انی تذهب فی الربیع تجد زرعا ناضرا
۶- ان تنم فی اللیل یرجع الیک نشاطک
۷- متی یات الربیع یحضر الی مصرا السائحون
۸- من یحسن الناس یسلم من اذاهم
۹- ماتدخر مالا فی زمن الرخاء تنتفع به فی زمن الشدة
۱۰- من لم ینظف فمه یوذاسنانه

التمرین (۴)

(۱) کون ثلاث جمل شرطیة یکون فعلا الشرط والجواب فی کل منها مضارعین صحیحی الاخر

(۲) کون ثلاث جمل شرطیة یکون فعلا الشرط والجواب فی کل منها مضارعین معتلی الاخر

(۳) کون ثلاث جمل شرطیة یکون فعل الشرط فی کل منها مضارعا صحیح الاخر والجواب مضارعا معتل الاخر

(۴) کون ثلاث جمل شرطیة یکون فعل الشرط فی کل منها مضارعا معتل الاخر والجواب مضارعا صحیح الاخر

حل مشق (۴)

(۱) تین جملے بنائیں ہرایک میں شرط اور جزاء فعل مضارع صحیح الاخر آیا ہو۔

حل:

مهما تنفق في الخير يخلفه الله   اذ ما تفعل شرا تندم عليه

كيفما تعامل اخوانک يعاملوک

(۲) تین جملے بنائیں ہرایک میں شرط اور جزاء فعل مضارع معتل الاخر آیا ہو۔

حل:

من يرم غيره يخش على نفسه   اذ ما تسعى في الخير يجزيک الله

متى تمش في الحر تسقم

(۳) تین جملے بنائیں جن میں شرط کا فعل مضارع صحیح الاخر اور جزاء کا فعل مضارع معتل الاخر آیا ہو۔

حل:

اذ ما يمطر ينمو الزرع   مهما يذهب الى السوق لايات بخير

حيثما ينزل ابوک يلق الاكرام

(۴) تین جملے بنائیں جن میں شرط کا فعل مضارع معتل الاخر اور جزاء کا فعل مضارع صحیح الاخر اور جزاء کا فعل مضارع صحیح الاخر ہو۔

حل:

من يتق الله يجعل له مخرجا   ماتسعى في الخير تجده عند الله

متى يات الربيع يحضر الى مصر السائحون

التمرين (۵)

استعمل ادوات الشرط الاتية في جمل مفيدة

حل مشق (۵)

مندرجہ ذیل ادوات شرط کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

ما   حيثما   ايان   اذما

كيفما　　اى　　اين　　متى

حل:

مانفعل من خير تجده عند الله

حيثما تصل ولّ وجهک شطر المسجد الحرام

ايان تناد اجبک

اذ ما تكرم الناس يحسنو اليک

کیفما تعامل ابويک يعاملک اولادن به

الی خیر ینفع به الناس یحمدوک علیه

اينما تكونوا يدرككم الموت

متی تنزل بنا نکرمک

الافعال الخمسة واعربها

(افعال خمسہ اور ان کے اعراب)

	الامثلة	اردو	الامثلة	اردو
۱-	العاملان يشتغلان	دو مزدور کام کر رہے ہیں	العاملان لن يشتغلا	دو مزدور ہرگز کام نہیں کریں گے
۲-	انتما تشتغلان	تم دونوں کام کر رہے ہو	انتما لن تشتغلا	تم دونوں ہرگز کام نہیں کرو گے
۳-	العمال يشتغلون	کارکن کام کر رہے ہیں	العمال لن يشتغلوا	کارکن ہرگز کام نہیں کریں گے
۴-	انتم تشتغلون	تم کام کر رہے ہو	انتم لن تشتغلوا	تم ہرگز کام نہیں کرو گے
۵-	انت تشتغلين	تو (مونث) کام کر رہی ہے	انت لن تشتغلی	تو (مونث) ہرگز کام نہیں کرے گی

۱- العاملان لم يشتغلا　　دو مزدوروں نے کام نہیں کیا

۲- انتما لم تشتغلا　　تم دونوں نے کام نہیں کیا

۳- العمال لم يشتغلوا　　کارکنوں نے کام نہیں کیا

۴- انتم لم تشتغلوا — تم نے کام نہیں کیا

۵- انت لم تشتغلی — تو (مونث) نے کام نہیں کیا

البحث:

انظر الی الامثلة فی الاقسام الثلاثة المتقدمة تجد الفعل المضارع یقع فی کل قسم منها علی خمس حالات.

فهو فی الحالة الاولی متصل بالف تدل علی اثنین غائبین

وفی الحالة الثانیة.................... مخاطبین

.... الثالثة ....بواو..............جماعة الغائبین

..........الرابعة............................المخاطبین

..........الخامسة...........................المخاطبة

ومن اجل ذلک تسمی الافعال المضارعة فی الحالات السابقة بالافعال الخمسة.

تامل هذه الافعال الخمسة فی الاقسام الثلاثة تجدها فی القسم الاول مرفوعة لانها لم تسبق بناصب او جازم وفی القسم الثانی منصوبة لانها مسبوقة باداة نصب وفی القسم الثالث مجزومة لانها مسبوقة باداة جزم ولکن ما علامات الرفع والنصب والجزم هنا؟ اننا اذا تاملنا الافعال التی معنا لم نجد اثرا للضمة او الفتحة او السکون ولکنا فی حالة الرفع تجد فی آخرها نونا ثابتة دائما کما فی امثلة القسم الاول ونجد هذه النون محذوفة فی حالة النصب والجزم کما فی امثلة القسمین الاخیرین فلا بد اذا ان یکون ثبوت النون نائبا عن الضمة فی حالة الرفع وحذفها نائبا عن الفتحة والسکون فی حالة النصب والجزم.

بحث:

مذکورہ تینوں قسم کی مثالوں پر غور کریں ان میں مضارع کی پانچ حالتوں کی مثالیں دی گئی ہیں پہلی حالت میں مضارع کے ساتھ الف متصل ہے جو دو غائب اشخاص پر دلیل ہے دوسری حالت میں مضارع کے ساتھ الف متصل ہے جو دو مخاطب اشخاص پر دلیل ہے تیسری حالت میں مضارع کے ساتھ واؤ جمع غائب متصل ہے جو جمع غائب پر دلیل ہے چوتھی حالت میں مضارع کے ساتھ واؤ متصل ہے جو جمع مخاطب پر دلیل ہے پانچویں حالت میں مضارع کے ساتھ یاء متصل ہے جو واحد مونث مخاطب پر دلیل ہے۔

ان پانچ حالتوں کو احوال خمسہ کہا جاتا ہے ان حالتوں میں تین قسمیں ہیں پہلی قسم میں

مضارع مرفوع ہے دوسری میں منصوب اور تیسری میں مجزوم ہے مگر ان پر رفع، نصب اور جزم کی علامت نظر نہیں آتی سوائے اس کے کہ حالت رفع میں نون موجود ہے اور حالت نصب و جزم میں نہیں ہے معلوم ہوا کہ حالت رفع میں نون کی موجودگی علامت ہے کہ یہ رفعی حالت میں ہے اور نون کا گر جانا حالت نصب و جزم پر دلالت کرتا ہے۔

القواعد:

(۵۱) الافعال الخمسة هي كل مضارع اتصلت به الف اثنين او واو جماعة او ياء مخاطبة.

(۵۲) الافعال الخمسة ترفع بثبوت النون و تنصب و تجزم بحذفها.

ترجمہ:

(۵۱) افعال خمسہ وہ فعل مضارع ہیں جن کے ساتھ تثنیہ کا الف یا جمع کا واؤ یا مؤنث مخاطب کی یاء ملی ہو۔

(۵۲) حالت رفعی میں افعال خمسہ کا نون باقی رہتا ہے اور حالت نصب و جزم میں حذف ہو جاتا ہے۔

التمرين (ا)

عين علامات الاعراب فى الافعال المضارعة التى فى الامثلة الاتية:

حل مشق (ا)

مندرجہ ذیل مثالوں میں افعال مضارع کے اعراب کی علامات کا تعین کیجئے۔

۱- انتم تقولون مالا تفعلون	۲- اختلف الشريكان ولم يتفقا
۳- لم نر اللصوص وهم يسرقون	۴- اى عمل تعالجيه تحسنيه
۵- لم يشتغل العاملان حتى يستريحا	۶- انت تلبسين ما تخيطين
۷- ان تعملوا توجروا	۸- لم يسق الفلاحون الارض ولم يحرثوها

حل:

۱- تقولون تفعلون	حالت رفعی بثبوت نون
۲- يتفقا	حالت جزم بحذف نون
۳- نر	مجزوم بحذف حرف علت

۴-	تعالجی تحسنی	مجزوم بحذف نون
۵-	یشتغل	مجزوم بلم جازمہ
۶-	یستریحا	منصوب بہ ان مضمرہ بحذف نون
۷-	تلبسین تخیطین	مرفوع بثبوت نون
۸-	تعملوا توجروا	مجزوم بحذف نون
۹-	یسق	مجزوم بلم جازمہ
۱۰-	یحرثوا	مجزوم بحذف نون

التمرین (۲)

حول الافعال المضارعة التی فی الجمل الاتیة من حالة الرفع الی حالة النصب ثم الی حالة الجزم:

حل مشق (۲)

مندرجہ ذیل جملوں میں فعل مضارع کو حالت نصبی اور حالت جزمی میں تبدیل کریں۔

۱- الرجلان یتحادثان
۲- تنمو الشجرتان وتورقان
۳- یقراء الغلمان ویکتبون
۴- یجنی الفلاحون القطن و یبیعونه
۵- انت یا زینب تلعبین
۶- انت یا فاطمة تکتبین

حل:

۱-	الرجلان لن یتحادثا	الرجلان لم یتحادثا
۲-	لن تنموا الشجرتان ولن تورقا	لن تنموا الشجرتان ولن تورقا
۳-	لن یقراء الغلمان ولن یکتبوا	لم یقراء الغلمان ولم یکتبوا
۴-	لن یجن الفلاحون ولن یبیعوہ	لم یجن الفلاحون ولم یبیعوہ
۵-	إنت یا زینب لن تلعبی	انت یا زینب لم تلعبی
۶-	انت یا فاطمة لن تکتبی	انت یا فاطمة لم تکتبی

التمرین (۳)

(۱) کون ثلاث جمل اسمیة فی کل منها فعل مضارع مرفوع متصل بالف الاثنین
(۲) کون ثلاث جمل اسمیة فی کل منها فعل مضارع مرفوع متصل بالف

الاثنتين

(۳) کون ثلاث جمل اسمیة فی کل منها فعل مضارع منصوب متصل بواو الجماعة

(۴) کون ثلاث جمل اسمیة فی کل منها فعل مضارع مجزوم متصل بباء المخاطبة

حل مشق (۳)

(۱) تین اسمیہ جملے بنائیں ہرایک میں فعل مضارع مرفوع متصل بہ الف تثنیہ مذکر آجائے۔

حل:

الولدان یذهبان الی المدرسة　　　　الرجلان یاکلان الطعام

التلمیذان یکرمان الاستاذ

(۲) تین اسمیہ جملے بنائیں ہرایک میں فعل مضارع مرفوع متصل بہ الف تثنیہ مونث آجائے۔

حل:

البنتان تذهبان الی المدرسة　　　　البقرتان ترتعان فی الحمی

امراتا الباکستان تحبان و طنهما

(۳) تین اسمیہ جملے بنائیں ہرایک میں فعل مضارع منصوب متصل بہ واؤ جمع آجائے۔

حل:

التلامیذ یذهبو الی المدرسة　　　　المسلمون لن یکتمو العلم

الاولاد یلعبون بکرة القدم

(۴) تین اسمیہ جملے بنائیں ہرایک میں فعل مضارع مجزوم متصل بہ یائے تانیث مخاطب واحد آجائے۔

حل:

یا فاطمة لا تدخلنی فی الصف حتی یوذن لک　　　　لم تقولنی مالم تفعلی

انت حضرت الدرس ولم تفهمی

التمرين (۴)

ضع الافعال الاتية فی جمل تامة مع اتصالها بالف الاثنين مرة والف الاثنين مرة اخرى:

حل مشق (۴)

مندرجہ ذیل افعال سے تثنیہ مذکر اور مونث کے صیغے بنا کر جملوں میں استعمال کریں۔

یاکل یفتح یستظل یطفی یستھل

حل:

۱-	الرجلان یاکلان الطعام فی البیت	۲-	البنتان تاکلان الطعام فی الفندق
۳-	الخادمان یفتحان الباب	۴-	البنتان تفتحان النوافذ
۵-	التلمیذان یستظلان الشجرة	۶-	التلمیذتان تستظلان السقف
۷-	الرجلان یطفان النار	۸-	الطالبتان تطفان النار
۹-	العاملان یستھلان العمل	۱۰-	الخیاطان تستھلان الخیاطة

التمرين (۵)

ضع الافعال الاتية فی جمل تامة مع اتصالها بواو الجماعة مرة وبياء المخاطبة اخرى:

حل مشق (۵)

مندرجہ ذیل افعال کو اس طرح جملوں میں رکھیں کہ ایک مرتبہ واؤ جمع متصل ہو اور دوسری مرتبہ واحد مونث مخاطب کی یاء متصل ہو کر آئے۔

یقرا یرکب یخاف یستصعب ینظف یستعین

حل:

۱-	الناس یقرئون القرآن فی رمضان	۲-	ھل تقرئین القرآن یا جمیلة
۳-	الرجال یرکبون السیارة	۴-	کیف ترکبین الطیارة

۵- المسلمون لا یخانون الا اللہ ۶- لا تخافی لومة لائم فی الحق یا طالبة

۷- المنافقون یستصعبون العبادة ۸- یا عائشة لا تستصعبی درسک

۹- الخدام ینظفون صحن البیت ۱۰- ھل تنظفین الساحة یا خادمة

۱۱- المومنون یستعینون اللہ فی جمیع امورھم ۱۲- ھل تستعنین الخادمة فی امورک

التمرین (۶)

ضع جملة فعلیة فعلھا مضارع فی کل مان خالی: وبین علامة اعراب الفعل:

حل مشق (۶)۔

خالی جگہوں میں فعل مضارع کا جملہ فعلیہ لگا دیں اور فعل کے آخر پر اعراب لگا دیں۔

۱- الولدان .....النھر ۲- الملوک .....العلماء

۳- انت یا زینب .....علی البائسین ۴- السفینتان .....فی البحر

۵- لم لم .....الثیات یا فاطمة ۶- التجارلم .....ھذا العام

۷- ما کان الا صدقاء ک ۸- جاء الزائرون ولم .....

۹- الاضباء لم .....علة المریض ۱۰- الفقراء .....الغلاء

حل:

۱- یسبحان فی ۲- یعظمون

۳- ترحمن ۴- تجریان

۵- تخیطی ۶- یربحوا

۷- لیخونوا صدیقھم ۸- یرجعوا

۹- یفھموا ۱۰- یستقبحون

التمرین (۷)

ضع مکان کلمة الطبیب فی العبارة الاتیة کلمة الطبیبین مرة وکلمة الاطباء اخری مع مراعاة ما یحدث من التغییر فی الافعال:

حل مشق (۷)

مندرجہ ذیل عبارت میں جہاں جہاں لفظ "طبیب" آیا ہے اسے ایک دفعہ تثنیہ اور دوسری دفعہ جمع بنا کر لکھیں اور اس کیساتھ فعل میں جو ضروری تغیر معلوم ہو وہ بھی ظاہر کردیں۔

یجب علی الطبیب ان یلاطف المرضی ویخفف
عنھم الا لام ببشرہ ویصف لھم الدواء النافع
ولا یطمع فی مالھم ویساعد الفقراء بعلمہ ومالہ

حل (۱) تثنیہ:

یجب علی الطبیبین ان یلاطفا المرضی
ویخففا عنھم الا لام ببشرھما ویصفا لھم
الدواء النافع ولا یطعما فی مالھم ویساعد
الفقراء بعلمھما ومالھما

حل (۲) جمع:

یجب علی الاطباء ان یلاطفوا المرضی
ویخففوا عنھم الا لام ببشرھم ویصفوا لھم
الدواء النافع ولا یطعموا فی مالھم ویساعدوا
الفقراء بعلمھم ومالھم

التمرین (۸)

(۱) اکتب عبارۃ لا تقل عن ثلاثۃ اسطر فیما یعملہ اخواک صباح کل یوم من وقت استیقاظھما من النوم الی انْ یذھبا الی المدرسۃ.

(۲) اکتب العبارۃ مرۃ ثانیۃ وابتلسھا بکلمۃ اخوتی مع مراعاۃ ما یحدث فی کلمتھا من التغییر

حل مشق (۸)

(الف) تین سطروں کی عبارت لکھیں اس میں یہ بتادیں کہ تمہارے دو بھائی جاگ اٹھنے کے بعد سکول جاتے وقت کون کون سے کام کرتے ہیں۔

حل:

اخوای یستیقظان مبکرا ویفرغان من
الحوائج الضروریة ویغتسلان ثم یصلیان فی
المسجد ثم یرجعان ویاکلان فطورھما
ویفھمان للذھاب المدرسة

(ب) اسی عبارت کو دوبارہ لکھیں اور دو کی بجائے تین بھائیوں کے مشاغل بیان کریں۔

حل:

اخوتی یستیقظون مبکرین ویفرغون من
الحوائج الضروریة ویغسلون ثم یصلون فی
المسجد ثم یرجعون ویاکلون فطورھم
ویفھیعون للذھاب المدرسة

تقسیم الاسم الی مفرد و مثنی و جمع

(مفرد - تثنیہ - جمع)

	الامثلة	اردو	الامثلة	اردو
۱-	تعب العامل	مزدور تھک گیا	تعب العاملان	دو مزدور تھک گئے
۲-	حضر المھندس	انجینئر حاضر ہوا	حضر المھندسان	دو انجینئر حاضر ہوئے
۳-	نادیت البائع	میں نے بیچنے والے کو آواز دی	نادیت البائعین	میں نے دو بیچنے والوں کو آواز دی
۴-	اثنیت علی المھذبة	میں نے تہذیب یافتہ عورت کو سراہا	اثیت علی المھذبتین	میں نے دو تہذیب یافتہ عورتوں کو سراہا

۱-	تعب العمال	مزدور تھک گئے
۲-	حضر المھندسون	انجینئر حاضر ہوئے
۳-	نادیت البائعین	میں نے بیچنے والوں کو آواز دی
۴-	اثنیت علی المھذبات	میں نے تہذیب یافتہ عورتوں کو سراہا

البحث:

الكلمات الاخيرة فی الامثلة السابقة کلها اسماء واذا تاملنا هذه الاسماء فی امثلة القسم الاول وجدنا کل اسم منها یدل علی شئی واحد ویسمی مفردا واذا تاملناها فی القسم الثانی وجدنا کل منها یدل علی شیئین اثنین ویزید علی المفرد ونونا او یاء ونونا فی الاخر ویسمی مثنی اما فی القسم الثالث فکل منها یدل علی اکثر من اثنین. ویختلف من المفرد اما بتغییر فی الصورة کما فی المثال الاول او بزیادة فی الاخر کما فی الامثلة الباقیة ویسمی جمعا وسیاتی له تفصیل.

بحث:

مذکورہ مثالوں کے آخری کلمات اسماء ہیں پہلی قسم کی مثالوں کا ہر اسم صرف ایک چیز پر دلالت کرتا ہے اسے مفرد کہتے ہیں دوسری قسم کی مثالوں کا ہر اسم دو چیزوں پر دلالت کرتا ہے یہ مفرد پر ''الف نون'' یا ''یاء نون'' بڑھانے سے بنے ہیں ان کو تثنیہ کہتے ہیں تیسری قسم کی مثالوں کا ہر اسم دو سے زیادہ چیزوں پر دلالت کرتی ہے یہ کبھی مفرد کی صورت بدلنے اور کبھی اس پر اضافہ کرنے سے بنتے ہیں ان کو جمع کہتے ہیں۔

القاعدة:

جب آپ کہتے ہیں کہ "حادثني الوزير"(وزیر نے مجھ سے بات چیت کی) تو سننے والا شاید اسے صحیح تسلیم نہ کرے اس لئے کہ وزیر کے ساتھ باتیں کرنا کوئی معمولی بات نہیں وہ یوں خیال کرے گا کہ آپ کے ساتھ اس کے وکیل یا پرائیویٹ سیکرٹری یا اس کے آدمی نے بات کی ہوگی اور آپ نے وزیر کا نام سہوا لے دیا ہوگا سامع کو اس قسم کے توہم سے بچانے کے لئے آپ نے لفظ وزیر کے ساتھ نفسہ کا لفظ ذکر کیا اس طرح کہہ دینے سے اصل معنی میں تاکید پیدا ہوگئی اور اس میں توہم کی گنجائش باقی نہ رہی اس وجہ سے ہم پہلی تین مثالوں میں کلمہ "نفسه" کو توکید کہتے ہیں اور اس سے پہلے ذکر شدہ لفظ "وزیر" کو موکد کہتے ہیں کلمہ "نفس" کی طرح کلمہ "عین" کو بھی سمجھ لیجئے۔

اسی طرح جب آپ کہہ دیتے ہیں کہ "احترقت الدار" تو سامع یہ خیال کرلیتا ہے کہ شاید گھر کا کچھ سامان جل گیا ہو یا صرف دروازوں کو آگ لگی ہو یا اس کا کوئی ایک کمرہ جل گیا ہو اور آپ نے سہوا "دار" کا لفظ کہہ دیا ہو اس توہم کو دور کرنے کے لئے آپ نے "کلها" بڑھادیا تاکہ سامع کوئی دوسرا مطلب نہ لے سکے اس لئے دوسری قسم کی تینوں مثالوں میں لفظ "کل" بھی توکید ہے لفظ "کل" کی طرح لفظ "جمیع" کو سمجھ لیجئے۔

تیسری قسم میں اسی طرح کے توہم کو دور کرنے کے لئے لفظ "کلا" لایا گیا ہے یہ لفظ ہمیشہ مذکر کی تاکید کے لئے آتا ہے جب کہ تثنیہ مؤنث کی تاکید کے لئے لفظ "کلتا"

آتا ہے۔

اب چونکہ یہ چھ الفاظ "النفس' العین' کل ' جمیع' کلا اور کلتا" ایسے توکید ہیں جو اپنے موکدہ (جس کی تاکید کی گئی) کے ساتھ معنوں میں موافق اور لفظوں میں مخالف ہیں اس لئے ان کی توکید کو توکید معنوی کہتے ہیں یہ اپنے موکد کے ساتھ اعراب میں موافق ہوتے ہیں ان میں ایک ضمیر ہوتی ہے جو تذکیر و تانیث اور مفرد' تثنیہ اور جمع ہونے میں موکد کے مطابق ہوتی ہے۔

آخری چار مثالوں میں بعض الفاظ مکرر آئے ہیں مثلاً التمساح (اسم) حضر (فعل) لا (حرف) اور انت الملوم (جملہ) یہاں بھی سامع کی غلط فہمی اور توہم کو دور کرنے کے لئے ان الفاظ کو دہرایا گیا ہے ان مکرر کلمات کو بھی توکید کہتے ہیں چونکہ اس میں ایک ہی لفظ کے تکرار سے توکید کے معنی حاصل کئے گئے ہیں اس لئے اس کو توکید لفظی کہتے ہیں یہ بھی اعراب میں اپنے ماقبل کا تابع ہوتا ہے۔

القواعد:

(۱۶۴) التواکید: تابع یذکر فی الکلام لدفع ماقد یتوھمه السامع ممالیس مقصوداً' وھو نوعان: معنوی و لفظی.

(۱۶۵) التوکید المعنوی یکون بألفاظ ھی: النفس' والعین' و کل' و جمیع' و کلا" و کلتا' ویحب' أن یتصل کل منھا بضمیر یطابق المؤکد.

(۱۶۶) التوکید اللفظی یکون بإعادة اللفظ اسما أو فعلا أو حرفاً' او جملةً.

ترجمہ:

(۱۶۴) توکید وہ تابع ہے جو سامع کو خلاف مقصود بات سمجھ لینے کے توہم سے بچانے کے لئے ذکر کیا جاتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں: معنوی اور لفظی۔

(۱۶۵) توکید معنوی' نفس' عین' کل' جمیع' کلا اور کلتا کے ذریعے ہوتی ہے' ان میں سے ہر ایک میں ضمیر ہوتی ہے جو مؤکد کے مطابق ہوتی ہے۔

(۱۶۶) توکید لفظی اسی لفظ کو مکرر کرنے سے حاصل ہوتی ہے خواہ وہ اسم ہو' فعل ہو' حرف ہو یا جملہ ہو۔

توکید الضمیر المتصل والمستتر

الامثلة	ترجمہ
۱- قمت انا بالواجب	میں نے خود فریضہ ادا کیا

۲- ما جاء ک انت احد	تیرے پاس تو کوئی نہیں آیا
۳- سلمت علیه هو	میں نے خود اسے سلام کیا
۴- دهشنا نحن انفسنا	ہم خود حیران ہو گئے
۵- ذعرت انت نفسک	خود تجھے ڈرایا گیا
۶- جبنوا هم انفسهم	وہ خود بزدل ہو گئے
۷- اسرج انا الفرس	میں گھوڑے پر خود زین کستا ہوں
۸- افتح انت النافذة	تو خود کھڑکی کھول
۹- فرید قرا هو الکتاب	فرید نے خود کتاب پڑھی
۱۰- اسرج انا نفسی الفرس	میں خود گھوڑے پر زین کستا ہوں
۱۱- افتح انت نفسک النافذة	تو خود کھڑکی کھول
۱۲- فرید قرا هو نفسه الکتاب	فرید نے خود کتاب پڑھی

البحث:

التاء من قمت والکاف من جاء ک والهاء من علیه فی الامثلة الثلاثة الاولی کلها ضمائر متصلة وقد اکد کل منها توکیدا لفظیا بضمیر رفع منفصل ولو تدبرت جمیع الضمائر المتصلة علی اختلاف انواعها سواء اکانت فی محل رفع ام فی محل نصب ام فی محل جر لوجدتها توکد توکیدا لفظیا بضمائر الرفع المنفصلة.

والضمائر نا من دهشنا والتاء من ذعرت والواو من جبنوا فی الامثلة الثلاثة الثانیة کلها ضمائر رفع متصلة وقد اکد کل منها توکیدا معنویا بالنفس بعد توکیده بالضمیر المنفصل ولو تدبرت جمیع ضمائر الرفع المتصلة المؤکدة بالنفس او العین لوجدتها لا توکد هذا التوکید الا بعد توکیدها بالضمائر المنفصلة.

تامل الضمائر المستترة فی الامثلة الباقیة تجد حکمها فی التوکید اللفظی وکذلک فی التوکید المعنوی بالنفس والعین حکم الضمائر المتصلة المتقدمة.

بحث:

پہلی تین مثالوں میں "قمت" میں تاء "جاء ک" میں کاف اور "علیہ" میں هاء سب ضمائر متصلہ ہیں اور ہرایک کی تو کید لفظی ایک ضمیر مرفوع منفصل کے ذریعے کی گئی ہے اگر آپ تمام ضمائر متصلہ پر غور کریں چاہے وہ محل رفع میں ہوں، محل نصب میں یا محل جر میں واقع ہوں تو آپ کو معلوم ہوجائے گا کہ ان میں سے ہرایک کی تو کید لفظی ایک ضمیر مرفوع کے ساتھ کی گئی ہے۔

اب دوسری قسم کی تین مثالوں پر غور کریں ان میں "دھشنا" میں نا "ذعرت" میں تاء اور "جبنوا" میں واؤ ضمائر مرفوع متصل ہیں اور ان میں سے ہرایک کی توکید پہلے تو ایک ضمیر منفصل سے ہوئی ہے پھر لفظ نفس کے ذریعے دوبارہ ان کی توکید معنوی ہوئی ہے اس سے معلوم ہوا کہ ضمائر رفع متصلہ کی توکید لفظ نفس یا لفظ عین کے ساتھ تب ہو سکے گی جب پہلے ضمائر منفصلہ سے ان کی توکید ہو چکی ہو۔

القواعد:

(١٦٧) الضمائر المتصلة والمستترة تؤكد توكيداً لفظياً بضمائر الرفع المنفصلة.

(١٦٨) لا تؤكد ضمائر الرفع المتصلة والمستترة بالنفس والعين إلا بعد توكيدها بضائمر الرفع المنفصلة.

ترجمہ:

(١٦٧) ضمائر متصلہ اور مستترہ کی توکید لفظی ضمائر مرفوع منفصلہ سے ہوتی ہے۔

(١٦٨) ضمائر مرفوع متصلہ اور مستترہ کی توکید لفظ نفس اور لفظ عین کے ساتھ اس وقت ہو سکے گی جب پہلے ضمائر منفصلہ سے ان کی توکید ہو چکی ہو۔

التمرين (١)

عين فى العبارات الاتية التوكيد والموكد واشكلهما وميز التوكيد اللفظى من التوكيد المعنوى.

حل مشق (١)

درج ذیل عبارتوں میں توکید اور موکد کی تعیین کریں اس پر اعراب لگائیں اور توکید لفظی توکید معنوی سے الگ کریں:

١- يثنى الناس جميعهم على العامل المجد

٢- الملک كله لله

٣- تفقدت انا نفسى اشجار البستان فوجدتها جميعا مثمرة

٤- اطع والديک كليهما واعطف على اخوتک جميعهم

٥- اياک اياک النميمة

٦- عاد الرسول عينه يحمل البشرى

٧- ركبت الزورق عينه مع صديقى كليهما

۸— اجل' اجل سیلقی الجانی جزاء ہ

۹— قطعنا نحن انفسنا الطریق کلہ مشیا علی الاقدام

۱۰— باع المسافر داریہ کلتیھما وقبض الثمن کلہ

۱۱— واسیۃ انا نفسی اکثر مما واساہ اخواہ انفسھما

۱۲— غربت غربت الشمس

۱۳— حذار حذار من الاھمال

توکید	موکد	لفظی/معنوی
۱- جمیعھم	الناس	معنوی
۲- کلہ	الملک	معنوی
۳- انا نفسی	تفقدت "تا" ضمیر	لفظی ومعنوی
جمیعا	فوجدتھا "ھا" ضمیر	معنوی
۴- کلیھما	والدیک	معنوی
جمیعھم	اخوتک	معنوی
۵- ایاک ایاک	النمیمۃ	لفظی
۶- عینہ	الرسول	معنوی
۷- عینہ	الزورق	معنوی
کلیھما	صدیقی	معنوی
۸- اجل اجل	جزاء	لفظی
۹- نحن انفسنا	قطعنا	لفظی ومعنوی
کلہ	الطریق	معنوی
۱۰- کلتیھما	داریہ	معنوی
کلہ	الثمن	معنوی
۱۱- انا نفسی	واسیتہ	لفظی ومعنوی
انفسھما	اخواہ	معنوی
۱۲- غربت غربت	الشمس	لفظی
۱۳- حذار حذار	الاھمال	لفظی

التمرین (۲)

ضع فی کل مکان من الاماکن الخالیۃ توکیدا معنویا مناسبا واضبط آخرہ بالشکل:

حل مشق (۲)

خالی جگہوں میں مناسب توکید معنوی رکھیں اوراس کے آخر پر اعراب لگادیں:

۱ – تلف الاثاث	۲- بعت ثمر البستان .....
۳- ابوه واخوه .....يعطفان عليه	۴- احفظ عينيک .....من وهج الشمس
۵- احترق الحطب	۶- اخوک .....هو الذى نقل الخبر
۷- اشتريت الحصانين	۸- العقلاء .....يكوهون الشقاق
۹- زارنا المدير	۱۰- انت .....الذى بدات الشر

توکید معنوی:

۱ – جميعها	۲- كله
۳- كلاهما	۴- كليهما
۵- كله	۶- نفسه
۷- كليهما	۸- كلهم
۹- نفسه	۱۰- نفسک

التمرين (۳)

ضع موكدا مناسبا في كل مكان من الامكنة الخالية فى الجمل الاتية:

حل مشق (۳)

درج ذیل خالی جگہوں میں مناسب موکد رکھ دیں:

۱ – .....انفسهم لا يحبونه	۲- .....كلها نظيفة
۳- .....دع اللهو ان الوقت ثمين	۴- انطفات .....كلها
۵- .....كلتاهما مغرورقتان بالدموع	۶- .....لا افشى سر الصديق
۷- .....كلتاهما ملوثتان بالمداد	۸- .....الصدق يافتى
۹- احسن الى .... كليهما	۱۰- عاود المريض .....عينه
۱۱- .....اعينهما لم تشمرا	۱۲- قرات ..... كله الا صفحتين

موکد:

۱ – الخدام	۲- الحجرة

٣- انت نفسک	٤- النار
٥- عيناه	٦- انانفسی
٧- الورقتان	٨- الصدق
٩- والديک	١٠- الامير
١١-الشجرتان	١٢- الكتاب

التمرين (٤)

كون جملا تجی فيها الالفاظ الاتية موكدة توكيدا معنويا بحيث تقع الالفاظ مرة مرفوعة ومرة منصوبة ومرة مجرورة:

حل مشق (٤)

درج ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح رکھیں کہ ہرایک کے ساتھ توکید معنوی آجائے نیز ان الفاظ کو ایک دفعہ مرفوع' دوسری دفعہ منصوب اور تیسری مرتبہ مجرور استعمال کریں:

الحاكم	المسافرون	البسط الشرقية	الفتاة المهذبة
الجوادان	الشجرتان	الرجال الموسرون	القاضی

حل:

الحاكم	الحاكم نفسه شرب الشای – رايت الحاكم عينه يشاور الوزراء – مررت بالحاكم نفسه يخاطب الموظفين.
المسافرون	المسافرون كلهم ذاهبون الى المحطة – شاهدت المسافرين كلهم ياكلون الطعام – مررت بالمسافرين كلهم يشربون اللبن
البسط الشرقية	البسط الشرقية كلها وضعت على الارض – فرشت البسط الشرقية كلها للضيوف – جلس الناس على البسط الشرقية كلها
الفتاة المهذبة	الفتاة المهذبة نفسها تامر بالمعروف – رايت الفتاة المهذبة نفسها تعلم اخواتها – قلت للفتاة المهذبة نفسها انصری اخواتک

الجوادان	الجوادان كلاهما سريعان – شاهدت الجوادين كليهما يسرعان في الميدان – فرشت الرمل في حجرة الجوادين كليهما
الشجرتان	الشجرتان كلتيهما مثمرتان – رايت الشجرتين كلتيهما لم تورقا – نظرت الى الشجرتين كليتهما قطعتا
الرجال الموسرون	الرجال الموسرون كلهم في يسر – رايت الرجال الموسرين كلهم في يسر – نظرت الى الرجال الموسرين كلهم
القاضي	جاء القاضي نفسه في السوق – رايت القاضي نفسه في مجلس القضاء – مررت بالقاضي عينه في مجلس النكاح

التمرين (۵)

ضع من الجملة لا ينجح الكسلان اربعة امثلة التوكيد الاسم والفعل والحرف والجملة توكيدا لفظيا:

حل مشق (۵)

• لا ينجح الكسلان سے چار ایسے جملے بنائیں کہ ان میں ایک دفعہ اسم کی' پھر فعل' حرف اور جملہ کی توکید لفظی آ جائے:

ا – لا ينجح الكسلان الكسلان
۲- لا ينجح لا ينجح الكسلان
۳- لا – لا ينجح الكسلان
۴- لا ينجح الكسلان لا ينجح الكسلان

التمرين (٦)

اكد ما في الجمل الاتية من الضمائر المتصلة والمستترة توكيدا لفظيا:

حل مشق (٦)

درج ذیل جملوں میں ضمائر متصلہ اور ضمائر مستترہ کے ساتھ توکید لفظی لائیں:

ا – اكتبوا ......
۲- اذهبا .....الى البستان
۳- من اباكم .....بهذا
۴- ساسافر .....الى لبنان
۵- رتبن .....المائدة
٦- اتتنا ....الاخبار
۷- لم يسلم عليه .....احد
۸- زارني .....رسول الامير

٩- سنجلس ....تحت الشجرة
١٠- دع .....المزاح

حل:

١- انتم على الكراسات
٢- انتما
٣- انتم
٤- نحن
٥- انتن
٦- ازا
٧- هو
٨- ایای
٩- نحن
١٠- انت

التمرین (٧)

اکد ما فی الجمل الاتیة من ضمائر الرفع المتصلة والضمائر المستترة توکیدا معنویا بالنفس او العین:

حل مشق (٧)

درج ذیل جملوں میں ضمائر مرفوع متصل اور ضمائر مستترہ کے ساتھ لفظ نفس یا عین کے ذریعہ توکید معنوی لائیں:

١- اجلس .....حیث اجلس
٢- عودوا ....المریض
٣- تعودی ....الحلم
٤- ادرسن .....التدبیر المنزلی
٥- اشتریت .....اثاث المنزل
٦- اسرجا ....الخیل
٧- اقلم .....اشجار الحدیقة
٨- خرج محمد وعاد .....بعد ساعة
٩- نتولی .....تنسیق
١٠- هل سمعتم .....هذه القصة

حل:

١- انت نفسک
٢- انتم نفسکم
٣- انت نفسک
٤- انتن انفسکن
٥- انا عینی
٦- انتما عینکما
٧- انا عینی
٨- هو نفسه
٩- نحن انفسنا
١٠- انتم انفسکم

التمرين (٨)

کون ثلاث جمل يجی فيها المثنی موکدا بکلا او کلتا بحيث يکون فی الاولی مرفوعا وفی الثانية منصوبا وفی الثالثة مجرورا

حل مشق (٨)

تین جملے بنائیں ان میں تثنیہ کو کلا اور کلتا سے موکد کر کے پیش کریں مگر اس طرح کہ کلا اور کلتا ایک مرتبہ مرفوع لائیں دوسری مرتبہ منصوب اور تیسری مرتبہ مجرور لائیں۔

استاذنا التلميذان کلاهما فی الفصل

استاذنت التلميذتان کلتاهما فی الفصل

اخرجت التلميذين کليهما من الفصل

اخرجت المعلمة التلميذتين کلتيهما من الفصل

کتبت بالقلمين کليهما

کتبت فی الکراستين کلتيهما

التمرين (٩)

کون ثلاث جمل تشتمل کل منها علی توکيد بالنفس او العين ويکون الموکد فی الاولی جمع مذکر سالما وفی الثانية جمع مؤنث سالما وفی الثالثة جمع تکسير:

حل مشق (٩)

تین جملے بنائیں ہر ایک میں نفس یا عین کے ذریعہ تاکید لائیں مگر اس طرح کہ پہلے جملہ میں موکد جمع مذکر سالم ہو دوسرے میں جمع مؤنث سالم اور تیسرے میں جمع تکسیر ہو:

١۔ اجتمع المومنون انفسهم فی بلدهم لصلاة الجمعة

٢۔ اجتمعت الطالبات انفسهن فی کليتهن للامتحان

٣۔ تهيا الرجال اعينهم للسفر

التمرين (١٠)

کون ثلاث جمل تشتمل کل منها علی توکيد بکل او جميع ويکون الموکد

فی الاولی مفردا وفی الثانیة جمع مذکر سالما وفی الثالثة جمع مؤنث سالما

حل مشق (۱۰)

تین جملے بنائیں ہرایک میں لفظ کل اور جمیع کے ذریعے توکید آئے' پہلے جملے میں موکد مفرد ہو دوسرے میں جمع مذکر سالم اور تیسرے میں جمع مؤنث سالم ہو:

۱- میراث الارض کله لله
۲- اشتری المسافرون جمیعهم اثوابا فی السوق
۳- قرات المومنات کلهن القران

التمرین (۱۱)

(۱) کون جملتین فی کل منها ضمیر رفع متصل موکد توکیدا لفظیا
(۲) ....نصب..................
(۳) ....جر..................
(۴) ....مستتر..................

حل مشق (۱۱)

(۱) دو جملے بنائیں ہرایک میں ضمیر رفع متصل موکد بتاکید لفظی آجائے:
۱- هل علمت انت ان اخیک مریض ۲- قد سافرنا نحن الا لاهور
(۲) دو جملے بنائیں ہرایک میں ضمیر نصب متصل موکد بتاکید لفظی آجائے:
۱- من اخبرک انت ان رفیقک ۲- هل ترضاه هو وقد شتمک مریض
(۳) دو جملے بنائیں ہرایک میں ضمیر جر متصل موکد بتاکید لفظی آجائے:
۱- اشتریت له هو دارا ۲- کتبت لک انت رسالة الی ابیک
(۴) دو جملے بنائیں ہرایک میں ضمیر مستتر موکد بتاکید لفظی آجائے:
۱- یسلم هو علی ابیه ۲- اکتب انا رسالة الی امی

التمرین (۱۲)

کون اربع جمل تشتمل کل منها علی ضمیر رفع موکد بالنفس او العین ویکون الضمیر فی الاولین متصلا وفی الاخیرتین مستترا

حل مشق (۱۲)

چار جملے بنائیں ہرایک میں ضمیر رفع موکد بالنفس یا بالعین آجائے پہلے دو جملوں میں ضمیر متصل ہو اور آخری دو جملوں میں مستتر ہو:

۱- سافرت انا عینی الی لاهور ۲- اشتریت اذا نفسی رسالة فی السوق

۳- زرع هو نفسه نخلا فی البستان ۴- خرجت هی عینها من دارها

التمرین فی الاعراب (۱۳)

(الف) نموذج (نمونہ):

نظفت یداه کلتاهما

نظفت...... نظف فعل ماض مبنی علی الفتح والتاء علامۃ التانیث

یداه...... یدا فاعل مرفوع بالالف لانہ مثنی وھو مضاف والضمیر مضاف الیہ مبنی علی الضم فی محل جر

کلتاهما...... کلتا توکید للاسم المثنی قبلہ مرفوع بالالف وھو مضاف والضمیر بعدہ مضاف الیہ مبنی علی السکون فی محل جر

(ب) اعرب الجمل الاتیة:

حل اعراب کی مشق (۱۳)

(ب) درج ذیل جملوں کے اعراب بیان کیجئے:

۱- دعونا الطبیب نفسه ۲- احترق اثاث المنزل جمیعه

۳- هل زارک انت احد الیوم؟ ۴- اذهبوا انتم انفسکم الی الناظر

حل:

۱- دعو فعل ماضی مبنی بر سکون

نا ضمیر رفع متصل فاعل مرفوع محلا مبنی بر سکون

الطبیب مفعول بہ منصوب برفتحہ

نفسه توکید برائے مفعول بہ منصوب برفتحہ مضاف مضاف الیہ

۲- احترق فعل ماضی مبنی برفتحہ

اثاث فاعل مرفوع برضمہ مضاف موکد

المنزل	مضاف الیہ مجرور بالکسر
جمیعه	مضاف' مضاف الیہ' توکید' منصوب برفتحہ
۳- هل	حرف استفہام مبنی برسکون
زار	فعل ماضی مبنی برفتحہ
ک	ضمیر منصوب متصل مفعول بہ' منصوب محلاً موکد
انت	ضمیر منفصل توکید برائے ضمیر متصل منصوب محلا
احد	فاعل مرفوع برضمہ
۴- اذهبوا	فعل امر مبنی برضمہ بوجہ اتصال واؤ جمع' انتم ضمیر مستتر فاعل' توکید
انتم	فاعل مرفوع محلاً یہ توکید لفظی ہے
انفسکم	توکید برائے فاعل' یہ توکید معنوی ہے' مضاف' مضاف الیہ
الی	حرف جر مبنی برسکون
الناظر	مجرور علامت جر کسرہ ہے

العطف

	الامثلة	ترجمہ
۱-	نضج الخوخ والعنب	پک گیا آڑو اور انگور
۲-	اکلت الخوخ والعنب	کھایا میں نے آڑو اور انگور
۳-	هذا شجر الخوخ والعنب	یہ آڑو اور انگور کا درخت ہے
۴-	ترعد السماء وتبرق	بادل گرجتا اور بجلی چمکتی ہے
۵-	یخاف الاطفال من ان ترعد السماء و تبرق	بادل کے گرجنے اور بجلی کے چمکنے سے بچے ڈرتے ہیں
۶-	ان ترعد السماء و ترق فلن نخرج	اگر بادل گرجتا ہے اور بجلی چمکتی ہے تو ہم ہرگز نہیں نکلیں گے

البحث:

انظر الامثلة السابقة تجد کلا منها یشتمل علی لفظین تتوسط بینها واو تفید اشتراکهما فی الحکم وانظر هذین اللفظین تجدها فی الامثلة الثلاثة الاولی اسمین وفی الثلاثة الثانیة فعلین ویسمی اللفظ الذی بعد الواو معطوفا او عطفا واللفظ الذی قبلها معطوفا علیه اما الواو تسمی حرف العطف او اداته.

واذا تاملت المعطوف فی جمیع الامثلة المتقدمة وکذلک فی کل مثال

آخر وجدته يتبع المعطوف عليه في اعرابه رفعا ونصبا و جرا وجرما ولذلک يسمی المعطوف تابعا والمعطوف عليه متبوعا.

وهناک حروف اخری غير الواو يعطف بها وهي الفاء وثم واو وام ولا وبل ولکن وحتی و سنشرح معانيها فيما ياتي.

بحث:

مذکورہ بالا مثالوں میں سے ہرایک جملہ ایسے دولفظوں پر مشتمل ہے جن کے درمیان واؤ آیا ہے اور وہ ان دونوں کو ایک حکم میں شریک کر رہا ہے پہلی تین مثالوں میں یہ دونوں لفظ اسم ہیں اور دوسری تین مثالوں میں فعل ہیں۔ واؤ کے بعد واقع ہونے والے کلمے کو معطوف یا عطف کہتے ہیں اور واؤ سے قبل آنے والے کلمہ کو معطوف علیہ کہتے ہیں اور خود واؤ کو حرف عطف یا اداۃ العطف کہتے ہیں۔

معطوف اعراب میں معطوف علیہ کا تابع ہوتا ہے اسی لئے معطوف کو تابع اور معطوف علیہ کو متبوع کہتے ہیں واؤ کے علاوہ ثم' او' ام' لا' بل لکن اور حتی بھی حرف عطف ہیں۔

القاعدة:

(۱۶۹) العطف: تابع يتوسط بينه و بين متبوعه أحد هذه الحروف وهي الواؤ' والفاء' وثم' وأو' وأم' ولا' وبل' ولکن' و حتی

ترجمہ:

(۱۶۹) عطف وہ تابع ہے جس کے متبوع اور اس کے درمیان ان حروف میں سے کوئی حرف آ جائے: واؤ' فا' ثم' او' ام' لا' بل' لکن' حتی

معاني حروف العطف

(حروف عطف کے معانی)

	الامثلة	ترجمہ
۱-	تولی الخلافة ابوبکر وعمر	ابوبکر اور عمر خلیفہ ہوئے
۲-	تولی الخلافة عمرو ابوبکر	عمر اور ابوبکر خلیفہ ہوئے
۳-	صلی الامام ولماموم	امام اور مقتدی نے نماز پڑھی
۴-	دخل المدرس فوقف التلاميذ	مدرس داخل ہوا تو شاگرد کھڑے ہوئے
۵-	حکم مصر اسماعيل فتوفيق	اسماعیل نے مصر پر حکومت کی پھر توفیق نے

۶- رانا ابوک فحیانا	تیرے باپ نے ہمیں دیکھا تو ہمیں سلام کہا
۷- مات الرشید ثم المامون	رشید فوت ہوا پھر مامون
۸- زرعنا القطن ثم جنیناه	ہم نے کپاس بوئی پھر اسے چنا
۹- ینقضی الصیف ثم یعود	موسم گرما گزر جاتا ہے پھر لوٹ آتا ہے

البحث:

انظر الامثلة الثلاثة الاولی تجد اداة العطف فی کل منها هی الواو' وتامل المعطوف والمعطوف علیه فیها تجد انهما لم یتقیدا بترتیب فقد یکون المعطوف متاخرا عن المعطوف علیه فی الزمن کما فی المثال الاول' وقد یکون سابقا له کما فی الامثال الثانی وقد یکون مصاحبا له کما فی المثال الثالث فالوا اذا لا تفید ترتیبا بین المعطوف والمعطوف علیه وانما تدل علی محض اشتراکهما فی الحکم.

انظر الامثلة الثلاثة الثانیة تجد اداة العطف فی کل منها هی الفاء وتامل المعطوف والمعطوف علیه وفی کل مثال تجد المعطوف دائما یاتی عقب المعطوف علیه من غیر تراخ فی الزمن ولو تاملت جمیع امثلة العطف بالفاء لوجدتها کذلک ومن هنا کانت الفاء تفید الترتیب والتعقیب.

تامل الامثلة الثلاثة الاخیرة تجد اداة العطف فی کل منها هی ثم ولو تاملت المعطوف والمعطوف علیه فیها وفی کل مثال آخر یرد علیک لوجدت ترتیبا بینهما ولکنه ترتیب مع تراخ فی الزمن ومن اجل ذلک لا یعطف ثم الا عند ارادة الترتیب والتراخی.

اما حروف العطف الساقیة فقد یطول شرحهما اذا سلکنا الطریق المتقدمة فی البیان ولذلک نلجا الی الاجمال فنقول.

بحث:

پہلی تین مثالوں میں واؤ اداۃ عطف ہوکر آیا ہے اور ان میں معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان کوئی ترتیب ملحوظ نہیں ہے۔

کبھی تو معطوف اپنے معطوف علیہ سے زمانہ میں متاخر ہے جیسا کہ پہلی مثال میں آیا ہے اور کبھی اس سے پہلے ہے جیسا کہ دوسری مثال میں ہے اور کبھی دونوں کا زمانہ ایک ہے جیسا کہ تیسری مثال میں ہے پس معلوم ہوا کہ واؤ معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان ترتیب کو ملحوظ نہیں رکھتا محض اشتراک فی الحکم پر دلالت کرتا ہے۔

دوسری تین مثالوں میں فاء اداۃ عطف ہوکر آیا ہے لیکن یہاں معطوف ہمیشہ معطوف

علیہ کے پیچھے آیا ہے اور دونوں میں زمانی وقفہ (تراخی) نہیں ہے اس سے معلوم ہوا کہ فاء ترتیب اور تعقیب کا فائدہ دیتی ہے۔

آخری تین مثالوں میں حرف عطف ثم آیا ہے جس کی وجہ سے معطوف اور معطوف علیہ میں ترتیب بھی موجود ہے اور تراخی بھی۔ پس معلوم ہوا کہ ثم کے ذریعے اس وقت عطف ہوگا جب ترتیب اور تراخی دونوں مراد ہوں۔

باقی ماندہ حروف عطف کا مجمل بیان اس طرح ہے:

او...... تخییر (اختیار دینا) اور شک کے لئے جیسے خذو رداً او بنفسجاً (چاہے گلاب کا پھول لو چاہے بنفشہ کا) نقل الخبر علی او فرید (یہ خبر علی نے یا فرید نے بیان کی) یعنی شک ہے دونوں میں کس نے بیان کی۔

ام...... یہ دو چیزوں میں سے ایک کی تعیین (معین کرنے) کی طلب کے لئے آتا ہے اور استفہام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے مثلاً اتفاحاً اکلت ام برتقالاً (کیا تو نے سیب کھایا یا ناشپاتی)۔

لا...... معطوف سے حکم کی نفی کے لئے آتا ہے جیسے حصدنا القمح لا الشعیر (ہم نے گندم کاٹی نہ کہ جو)۔

بل...... اضراب کے لئے (یعنی معطوف علیہ کو چھوڑ کر معطوف کو ثابت کرنے کے لئے آتا ہے) جیسے اشتریت دواةً بل قلمًا (میں نے دوات بلکہ قلم خریدا)۔

لکن...... استدراک کے لئے (یعنی پہلے کلام کے وہم اور غلط فہمی کو دور کرنے کے لئے آتا ہے) جیسے ما جاء السید لکن خادمهٗ (سردار نہیں آیا بلکہ اس کا نوکر آیا)۔

حتی...... غایت کے لئے جیسے فر الجنود حتی القائد (لشکر بھاگ گئے حتیٰ کہ سپہ سالار بھی)۔

القاعدة:

(۱۷۰) حروف العطف تسعة: الواؤ وهی لمطلق الجمع، والفاء للترتیب مع التعقیب، و ثم للترتیب مع التراخی، واؤ للشک او التخییر، وأم لطلب التعیین، ولا للنفی، وبل للإضراب، ولکن للاسدراک، وحتی للغایة.

ترجمہ:

(۱۷۰) حروف عطف نو ہیں: واؤ مطلق جمع کے لئے، فا ترتیب مع تعقیب کے لئے، ثم ترتیب مع تراخی کے لئے، او شک یا تخییر کے لئے، ام طلب تعیین کے لئے، لا نفی کے لئے، بل اضراب کے لئے، لکن استدراک کے لئے، حتی غایت کے لئے۔

واو العطف وواو المعية

(واوؔ عطف اور واوؔ معیت)

الامثلة	ترجمہ
۱- سرت وطلوع الفجر	میں طلوع فجر کے وقت چلا
۲- حضر محمد و غروب الشمس	محمد غروب شمس کے وقت آیا
۳- تخاصم احمد و حسن	احمد اور حسن نے جھگڑا کیا
۴- اشترک محمود و نجیب	محمود اور نجیب نے اشتراک کیا
۵- سافر ابراهیم وخالد اووخالدا	ابراهیم اور خالد نے سفر کیا
۶- نام الطفل والمرضع اوو المرضع	بچہ سوگیا اور ماں بھی یا بچہ اور ماں اکٹھے سو گئے

البحث:

تامل المثالين الاولين من الامثلة المتقدمة تجد ان الاسم الذی بعد الواو فيها منصوب غير تابع لما قبله فی الاعراب فما السبب فی ذلک اليست الواو هنا واؤ العطف؟ نعم الواو هنا غير عاطفة لان العاطفة تقتضی اشتراک المعطوف والمعطوف عليه فی نسبته الحكم اليهما كما تقدم' والاشتراک هنا غير موجود لان السير لا يمكن ان يصدر من طلوع الفجر' والحضور لا تصبح نسبته الى الغروب واذا لم تكن هذه الواو عاطفة فما ذا تكون اذا انا لوتدبرنا معنى المثالين لواحد الواو و بمعنى مع فی كل منها فهی واو تفيد المصاحبة والمعية والاسم بعدها يكون منصوبا دائما علی انه مفعول معه.

واذا تاملت المثالين الثانيين وجدت هناک اشتراكما فی الحكم بين الاسم الذی بعد الواو والاسم الذی قبلها ووجدت ثانی الاسمين تابعا لاولهما فی اعرابه فالواو التی بينهما اذا هی واو العطف المعروفة لک ولا يمكن ان تكون واو المعية لان كلا من الفعلين تخاصم واشتراک لا يمكن صدوره من واحد بل لا بد من صدوره من متعدد فلو كانت الواو للمعية لكان معنى ذلک ان الفعل الذی لا يصدر

الا من متعدد صادر من واحد' وهذا غير معقول:

واذا تدبرت المثالين الاخيرين وجدت الفعل فی کل منها يصح ان يكون واقعا من الشخصين معا كما يصح ان يكون واقعا من الهما بمصاحبة الثانی' وعلى الوجه الاول تكون الواو عاطفة والاسم الثانی مرفوعا بالتسعية وعلى الثانی تكون الواو للمعية والاسم الثانی منصوبا على انه مفعول معه.

بحث:

پہلی دو مثالوں میں واؤ کے بعد اسم منصوب ہے اور اعراب میں اپنے ماقبل کا تابع نہیں معلوم ہوا کہ یہ واؤ عاطفہ نہیں کیونکہ واؤ عاطفہ کی صورت میں معطوف اور معطوف علیہ ایک حکم میں مشترک ہوتے ہیں اور یہاں اشتراک نہیں یہاں واؤ بمعنی ''مع'' ہے یعنی مصاحبت اور معیت کا معنی دیتا ہے اس کے بعد جو اسم آتا ہے وہ مفعول معہ ہونے کی وجہ سے ہمیشہ منصوب ہوتا ہے۔

اس کے بعد دو مثالوں میں جو واؤ آیا ہے اس سے پہلے اور بعد میں آنے والے اسموں میں اشتراک فی الحکم موجود ہے اس لئے دوسرا اسم اعراب میں پہلے کا تابع ہے معلوم ہوا کہ یہ واؤ عاطفہ ہے کیونکہ تخاصم اور اشتراک ایسے افعال ہیں جو ایک آدمی سے بیک وقت صادر نہیں ہوسکتے بلکہ ان کے صدور کے لئے متعدد افراد کا ہونا ضروری ہے اگر اس واؤ کو ہم واؤ معیت قرار دیں تو اس کا مطلب یہی ہوگا کہ جو فعل متعدد افراد سے صادر ہوتا ہے وہ ایک فرد سے صادر ہوا حالانکہ یہ غیر معقول بات ہے۔

آخری دو مثالوں میں فعل جیسا کہ دو آدمیوں سے بیک وقت صادر ہوسکتا ہے ویسے ہی شخص اول سے مصاحبت ثانی بھی صادر ہوسکتا ہے احتمال اول کی بناء پر یہ واؤ عاطفہ ہوسکتا ہے اور اس صورت میں دوسرا اسم تابع ہوگا اور اعراب میں پہلے اسم کی طرح آئے گا اور احتمال ثانی کی بناء پر واؤ معیت ہوسکتا ہے اور اس صورت میں دوسرا اسم مفعول معہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہوگا۔

القاعدة:

(١٧١) واؤ العطف تفيد اشتراک ما قبلها وما بعدها فی لسبة الحكم إليهما' والاسم بعدها يكون تابعاً لما قبله في إعرابه.

(١٧٢) واؤ المعية لا تفيد اشتراک ما قبلها وما بعدها في الحكم بل تدل على المصاحبة' والاسم بعدها يكون منصوباً دائماً على أنه مفعول معه.

(۱۷۳) تتعين الواؤ للمعية إذا كان هناک مانع من العطف.
(۱۷۴) تتعين الواؤ للعطف بعد مالا يتأتی وقوعه إلا من متعدد.
(۱۷۵) إذا صح العطف ولم يجب جاز أن تکون الواؤ للعطف وأن تکون للمعية.

ترجمہ:
(۱۷۱) واوَ عطف اپنے ماقبل و مابعد کو ایک حکم میں مشترک ٹھہراتا ہے اور مابعد اسم اپنے ماقبل کا تابع ہوتا ہے۔
(۱۷۲) واوَ معیت اپنے ماقبل و مابعد کو ایک حکم میں مشترک نہیں کرتا بلکہ مصاحبت پر دلالت کرتا ہے اور اس کے بعد واقع ہونے والا اسم مفعول معہ ہونے کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے۔
(۱۷۳) جہاں عطف درست نہ ہو وہاں جو واوَ آئے وہ واوَ معیت کہلاتا ہے۔
(۱۷۴) اگر کوئی کام متعدد افراد کے بغیر صادر نہ ہوتا ہو تو وہاں آیا ہوا واوٗ واوَ عاطفہ کہلاتا ہے۔
(۱۷۵) جب عطف جائز ہو اور ضروری نہ ہو وہ آیا ہوا واوَ عاطفہ بھی ہوسکتا ہے اور واوَ معیت بھی۔

التمرين (۱)

بين المعانی المختلفة المستفادة من اختلاف حروف العطف فی الجمل الاتية:

حل مشق (۱)

درج ذیل جملوں میں حروف عطف کے اختلاف کی وجہ سے معانی میں جو فرق آئے واضح کریں:

۱- باع الفلاح الشعير والقمح
۲- باع الفلاح الشعير فالقمح
۳- باع الفلاح الشعير ثم القمح
۴- باع الفلاح الشعير او القمح
۵- اشعيرا باع الفلاح ام قمحا
۶- باع الفلاح الشعير لا القمح
۷- باع الفلاح الشعير بل القمح
۸- ماباع الفلاح الشعير لكن القمح

حل:
۱- اشتراک حکمی
۲- ترتیب معطوف ومعطوف علیہ

۳- تراخی معطوف
۴- شک یا تخییر
۵- طلب تعیین
۶- نفی حکم عن المعطوف
۷- اضراب
۸- استدراک

التمرين (۲)

بين في اى جمل الاتية تتعين الواو للعطف وفى ايها تتعين للمعية' وفى ايها يجوز الامران:

حل مشق (۲)

درج ذیل جملوں میں کہاں واؤ عطف آ سکتا ہے اور کہاں واؤ معیت اور کہاں دونوں کا احتمال ہے:

۱- تعانق خالد واخوه
۲- قرا محمد و المصباح
۳- اختلف التاجر ووكيله
۴- جلست والقمر
۵- جاء السيد و خادمه
۶- مشينا والظلام
۷- سار التلميذ والكتاب
۸- نجحت سعاد و اختها
۹- نام اخى و ظل الشجرة
۱۰- ركب السفينة على و صديقه

حل:

۱- واؤ عاطفہ
۲- واؤ معیت
۳- دونوں کا احتمال ہے
۴- واؤ معیت
۵- دونوں کا احتمال ہے
۶- واؤ معیت
۷- واؤ معیت
۸- دونوں کا احتمال ہے
۹- واؤ معیت
۱۰- دونوں کا احتمال ہے

التمرين (۳)

وسط حروف العطف بالتعاقب بين لفظى الابواب والشبابيك والطق بهما مرفوعين ثم منصوبين ثم مجرورين فى جمل مفيدة:

حل مشق (۳)

"الابواب و الشبابیک" میں مختلف حروف عطف لگا کر جملوں میں استعمال کریں پہلے ان کو مرفوع پھر منصوب اور آخر میں مجرور استعمال کریں:

مرفوع:

یکون الابواب و الشبابیک فی حجرة للدخول والخروج ولمرور الهواء
یکون الابواب اوالشبابیک لمرور الهواء
هل یکون الابواب ام الشبابیک لمرور الهواء
یکون الابواب لاالشبابیک للدخول والخروح
یکون الابواب بل الشبابیک للهواء
مٔا یکون الابواب لکن الشبابیک للهواء

منصوب:

صنعت الابواب و الشبابیک فی حجرتی للدخول والخروج ولمرور الهواء
صنعت الابواب لا الشبابیک للدخول والخروج
هل صنعت الابواب اوالشبابیک للهواء
اصنعت الابواب ام الشبابیک للهواء
ما صنعت الابواب بل الشبابیک للهواء
ما صنعت الشبابیک لکن الابواب للدخول والخروج

مجرور:

ینتفع من الابواب اوالشبابیک الدخول والخروج
هل ینتفع من الابواب ام الشبابیک الدخول والخروج
لا ینتفع من الابواب بل من الشبابیک مرور الهواء
لا ینتفع من الشبابیک لکن من الابواب الدخول والخروج
ینتفع من الابواب حتی من الشبابیک مرور الهواء
ینتفع من الابواب لامن الشبابیک الدخول والخروج

التمرین (۴)

ضع حرف عطف ملائما بین کل معطوف و معطوف علیه فی الجمل الاتیة:

حل مشق (۴)

نیچے خالی جگہوں میں مناسب حروف عطف لگائیں:

۱- اتفاحا اکلت ....عنبا
۲- هززنا الشجرة ....سقط ثمرها
۳- قرات الکتاب ....فهمته
۴- کل الفاکهة الناضجة ....الفجة
۵- باع عقاره .....منزله
۶- خسر التاجر کل شئی ....شرفه
۷- ما قابلته .....قابلت وکیله
۸- بذر الحب ....حصد
۹- ما قرا الکتاب کله ....بضه
۱۰- اکل الفاکهة .....قشرها
۱۱- ا انت فعلت هذا ....الخادم؟
۱۲- قدمت الیه الطعام .....اکله

حل:

۱- ام
۲- فاء
۳- فاء
۴- لا
۵- لا
۶- حتی
۷- بل
۸- ثم
۹- لکن
۱۰- حتی
۱۱- ام
۱۲- فاء

التمرین (۵)

ضع معطوفا ملائما بعد کل حرف من حروف العطف فی الجمل الاتیة:

حل مشق (۵)

نیچے خالی جگہوں میں مناسب معطوف لگائیں:

۱- بنی الامیر قصر او .....
۲- اشتریت حصانا ثم .....
۳- آخاتما اشتریت ام .....
۴- ما غرست نخلا لکن .....

۵- سالنی سئو الابل .....
۶- قشرت التفاح و ....
۷- دخل الامراء ف .....
۸- طلینا ابواب المنزل لا ....
۹- ذهب الخادم لا .....
۱۰- خرج من فی الدار حتی ......

حل مشق (۵)

۱- قلعة
۲- رکبته
۳- کتابا
۴- عنبا
۵- جوابا
۶- اکلته
۷- اکرمتهم
۸- لا النوافذ
۹- السید
۱۰- اخرهم

التمرین (۶)

ضع معطوفا علیه فی الاماکن الخالیة من الجمل الاتیة:

حل مشق (۶)

نیچے خالی جگہوں میں مناسب معطوف علیہ لگائیں:

۱- ......القصیدة وانشدها
۲- استقبل الرئیس .....فالعلماء
۳- مازرت ...لکن اسوان
۴- ما مشیت ....بل میلین
۵- ارسلت الیه .....ثم رسولا
۶- لبث عندنا ....او بعض یوم
۷- ا ....تسافر ام بعدغد
۸- عاشر ....لا الاشرار

حل:

۱- نظم الشاعر القصیدة وانشدها
۲- استقبل الرئیس الوزراء فالعلماء
۳- مازرت القاهرة لکن اسوان
۴- ما مشیت میلا بل میلین
۵- ارسلت الیه رسالة ثم رسولا
۶- لبث عندنا یوما او بعض یوم
۷- اغدا تسافر ام بعدغد
۸- عاشر الاخیار لا الاشرار

التمرین (۷)

(۱) استعمل کل حرف من حروف العطف التسعة فی جملة مفیدة

(۲) کون تسع جمل تشتمل کل منها علی واو تتعین اللطعف فی الثلاث الاولی وللمعیة فی الثلاث الثانیة' وتصح للامرین فی الثلاث الاخیرة.

حل مشق (۷)

(۱) تمام حروف عطف کو جملوں میں استعمال کریں:

۱- ذهب خالد و حامد
۲- جاء سلیم فحمید
۳- نظفت الاثواب ثم لبستها
۴- لبث یوما او بعض یوم
۵- ان ادری اقریب ام بعید ما توعدون
۶- ما جاء رشید لکن اباه
۷- اکرم الصالح لا الطالح
۸- ذهب خالد بل حامد
۹- فر الجنود حتی القائد

(۲) نو جملے بنائیں پہلے تین میں واؤ عطف آئے' پھر تین میں واؤ معیت اور آخری تین میں ایسا واؤ لائیں جو دونوں کا احتمال رکھتا ہو:

۱- اشتریت الابواب والشبابیک
۲- اشترک بشیر و مجید فی التجارة
۳- ذهب خالد و سلیم
۴- جاء حامد و طلوع الشمس
۵- حضر عامر و غروب الشمس
۶- سرت و طلوع الفجر
۷- صلی المقیم والمسافر فی المسجد
۸- اختلف الدائن والمدیون
۹- جاء الاستاذ و التلمیذ

التمرین فی الاعراب (۸)

(الف) نموذج (نمونہ):

رایت الأسد لا النمر

رایت...... رأی من رأیت فعل ماض مبنی علی السکون والتاء ضمیر مبنی علی الضم فی محل رفع فاعل

الأسد...... مفعول بہ منصوب بالفتحۃ الظاہرۃ

لا...... حرف عطف مبنی علی السکون

النمر...... معطوف علی الأسد منصوب بالفتحۃ الظاہرۃ

(ب) اعرب الجملتين الاتيين:

حل اعراب کی مشق (۸)

(ب) درج ذیل جملوں کے اعراب بیان کیجئے:

۱- الشجرة تنمو و تثمر ۲- مشيت و سور الحديقة

حل:

۱- الشجرة	مبتدا مرفوع برضمہ
تنمو	فعل مضارع مرفوع محلا خبر ضمیر مستتر فاعل معطوف علیہ ہے
و	حرف عطف مبنی برفتحہ
تثمر	فعل مضارع اس میں ضمیر مستتر فاعل' معطوف
۲- مشيت	فعل ماضی مبنی برسکون' تاء متحرکہ فاعل' مرفوع محلا
و	حرف معیت مبنی برفتحہ
سور	مضاف' مفعول فیہ منصوب برفتحہ
الحديقة	مضاف الیہ مجرور برکسرہ

البدل

الامثلة	ترجمہ
۱- حضر اخوك حسن	تیرا بھائی حسن آیا
۲- عاملت التاجر خليلا	میں نے معاملہ کیا تاجر خلیل سے
۳- اصغيت الى الخطيب علي	میں نے توجہ سے سنا خطیب علی کو
۴- تهشم ابو الهول انفه	ٹوٹ گیا ابوالھول (مصر کا ایک بت) یعنی اس کی ناک
۵- قضيت الدين ثلثه	میں نے ادا کر دیا قرض یعنی اس کا تیسرا حصہ

٦- نظرت الی السفينة شراعها — میں نے کشتی یعنی اس کے بادبان کی طرف نگاہ کی

٧- تضوع البستان اريجه — باغ یعنی اس کی خوشبو پھیلی

٨- سمعت الشاعر انشاده — میں نے سنا شاعر کو یعنی اس کے پڑھنے کو

٩- عجبت من الاسد اقدامه — میں حیران ہوا شیر یعنی اس کی جرات پر

البحث:

اذا نظرت الی الکلمات الاخيرة فی الامثلة السابقة رايت کل واحدة منها مسبوقة بکلمة لم تقصد لذاتها وانما اتی بها تمهيدا للکلمة التی تليها فانک اذا قلت: حضر اخوک حسن لم يکن ذکر الاخ مقصودا لذاته' وانما المقصود بالذکر هو حسن وقد ذکرت کلمة الاخ تمهيدا لما بعدها' وليکون الکلام اقوی فی نفس السامع لانک تنسب فيه الحضور الی حسن مرتين مرة باعتبار انه اخ ومرة بذکر اسمه ومثل ذلک يقال فی بقية الامثلة وتسمی کل کلمة من الکلمات الاخيرة: حسن' خليلا .... بدلا کما يسمی کل اسم من الاسماء المذکور قبلها مبدلا منه.

واذا وازنت بين البدل والمبدل منه فی الامثلة الثلاثة الاولی رايتهما متساوبين فی المعنی ومتطابقين ولذلک يسمی البدل فيها بدلا مطابقا.

واذا وازنت بين البدل والمبدل منه فی الامثلة الثلاثة الثانية رايت ان البدل بعض من المبدل منه ولذلک يسمی البدل فيها بدل بعض من کل.

اما فی الامثلة الثلاثة الاخيرة فان البدل فيها ليس مطابقا لما قبله ولا بعضا منه وانما هو منطو تحت المبدل منه وليس جزاء منه ولهذا يسمی البدل فی هذه الامثلة بدل اشتمال.

وبالتامل فی البدل و سمبدل منه فی جميع الامثلة السابقة وما يشابهما تری ان البدل يتبع المبدل منه فی اعرابه وان بدل البعض وبدل الاشتمال يجب ان يتصل کل منهما بضمير يطابق المبدل منه.

بحث:

مذکورہ مثالوں میں آخری کلمہ سے پہلے ایک ایسا کلمہ مذکور ہے جو غیر مقصود اور آخری کلمے کے لئے ایک تمہید ہے ان آخری کلمات حسن' خلیل وغیرہ کو بدل کہتے ہیں اور ان سے ماقبل اسم کو مبدل منہ کہتے ہیں۔

پہلے مجموعہ میں بدل اور مبدل منہ ایک دوسرے کے برابر اور مطابق ہیں یعنی بدل اور مبدل منہ ایک ہی شے ہے اس کو بدل کل یا بدل مطابق کہتے ہیں۔

دوسرے مجموعہ کی تین مثالوں میں مبدل منہ دیکھیں تو وہ بدل کا بعض ہے اس کو "بدل البعض" کہتے ہیں اور آخری تین مثالوں میں بدل نہ تو اپنے مبدل منہ کا جزء اور بعض ہے اور نہ اس کے مطابق ہے بلکہ وہ مبدل منہ میں لپٹا ہوا ہے ایسے بدل کو "بدل الاشتمال" کہتے ہیں۔

یاد رکھنا چاہئے کہ بدل اعراب میں مبدل منہ کا تابع ہوتا ہے بدل البعض اور بدل الاشتمال میں ایک ضمیر ہوتی ہے جو مبدل منہ کے مطابق ہوتی ہے۔

القاعدة:

(١٧٦) البدل: تابعٌ ممهد له بذكر اسم قبله غير مقصود لذاته' وهو انواع: بدلٌ مطابقٌ و بدل بعض من كل و بدل اشتمال.

(١٧٧) يجب في بدل البعض والاشتمال أن يتصل كل منهما بضمير يعود على المبدل منه.

ترجمہ:

(١٧٦) بدل وہ تابع ہے جس سے پہلے غیر مقصودی اسم بطور تمہید آتا ہے۔ اس کی کئی قسمیں ہیں: بدل مطابق' بدل بعض اور بدل اشتمال۔

(١٧٧) بدل البعض اور بدل الاشتمال میں یہ ضروری ہے کہ اس میں ایک ضمیر ہو جو مبدل منہ کی طرف لوٹتی ہو۔

التمرين (١)

ميز البدل والمبدل منه وعين نوع البدل في كل جملة من الجمل الاتية:

حل مشق (١)

درج ذیل جملوں میں بدل اور مبدل منہ کا تعین کریں اور بدل کی نوع بھی بتائیں:

١ — **كانت ام المومنين عائشةؓ حجة في رواية الحديث**

٢ — **كان ابو حامد الغزالي من اكبر رجال الدين في القرن الخامس من الهجرة**

٣ — **تهدم المسجد منارته**

۴- ذهب السیاح اکثرهم لزیارة وادی المملوک مقابره

۵- ذهبت الی الجیزة فرایت التمثال العظیم ابا الهول و تسلقت الهرم الاکبر نصفه

۶- اعجتنا المدینة ابنیتها وسرتنا الشوارع نظافتها

۷- تمزق الکتاب غلافه

۸- قطفنا الکرم عنبه و اغلقنا البستان بابه

حل:

	بدل	مبدل منہ	نوع
۱-	عائشة	ام المومنین	بدل مطابق
۲-	الغزالی	ابو حامد	بدل مطابق
۳-	منارته	المسجد	بدل البعض
۴-	اکثرهم	السیاح	بدل البعض
	مقابره	وادی المملوک	بدل البعض
۵-	ابا الهول	التمثال العظیم	بدل الکل
	نصفه	الهرم الاکبر	بدل البعض
۶-	ابنیتها	المدینه	بدل البعض
	نظافتها	الشوارع	بدل الاشتمال
۷-	غلافه	الکتاب	بدل الاشتمال
۸-	عنبه	الکرم	بدل البعض
	بابه	البستان	بدل البعض

التمرین (۲)

ضع بدلا مناسبا فی الاماکن الخالیة من الجمل الاتیة:

حل مشق (۲)

نیچے خالی جگہوں میں مناسب بدل رکھ دیں:

۱- احترقت الدار ...... ۲- بعت الشجرة .....

٣- انعشتنا القرية ......
٤- شجانا البلبل ....
٥- ضايقنى الصيف .....
٦- سلخ الجزار الشاة .....
٧- اعجبنا البحر .....
٨- نفعنا الواعظ
٩- تمتعت بالبستان .....
١٠- تلالات السماء .....

حل:

١- اثاثها
٢- ثمرها
٣- ساكنوها
٤- صوته
٥- حره
٦- جلدها
٧- موجه
٨- نصيحته
٩- ثمرته
١٠- نجومها

التمرين (٣)

ضع مبدلا منه ملائما فى الاماكن الخالية من الجمل الاتية:

حل مشق (٣)

نیچے خالی جگہوں میں مناسب الفاظ مبدل منہ رکھ دیں:

١- جفت .....مدادها
٢- خرج ....اكثرهم
٣- اعجبى ....فيضانه
٤- نفعنى ....لصحه
٥- سقطت ....سقفها
٦- اتسعت ....شوارعها
٧- انكسر ....رجاجه
٨- جرح ....ساعده
٩- سرتنى ....صفائوها
١٠- وسعنى ....عفوه
١١- ضعف ....نوره
١٢- مشيت ....نصفه

حل:

١- الدواة
٢- القوم
٣- العالم
٤- الواعظ
٥- الدار
٦- المدينة
٧- الاناء
٨- الولد

۹- المدرسة	۱۰- الامیر
۱۱- القمر	۱۲- الطریق

التمرين (۴)

كون جملا تشتمل كل واحدة منها يدل ومبدل منه يختارال من الكلمات الاتية مع مرعاة المناسبة فى الاختيار:

حل مشق (۴)

ایسے جملے بنائیں جن میں سے ہرایک میں بدل اور مبدل منہ مذکور ہو۔ مناسب الفاظ درج ذیل کلمات میں سے چن لیں:

الشباک	النحلة	عمرو	اللص
امانته	الصديق	ريشه	النمر
مراوعته	الامام	رجاجة	الثعلب
ملحها	الطائر	جراء ته	الكلب
جلده	الفاتح	ابو حنيفة	ابوبكر

حل:

كان ابوبكر الصديق	اول الخلفاء الراشدين
الحنفي من يسلک	مسلک الامام ابی حنفية
دخل مصر الفاتح عمرو بن العاص	خاف الطفل من الشباک رجاجته

التمرين (۵)

(۱) ایت بثلاثة امثلة للبدل المطابق بحيث يكون مرة مرفوعا ومرة منصوبا ومرة مجرورا.

(۲) ایت بثلاثة امثلة لبدل البعض بحيث يكون مرة مرفوعا ومرة منصوبا ومرة مجرورا ۔

(۳) ایت بثلاثة امثلة لبدل الاشتمال بحيث يكون مرة مرفوعا ومرة منصوبا ومرة مجرورا

حل مشق (۵)

(۱) بدل مطابق کی تین مثالیں دیں پہلی میں بدل مرفوع' دوسری میں منصوب اور تیسری میں مجرور آئے:

۱- اول الخلفاء الراشدین کان ابابکر ۲- رایت اباک خالدا الصدیق

۳- نظرت الی القاضی عبدالرشید

(۲) بدل بعض کی تین مثالیں دیں۔ پہلی میں بدل مرفوع' دوسری میں منصوب اور تیسری میں مجرور آئے:

۱- جفت الدواة مدادها ۲- بعث الشجرة ثمرها

۳- تمتعت بالبستان ثمرته

(۳) بدل اشتمال کی تین مثالیں دیں پہلی میں بدل مرفوع' دوسری میں منصوب اور تیسری میں مجرور آئے:

۱- اعجبنی العالم فیضانه ۲- سمعت الشاعر قصیدته

۳- انظر الی الماء جریانه

التمرین فی الاعراب (۲)

(الف) نموذج (نمونہ):

سطح القمر نورهُ

سطح...... فعل ماض مبنی علی الفتح

القمر...... فاعل مرفوع بالضمة الظاہرة

نوره...... نور بدل اشتمال من القمر مرفوع بالضمة الظاہرة' وہو مضاف والھاء ضمیر مضاف الیہ مبنی علی الضم فی محل جر

(ب) اعرب الجمل الاتیة:

حل اعراب کی مشق (۲)

(ب) درج ذیل جملوں کے اعراب بیان کیجئے:

۱- بنی القائد جوهر القاهرة ۲- كان ابو الطيب المتنبی شاعرا حكيما

۳- سرنی الخادم امانته ۴- بنيت الدار اساسها

حل:

۱- بنی	فعل ماضی مبنی برفتحہ
القائد	فاعل مرفوع برضمہ' مبدل منہ
جوهر	بدل الکل' مرفوع برضمہ
القاهرة	مفعول بہ منصوب برفتحہ
۲- كان	فعل ناقص' مبنی برفتحہ
ابو	اسم کان مرفوع بہ واو' مضاف' اسماءِ خمسہ میں سے ہے
الطيب	مضاف الیہ' مبدل منہ
المتنبی	بدل الکل مرفوع محلا
شاعرا	خبر کان منصوب برفتحہ' موصوف
حكيما	صفت منصوب
۳- سر	فعل ماضی مبنی برفتحہ
نی	ضمیر متصل منصوب' منصوب بہ محلا منصوب
الخادم	فاعل مرفوع برضمہ مبدل منہ
امانته	بدل الاشتمال' مضاف مضاف الیہ' مرفوع برضمہ
۴- بنيت	فعل ماضی مبنی برسکون تاء متحرکہ فاعل مرفوع محلا
الدار	مفعول بہ' منصوب برفتحہ
اساسها	بدل الاشتمال' مضاف مضاف الیہ' منصوب برفتحہ

ادوات استفهام و جواب

(ا) الهمزة وهل

الامثلة	اردو	الامثلة	اردو
۱- اطلعت الشمس؟	کیا سورج طلوع ہوا؟	هل طلعت الشمس؟	کیا سورج طلوع ہوا؟

٢- اعاد الرسول؟	کیا ایلچی لوٹا	هل عاد الرسول؟	کیا ایلچی لوٹا؟
٣- ایذوب الحدید فی النار؟	کیا لوہا آگ میں پگھل جاتا ہے؟	هل یذوب الحدید فی النار؟	کیا لوہا آگ میں پگھل جاتا ہے؟
٤- اعلی مسافر ام حسن؟	کیا علی مسافر ہے یا کہ حسن؟	هل علی مسافر؟	کیا علی مسافر ہے؟
٥- اراکبا جئت ام ماشیا؟	کیا تو سوار ہو کے آیا یا پیدل؟	هل جئت راکبا؟	کیا تو سوار ہو کے آیا؟
٦- اصباحا حضرت ام مساء؟	کیا تو صبح کے وقت آیا یا شام کے وقت؟	هل حضرت صباحا؟	کیا تو صبح کے وقت آیا؟

البحث:

اذا تاملت الجمل فی الامثلة المتقدمة وجدت المتکلم فی کل منها یستفهم عن امر لم یعرفه ویطلب من السامع ان یعلمه به افاد الاستفهام فی جمل القسم الاول هو الهمزة والذی افاده فی جمل القسم الثانی هو هل ولذلک یسمی کل من الهمزة وهل اداة استفهاء ولکن الا یوجد فرق بین الاستفهام بالهمزة والاستفهام بهل؟ بلی فانک اذا تاملت الامثلة القسم الاول حیث اداة الاستفهام هی الهمزة وجدت المتکلم تارة یجهل مضمون الجملة فهو یستفهم عنه و یطلب العلم به کما فی الامثلة الثلاثة الاولی وتارة یعرف هذا المضمون ولکنه یجهل واحدا من اثنین او اشیاء و یسال عن تعیینه کما فی الامثلة الثلاثة الثانیة.

ویکون الجواب فی الحالة الاولی بنعم او جیر او اجل ان ارید الاثبات وبلا ان ارید النفی اما فی الحالة الثانیة فیکون الجواب بالتعیین لا غیر فیقال فی الجواب عن المثال الرابع : علی مثلا.

اما امثلة القسم الثانی حیث اداة الاستفهام هی هل فالاستفهام فیها انما هو عن مضمون الجملة ولذلک یکون الجواب هنا کالجواب عن الاستفهام بالهمزة فی حالتها الاولی.

بحث:

مذکورہ بالا تمام مثالوں میں متکلم کسی امر کے متعلق کچھ دریافت کر رہا ہے یا سامع سے

یہ مطالبہ کر رہا ہے کہ اس کو مطلوبہ بات سے آگاہ کرے پہلی قسم کی مثالوں میں استفہام کے یہ معنی الھمزۃ نے اور دوسری قسم کی مثالوں میں ھل نے پیدا کئے ہیں۔ اس لئے ان دونوں کو ادوات استفہام کہتے ہیں لیکن کیا الھمزۃ اور ھل کے ساتھ استفہام میں کچھ فرق پایا جاتا ہے؟

ہاں ان دونوں میں فرق بھی ہے مثلاً اگر آپ قسم اول کی مثالوں پر غور کریں جہاں الھمزۃ کے ذریعے سوال کیا گیا ہے تو آپ دیکھیں گے کہ وہاں کبھی تو متکلم کو جملے کا نفس مضمون معلوم نہیں ہوتا اور وہ اس کے متعلق پوچھنا چاہتا ہے اور اس کا علم حاصل کرنا چاہتا ہے جیسا کہ پہلی تین مثالوں میں آیا ہے اور کبھی وہ نفس مضمون کو تو جانتا ہے لیکن اس کے بارے میں ایک چیز یا دو چیزوں یا چند چیزوں سے واقف نہیں ہوتا اور ان کی تعیین کرنا چاہتا ہے جیسا کہ دوسری مثالوں سے ظاہر ہوتا ہے پہلی حالت میں اس کا جواب نعم یا جیر یا اجل سے دیا جاتا ہے بشرطیکہ اثبات مراد ہو اور اگر نفی مراد ہو تو اس کا جواب لا سے دیا جاتا ہے دوسری حالت میں جواب صرف تعیین سے دیا جاتا ہے مثلاً چوتھی مثال کے جواب میں آپ صرف یوں کہیں گے "علي"

دوسری قسم کی مثالوں میں جہاں اداۃ استفہام ھل ہے تو ان میں استفہام مضمون جملہ سے متعلق ہے اس لئے اس کا جواب اسی طرح دیا جائے گا جس طرح استفہام بالھمزۃ کا جواب حالت اولیٰ میں دیا جاتا ہے۔

القاعدة:

(١٧٨) يستفهم بالهمزة وهل عن مضمون الجملة' ويكون الجواب بنعم' أو جير' أو أجل' إن أريد الإثبات' و بلا إن أريد النفي.

(١٧٩) يستفهم بالهمزة أيضاً عن واحد من شيئين أو أشياء و يكون الجواب حينئذ بالتعيين لاغير.

ترجمہ:

(١٧٨) ھمزۃ اور ھل کے ذریعے مضمون جملہ کے متعلق پوچھا جاتا ہے اور اس کا جواب بصورت اثبات "نعم' جیر" یا "اجل" سے دیا جاتا ہے اور بصورت نفی "لا" سے۔

(١٧٩) ھمزۃ کے ذریعے کبھی دو یا زیادہ چیزوں میں سے ایک کو متعین کرانے کے بارے میں استفہام ہوتا ہے اور اس صورت میں اس کا جواب صرف تعین کرنے سے دیا جاتا ہے۔

(۲) بقیہ ادوات الاستفہام

الامثلة	ترجمہ
١- من هذا الرجل؟	یہ شخص کون ہے؟
٢- من اختط القاهرة	قاہرہ کا منصوبہ کس نے بنایا؟
٣- ما الذی بیدک؟	تیرے ہاتھ میں کیا ہے؟
٤- ما تفعل بمبراتک؟	تو اپنے چاقو سے کیا کرتا ہے؟
٥- متی یجنی القطن؟	روئی کب چنی جاتی ہے؟
٦- متی یزرع القصب؟	گنا کب بویا جاتا ہے؟
٧- این دارکم؟	تمہارا گھر کہاں ہے؟
٨- این یجتمع اخوانکم؟	تمہارے بھائی کہاں اکٹھے ہوتے ہیں؟

البحث:

تامل الجمل فی الامثلة المتقدمة جمیعها تجدها استفهامیة لان المتکلم یطلب فی کل منها العلم بشئی یجهله.

واذا تاملت ما وقعت علیه ادوات الاستفهام فی الامثلة المتقدمة وکذلک فی کل مثال آخر وجدت من لا تقع الا علی العقلاء و ما لا تقع الا علی غیرهم ووجدت متی تقع علی الزمان دائما واین تقع علی المکان دائما.

وهناک غیر ما تقدم ادوات اخری للاستفهام منها کیف، وکم، وای، فکیف یسال بها عن الحال نحو کیف انت؟ وکم یسال بها عن العدد نحو کم حجرة من المنزل؟ وای یسال بها عن جمیع ما تقدم فیسال بها عن الزمان والمکان والحال والعاقل و غیر العاقل علی حسب ما تضاف الیه فیقال: ای رجل هذا؟ وای الحصانین رکبت؟

اما الجواب عن جمیع ما تقدم فیکون بتعیین المسئول عنه.

بحث:

مذکورہ مثالوں کے تمام جملوں پر غور کریں یہ تمام جملے استفہامیہ ہیں کیونکہ ان کے ذریعے متکلم کسی نا معلوم چیز کو معلوم کرنا چاہتا ہے لفظ "من" صرف عقلاء کے لئے آتا ہے اور لفظ "ما" غیر عاقل کیلئے۔ "متی" زمانے کے لئے اور "این" مکان کیلئے استعمال ہوتا ہے۔

ان کے علاوہ کچھ ادوات استفہام اور بھی ہیں مثلاً کیف، کم، ای ان میں سے کیف کے ذریعے حالت پوچھی جاتی ہے جیسے کیف انت، کم کے ذریعے عدد کا سوال ہوتا ہے جیسے کم حجرة فی المنزل؟ اور ای کا استعمال عام ہے اس کے ذریعے زمان، مکان، حال، عاقل اور غیر عاقل سب کے بارے میں سوال ہوسکتا ہے مثلاً ای رجل هذه؟ ای الحصانین رکبت؟

ان سب سوالوں کا جواب مسئول منہ کی تعیین کی صورت میں دیا جائے گا۔

القاعدة:

(۱۸۰) للاستفهام ادوات اخری غیر الهمزة وهل ومن اشهرها ما یاتی:

من...... و یسال بها عن العقلاء

ما...... و یسال بها عن غیر العقلاء

متی...... و یسال بها عن الزمان

این...... ویسال بها عن المکان

کیف...... ویسال بها عن الحال

کم...... و یسال بها عن العدد

ای...... ویسال بها عن جمیع ما تقدم

(۱۸۱) اذا کانت أداة الاستفهام فی الجملة واحدة من الأدوات السبع المذکورة هنا، کان الجواب بتعیین المسئول عنه.

<u>ترجمہ:</u>

(۱۸۰) همزة اور هل کے علاوہ استفہام کے کچھ دیگر ادوات بھی ہیں جن میں سے مشہور یہ ہیں:

من...... عاقل کے لئے

ما...... غیر عاقل کے لئے

متی...... زمان کے لئے

این...... مکان کے لئے

کیف...... حالت کے لئے

کم...... عدد کے لئے

ای...... مذکورہ بالا سب کے لئے

(۱۸۱) جب کسی جملے میں ان سات ادوات استفہام میں سے کوئی ایک آ جائے تو اس کا جواب اس طرح دیا جائے گا کہ مسئول عنہ کو متعین کر دیا جائے۔

الاستفهام والنفی معا

(استفہام مع النفی)

	الامثلة	ترجمہ
۱-	الم تر حديقتنا؟	کیا آپ نے ہمارا باغ نہیں دیکھا؟
۲-	الا تحب الاقامة فی القری؟	کیا آپ گاؤں میں رہنا پسند نہیں کرتے ہیں؟
۳-	اليس القطن عماد الثروة فی مصر؟	کیا مصر میں روئی دولت مندی کا ستون نہیں؟
۴-	اليست مصر مهبط السياح؟	کیا مصر سیاحوں کے اترنے کی جگہ نہیں؟

البحث:

اذا تاملت الجمل السابقة وجدت كل واحدة منها قد جمعت بين الاستفهام والنفی ولما كان كل استفهام يستدعی جوابا كانت الجمل المتقدمة محتاجة الی جرب غير ان الجواب هنا و كذلک فی جميع الجمل الاستفهامية المنفية يكون بلفظ بلی ان اريد الاثبات وبلفظ نعم ان اريد النفی فاذا اجبت عن الجملة الاولی مثلا بالفظ بلی كان معنی الجواب انک رايت الحديقة واذا اجبت بلفظ نعم كان المعنی انک لم ترها وهكذا يقال فی بقية الامثلة.

بحث:

اگر آپ مذکورہ جملوں پر غور کریں گے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ان جملوں میں سے ہرایک میں استفہام اور نفی دونوں آگئے ہیں چونکہ ہر استفہام کے لئے ایک نہ ایک جواب دینا پڑتا ہے اس لئے ان جملوں کے جواب میں بھی ہمیں کچھ نہ کچھ کہنا پڑتا ہے مگر منفی استفہامیہ جملوں کے جواب میں اگر اثبات مراد ہو تو "بلی" کہنا پڑتا ہے اور اگر نفی مراد ہو تو "نعم" تو اس طرح اگر آپ مذکورہ بالا پہلے جملے کا جواب لفظ "بلی" سے دیں گے تو اس کا یہ مطلب ہوگا کہ آپ نے باغیچہ دیکھ لیا ہے اور اگر لفظ "نعم" سے دیں گے تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ نے باغیچہ نہیں دیکھا۔

القاعدة:

(۱۸۲) الجمل الاستفهامیه المنفية هی المصدرة بأداة استفهام متبوعة بأداة النفی مباشرة.

(۱۸۳) جواب الجمل الاستفهامية المنفية يكون بلفظ "بلی" فی حال الإثبات و بلفظ "نعم" فی حال النفی.

ترجمہ:

(۱۸۲) استفہامیہ منفی جملے وہ ہیں جن کی ابتداء میں اداۃ استفہام آیا ہو اور اس کے ساتھ متصل حرف نفی آیا ہو۔

(۱۸۳) استفہامیہ منفیہ جملوں کا جواب اثبات کی صورت میں لفظ "بلی" سے اور نفی کی صورت میں لفظ "نعم" سے دیا جاتا ہے۔

التمرين (۱)

عين الجمل الاستفهامية فيما ياتی واجب عن كل جملة منها اجابة تناسبها:

حل مشق (۱)

درج ذیل جملوں میں استفہامیہ جملے متعین کرکے ان کا مناسب جواب تجویز کریں:

۱- اتم بناء الدار
۲- هل ينفع الحفظ بلافهم
۳- من انباک هذا
۴- متی يات الشتاء بكثر البنفسج
۵- اين تسافر اسافر معک
۶- اين غرست شجر الكافور
۷- كم يوما فی السنة
۸- كيف اصبحت اليوم
۹- ای اخويک اكبر
۱۰- افهمت درسک
۱۱- من ينفع الناس ينفعوه
۱۲- من الطبيب الذی عادک
۱۳- ما جاء بک اليوم
۱۴- متی يسافر والدک
۱۵- اين تجتمعون هذه الليلة
۱۶- ای طريق تسلک اسلک

حل:

۱- نعم تم بناء الدار
۲- نعم' ينفع الحفظ لافهم
۳- انبانی ابی
۴- ....

۵- ....
۶- غرسته فی ناحیة البیت
۷- الایام فی السنة ثلاث مائة و خمسة و ستون یوما
۸- اصبحت الیوم بالخیر و الحمدلله
۹- اخی الاکبر خالد
۱۰- نعم فهمت درسی
۱۱-........
۱۲- عادنی الطبیب المشهور بالحاذق
۱۳- جئت لزیارتک
۱۴- یسافر والدی بعد صلاة الفجر
۱۵- فی المجسد الجامع
۱۶- ....

التمرین (۲)

حول الجمل الاتیة الی جمل استفهامیة مثبتة:

حل مشق (۲)

درج ذیل جملوں سے استفہامیہ مثبت جملے بنادیں:

۱- شتاء مصر محبوب
۲- صیف مصر شدید الحر
۳- هذا قصر الملک
۴- راکبا ذهب اخوک
۵- هذه دار الاثار العربیة
۶- یوم الخمیس قدمت
۷- تزدحم الاسکندریة
۸- تقضی عطلة الصیف

حل:

۱- هل شتاء مصر محبوب؟
۲- هل صیف مصر شدید الحر؟
۳- هل هذا قصر الملک؟
۴- هل ذهب اخوک راکبا؟
۵- هل هذه دار الاثار العربیة؟
۶- هل قدمت یوم الخمیس؟
۷- هل تزدحم الا سکندریة؟
۸- این تقضی علطة الصیف؟

التمرین (۳)

حول الجمل الاتیة الی جمل استفهامیة منفیة:

حل مشق (۳)

درج ذیل جملوں سے منفی استفہامیہ جملے بنادیں:

۱- هذا عسير عليک
۲- انشا والدک مصنعا
۳- يحسن اخوک السباحة
۴- نصحت لکم
۵- حاولنا اصلاحه
۶- تعبتم من شدة الحر
۷- اخوک صديقي
۸- قلت لکم .....اتركوا الجدال
۹- رايت مقابرا الخلفاء
۱۰- ساعدتک في شدتک

حل:

۱- اما هذا عسير عليک؟
۲- اما انشا والدک مصنعا؟
۳- الايحسن اخوک السباحة؟
۴- اما نصحت لکم؟
۵- اما حاولنا اصلاحه؟
۶- اما تعبتم من شدة الحر؟
۷- اليس اخوک صديقي؟
۸- اما قلت لکم اتركو الجدال؟
۹- اما رايت مقابر الخلفاء؟
۱۰- الست ساعدتک في شدتک؟

التمرين (۴)

هات جملا استفهامية منفية تصلح لها الا جابات الاتية:

حل مشق (۴)

ایسے استفہامیہ جملے بنائیں جن کے جواب میں درج ذیل جملے پیش ہوسکیں:

۱- نعم لم اسی اليهم
۲- بلى قد اطمانت نفسى
۳- نعم لا ارضى به
۴- بلى قد انست بلقائكم
۵- بلى قد تنبهتنى
۶- نعم لم ينم من شدة الالم
۷- نعم ما عرفنى فى شدتى
۸- بلى قد عدناه مرتين
۹- بلى قدقضاه كله
۱۰- نعم لا تنفعه النصيحة
۱۱-نعم لا يحبونه
۱۲- بلى يثنى عليه من يعرفه

حل:

۱– الم تسیئی الیھم؟
۲– الم تطمئن نفسک؟
۳– الا ترضی بہ؟
۴– الست قد انست بلقائنا؟
۵– الیس قد نبھتک؟
۶– الم ینم المریض من شدۃ الالم؟
۷– اما عرفک فی شدتک؟
۸– الم تعودوہ مرتین؟
۹– الم یقض الیوم کلہ؟
۱۰– الا تنفعہ النصیحۃ؟
۱۱–الا یحبونہ؟
۱۲– الا یثنی علیہ من یعرفہ؟

التمرین (۵)

(۱) استعمل ادوات الاستفھام التی تعرفھا فی جمل مفیدۃ واجب عن کل جملۃ تاتی بھا

(۲) ھات ست جمل للاستفھام والنفی معا واذکر جواب کل جملۃ تاتی بھا.

حل مشق (۵)

(۱) تمام معلوم ادوات استفہام جملوں میں استعمال کریں پھر ان کے لئے مناسب جواب تجویز کریں:

جملے	جواب
الم تر کیف فعل ربک باصحاب الفیل؟	ان اللہ بلی جعلھم کعصف ما کول وھکذک جعل کیدھم فی تضلیل
ھل صیف باکستان شدید الحر؟	نعم صیف باکستان شدید الحر
ای بلد شاھدت؟	شاھدت فیصل آباد
من ھذا الولد؟	ھذا الولد سلیم
ما ھذا بیدک؟	ھذا کتاب
متی وردت البلد؟	وردت البارحۃ
نی خالد؟	خالد فی المسجد
ن تذھب؟	اذھب الی السوق
کیف انت؟	طیب و الحمدللہ

کم ولدا فی المدرسة؟	فی المدرسة اربعون ولدا

(۲) استفہام اور نفی کے چھ جملے بنائیں اور ہر ایک کا مناسب جواب دیں:

جملے	جواب
الم تعلم ان اللہ علی کل شئی قدیر؟	بلی اعلم ان اللہ علی کل شئی قدیر
الیس اللہ باحکم الحاکمین؟	بلی اللہ احکم الحاکمین
الیس اللہ بکاف عبدہ؟	بلی اللہ کاف عبدہ
الم تعلم ان اللہ یری؟	بلی اعلم ان اللہ یری
الیس اللہ بقادر علی ان یحیی الموتی؟	بلی اللہ قادر علی ان یحیی الموتی
الم تر ان اللہ خلق السموات والارض بالحق؟	بلی ان اللہ خلق السموات والارض بالحق

۱۸ اکتوبر ۲۰۰۷ء بروز جمعرات اختتام پذیر ہوئی۔
فللّٰہ الحمد حمداً کثیراً طیبا مبارکا
امین کھوکھر
چک 68/12-B یزمان، بہاولپور